www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | بدھ 10 جمادی الاول 1446ھ 13 نومبر 2024ء صفحات 08 | شمارہ 136

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

آئینی بینچز کی تشکیل پیپلز پارٹی اور اتحادی جماعتوں کا تاریخی اقدام ہے، وزیراعلیٰ

کالعدم تنظیموں سے مذاکرات کا کوئی امکان نہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج یا سیکورٹی فورسز کی نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کی جنگ ہے آئندہ آنیوالی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لئے دہشت گردی کا خاتمہ ضروری ہے، میر سرفراز بگٹی

عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے وکلاء متحرک کردار ادا، دور افتادہ علاقوں میں عوام کی رہنمائی و معاونت کریں، بلوچستان میں گڈ گورننس کے قیام کے لئے کوشاں ہیں، پیپلز لائرز فورم کے وفد سے بات چیت

وزیراعلیٰ کی سربراہی میں پیپلز لائرز فورم کی فعالیت کے لئے خصوصی کمیٹی قائم، اراکین میں میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، بخت محمد کاکڑ اور سید اقبال شاہ سمیت پیپلز لائرز فورم کے چار نمائندے شامل

گذشتہ چند ماہ کے دوران صوبے میں شدت پسندی کی کارروائیوں میں تیزی دیکھی گئی کالعدم شدت پسند تنظیم نے متعدد حملوں میں پاکستانی فورسز کو نشانہ بنایا دوست اور دشمن کی پہچان مشکل ہوتی جارہی ہے

اسٹیشن حملے کی تحقیقات چند روز میں مکمل کر کے حملہ آور کے سہولت کاروں اور رابطہ کاروں کو گرفتار کر لیا جائے گا، سیکورٹی فورسز اس وقت گرے ایریا میں کام کر رہی ہیں، غیر ملکی خبر رساں ادارے سے گفتگو

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آئینی بینچز کی تشکیل پاکستان پیپلز پارٹی اور اتحادی جماعتوں کا تاریخی اقدام ہے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے وکلاء متحرک کردار ادا کریں اور دور افتادہ علاقوں میں عوام کی رہنمائی و معاونت کریں بلوچستان میں گڈ گورننس کے قیام کے لئے کوشاں ہیں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں فوجی آپریشن کے تاثر اور کالعدم تنظیم بی ایل اے سے مذاکرات کے امکان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دوست اور دشمن کی پہچان ناممکن ہوتی جارہی ہے صوبے میں سیکورٹی فورسز اس وقت گرے ایریا میں کام کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ہنگو میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی، ٹی ٹی پی کا اہم کمانڈر ہلاک

پولیس اڈیالہ جیل کے باہر سے اسد قیصر، شبلی فراز، عمر ایوب کو حراست میں لے رہی ہے

سپریم کورٹ میں 6 رکنی آئینی بینچ قائم، چیف جسٹس کی سربراہی میں 14 نومبر سے مقدمات کی سماعت کریگا

رواں ہفتے کیلئے آئینی مقدمات سماعت کیلئے مقرر، کمیٹی میٹنگ جسٹس جمال مندوخیل کے واپس آنے کا بعد بلائی گئی

پرانے زیر التوا مقدمات کو ترجیح دی جائے گی، رجسٹرار کو بینچ کے سامنے کیسز مقرر کرنے کی ہدایت کر دی گئی، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئینی بینچ کی جانب سے مقدمات سماعت کیلئے مقرر کرنے کا فیصلہ کر لیا، ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ میں آئینی بینچز 14 نومبر سے سماعت کا آغاز کریں گے آئینی بینچز کی ججز کمیٹی کا اجلاس ایک گھنٹہ جاری رہا، میٹنگ میں رواں ہفتے کیلئے آئینی مقدمات سماعت کیلئے مقرر کیے گئے، ذرائع کے مطابق کمیٹی میٹنگ جسٹس جمال مندوخیل کے واپس آنے کا بعد بلائی گئی جسٹس علی مظہر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف پاکستان کی میزبانی میں منعقدہ کلائمیٹ فنانس گول میز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

تیسری دنیا کے ممالک کو قرض نہیں ترقی پذیر ممالک کیلئے 6000 ارب ڈالر کی ضرورت ہے، وزیراعظم

ترقی یافتہ ملکوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے آگے آنا ہوگا، موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ترقی پذیر ممالک شدید مشکلات کا شکار ہیں

پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہوا ماضی قریب میں دو بڑے سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا جس کی بحالی کا سلسلہ ابھی بھی جاری ہے

عالمی برادری کی جانب سے کلائمیٹ فنانسنگ کے وعدوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، پاکستان کی میزبانی میں کلائمیٹ فنانس گول میز کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ ملکوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے آگے آنا ہوگا، ترقی پذیر ملکوں کو موسمیاتی چیلنج سے نمٹنے کیلئے ترقی یافتہ ملکوں کی مدد چاہئے، ترقی پذیر ممالک کو این ڈی سیز پر عملدرآمد کیلئے 2030 تک 6.8 ٹریلین...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پیپلز لائرز فورم کے عہدیداروں سے ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی 70 روپے فی لیٹر، ایل این جی کی درآمد پر سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ختم، ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے اضافی ریونیو اقدامات کا مطالبہ

پیٹرولیم لیوی سمیت 189 ارب کے نئے ٹیکس لگائیں

وفاق اور صوبے اخراجات کم کریں

آئی ایم ایف نے اپنی تجاویز وزیر خزانہ کو پیش کر دیں

آئی ایم ایف کے وفد کی مشن چیف نیتھن پورٹر کی قیادت میں وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات، 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام پر عمل درآمد میں اب تک ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال

وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف کو معاشی استحکام کے تسلسل کے لیے اصلاحات کا عمل جاری رکھنے کی یقین دہانی تجاویز ماننے کی صورت میں 16 نومبر سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کا امکان

پہلی سہ ماہی کے دوران ٹیکس مشینری نے ریٹیلرز، تھوک فروشوں اور ڈسٹری بیوٹرز سے 11 ارب روپے جمع کیے تاہم تاجر دوست اسکیم کے بارے میں توقعات پوری نہیں ہو سکیں، وزیر خزانہ نے وفد کو آگاہ کر دیا

منی بجٹ پیش کریں تاکہ ایف بی آر کو پہلے چار مہینوں میں ہونے والے 189 ارب روپے کے محصولات کے خسارے کو پورا کیا جا سکے یا غیر محدود اخراجات کو کم کرنے کا منصوبہ تیار کیا جائے، آئی ایم ایف

وفد 15 نومبر تک پاکستان میں قیام کرے گا، صوبوں میں زرعی آمدن ٹیکس بڑھانے پر بھی خصوصی سیشنز ہوں گے، وفد صوبائی حکومتوں سے بھی ملاقات کرے گا، توانائی اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

عمران خان سے ملنے گئے اسد قیصر، شبلی فراز، عمر ایوب جیل سے باہر گرفتاری کے بعد رہا

تمام رہنماؤں کو دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر حراست میں لیا، قانون کی عملداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ترجمان پولیس

اپوزیشن رہنماؤں کو جس طرح روکا گیا، وزیراعظم اور آئی جی پنجاب ذمہ دار ہیں، مقدمہ درج کرائیں گے، عمر ایوب و دیگر کی پریس کانفرنس

نادرا سے ڈیٹا چوری، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی نہ کیے جانے کا انکشاف

گلگت سے راولپنڈی جانیوالی باراتیوں کی بس دریا برد، 18 افراد جاں بحق

کوسٹر کا شتیال پل کے قریب حادثہ پیش آیا، دلہن سمیت متعدد زخمی، 4 خواتین سمیت 12 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں

وزیراعلیٰ گلگت حاجی گلبر خان کا حادثے پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو بڑا آئینی عہدہ دیے جانے کی تیاری

پی ٹی آئی رہنما شیخ وقاص اکرم کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے

گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر ملاقات کر رہے ہیں

3 سال میں 4 ہزار بھکاریوں کو پاکستان واپس بھیجا گیا، ڈی جی ایف آئی اے

ہماری طاقت انفرادی مفادات نہیں اجتماعی عمل میں ہے، گورنر بلوچستان

جلسے میں اسرائیلی جھنڈا لہرانے والا پٹواری تھا، جس میں دھونس اور ناجائز بھاہوس، علی امین گنڈاپور

سرکاری ریسٹ ہاؤسز کو تحویل میں لینے کا فیصلہ

الیکشن کمیشن کا رکن قومی اسمبلی عادل بازئی کی نااہلی ریفرنس پر فیصلہ محفوظ

پارلیمنٹ اب کرپشن کیسز ختم کرنے کیلئے نیب قوانین اور پراسیکیوشن کا نظام بدل دے، جسٹس منصور

چین اور پاکستان کا دوطرفہ فوجی تعاون بڑھانے پر اتفاق

لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم منیر سے چینی فوج کے جنرل ملاقات کر رہے ہیں

عدالت نے وومن ڈویلپمنٹ میں کرپشن ریفرنس چیئرمین نیب کو واپس بھیج دیا

شمالی غزہ میں حماس کے حملے، مزید 5 اسرائیلی فوجی ہلاک

اثاثہ جات کیس، علی امین گنڈاپور کے وکیل کو تیاری کیلئے مہلت مل گئی

پشاور پولیس لائنز دھماکے میں ملوث مرکزی ملزم اور سہولت کار گرفتار، ہشتگرد نے اعتراف جرم بھی کر لیا

عمران کی ہنگامی کال سے حکومت کو ریڈ الرٹ، گھر کی چھٹیاں کی گئی ہیں، انشااللہ

رواں سال 10 ماہ کے دوران 28 حادثات میں 73 کان کن جاں بحق ہو گئے

ڈاکو شاہد لنڈ کی سیدہ پولیس مقابلے میں ہلاکت کی ایف آئی آر درج

ایئرپورٹ پر خودکش حملہ کرنیوالا دہشتگرد 3 دن کراچی میں گھومتا رہا

سیکرٹری قبائل محکمہ خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اندرون بلوچستان فائرنگ کے واقعات، 3 سگے بھائیوں سمیت 5 ہلاک

دشت: مسافر کوچ موٹر سائیکل سوار کو بچاتے ہوئے الٹ گئی، 3 افراد جاں بحق، 30 زخمی

عدالت نے عمران خان کی لسٹ پر ملاقات کرانے کا حکم نامہ جاری کر دیا

قیدیوں سے سیاسی گفتگو پر فوری پابندی کی حکومتی درخواست مسترد

قائمہ کمیٹی میں ارکان کی بجلی چوری پر پولیس کو اختیارات دینے کی مخالفت

بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس فیصلے کیخلاف دوسری نظرثانی درخواست دائر

سیکیورٹی خدشات: پی بی 44 کوئٹہ میں ضمنی انتخابات کی تاریخ تبدیل

الیکشن کمیشن نے سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر حکومت بلوچستان کی درخواست پر تاریخ بدل دی، پی بی 44 کوئٹہ 16 پولنگ اسٹیشنز پر انتخابات 21 نومبر کی بجائے 12 دسمبر کو ہوں گے

سرمایہ کاری کے نام پر فراڈ، چیئرمین نیب و دیگر سے بیان حلفی طلب

کوئٹہ ایکسپریس کے قریب حادثے کا شکار ہونے والی مسافر کوچ کی تباہی کا منظر

کوئٹہ، جناح روڈ پر غلط پارک کی گئی گاڑی کو لفٹر کے ذریعے اٹھایا جا رہا ہے

صوبائی مشیر صنعت وحرفت میر علی حسن زہری کی قیادت میں میونسپل کارپوریشن چیئرمین بابو فیض محمد شیخ سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کے بعد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ وفد کے ہمراہ ملاقات میں پشتونخوامیپ کے رہنما عبدالرحیم زیارتوال کو 16 نومبر اے پی سی کی دعوت نامہ دے رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی سیکرٹری لال جان جعفر ملاقات کر رہے ہیں

ڈکی ہرنائی، چمالنگ اور شاہرگ میں آج دوسرے روز بھی ہڑتال رہی

ٹرک ٹرانسپورٹ کی ہڑتال کی وجہ سے دوسرے روز بھی کوئلے کی لوڈنگ نہ ہوسکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈکی ہرنائی، چمالنگ اور شاہرگ میں ٹرک ٹرانسپورٹ کی اپیل پر آج دوسرے روز بھی ہڑتال رہی۔ ٹرک ٹرانسپورٹ کی ہڑتال کی وجہ سے چاروں علاقوں سے آج دوسرے روز بھی کوئلے کی لوڈنگ نہ ہوسکی ہے۔ ہڑتال کے حوالے سے ٹرک ٹرانسپورٹ یونین ڈکی کا اجلاس ضلعی صدر رضا محمد ناصر کی زیر صدارت میں منعقد ہوا اجلاس کے بعد میڈیا ...

قلات لیویز کی کارروائی دوہرے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم گرفتار

قلات (آن لائن) قلات لیویز کی کارروائی دوہرے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم گرفتار، لیویز ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر قلات لیفٹیننٹ ریٹائرڈ بلال شبیر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی کی زیر نگرانی SHO قلات لیویز منیر احمد مینگل ایڈیشنل SHO علی احمد بیجارانی رسالدار علی احمد مینگل نائب رسالدار عبداللہ دس کا ...

شہید غازی عبداللہ خان کا یوم شہادت عقیدت واحترام سے منائیں گے

مرکزی سیمینار بلوچستان امن جرگہ ہال بلوچی اسٹریٹ میں منعقد ہوگا، اے کیو ایم

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ شہید غازی عبداللہ خان کی 183 ویں یوم شہادت 29 نومبر کو عقیدت واحترام سے منائیں گے ... مرکزی سیمینار بلوچستان امن جرگہ ہال بلوچی اسٹریٹ میں منعقد ہوگا ...

بارڈر بندش سے لاکھوں لوگ بے روزگار ہیں، عجب خان ناصر

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آل انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عجب خان ناصر کا بلوچستان کی سنگین مسائل پر جماعت اسلامی کی اعلان کردہ احتجاجی شیڈول کی مکمل حمایت کا اعلان ...

سائیں کمال شیرانی درخشاں ستارہ تھے جسکی کوئی نظیر نہیں ملتی، اسد خان اچکزئی

کاکوسمیکس میں گولڈ مڈلسٹ تھے اور سیاسی اور علمی حساب سے انتہائی قدآور انسان تھے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا لائرز فورم کے ایگزیکٹوز کا اجلاس سیکرٹری اسد خان اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں لائرز فورم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے سمیت 2 دسمبر کو برصغیر پاک وہند اور پشتونخوا وطن کی آزادی کے قافلے کے عظیم سالار خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 51 ویں برسی کی مناسبت سے ...

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان گرین پاکستان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، انڈیپنڈنٹ لائرز پینل کے اعزاز میں ہائیکورٹ بار روم میں دیئے گئے استقبالیہ سے اکرم شاہ ایڈووکیٹ، ہائیکورٹ کے صدارتی امیدوار میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

معروف قانون دان سید سلیم رضا ایڈووکیٹ نے تو منتخب صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن رؤف عطا کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ملک عنایت کاسی ایڈووکیٹ سے بلوچستان سروسز ٹریبونل کے سابق چیئرمین نصر اللہ ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ اریگیشن کے ملازم عبدالجبار بڑیچ رضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی شالدرہ حاجی تیمی روڈ منشی جمعہ خان سٹریٹ یونٹ کے رکن اور محکمہ اریگیشن کے ملازم عبدالجبار بڑیچ حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے رضائے الٰہی کوچ کر گئے وہ مرحوم حاجی عبدالخالق بڑیچ کے فرزند حارث خان بڑیچ اور حاشر خان بڑیچ کے والد اور مرحوم منشی جمعہ خان بڑیچ کے بھتیجے، بی اینڈ ڈبلیو کے ملازم عبدالولی بڑیچ اور پشتونخوامیپ شالدرہ علاقائی معاون سیکرٹری وداں خان بڑیچ، قاھر خان بڑیچ کے بڑے بھائی اور حاجی عبدالرزاق بڑیچ، مفتی عبدالرؤف بڑیچ، حاجی عبدالظاھر بڑیچ، عبدالواحد بڑیچ اور حاجی عبدالصمد بڑیچ کے چچازاد بھائی، کاکا پامیر اور پشتونخوامیپ کے صوبائی کمیٹی کے رکن صادق زلاند کے بھانجے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں، مرحوم کے روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی حاجی تیمی روڈ منشی جمعہ خان سٹریٹ کے جامع مسجد ہوگی۔

امریکہ اور یورپ مسلمانوں کے ازلی دشمن ہیں، مولانا محمد شفیق دولتزئی

پاکستان میں کچھ پارٹیاں اور لوگ ٹرمپ کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے امریکی صدارتی انتخابات میں ٹرمپ کی کامیابی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کی کامیابی سے مسلمانوں کو ہرگز خوشی نہیں ہے چونکہ یہ تسلیم شدہ ہے کہ امریکہ اور یورپ مسلمانوں کے ازلی دشمنوں میں سرفہرست ہے چونکہ بیت المقدس پر اسرائیل کے قبضہ بلکہ حالیہ اسرائیل کے لاکھوں فلسطینیوں کی شہادتیں اور زخمی، بے گھر ہونے اور مقبوضہ کشمیر میں کشمیریوں کے قتل عام اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی حیثیت کے خاتمہ میں امریکہ براہ راست شامل ہے مگر پاکستان میں کچھ پارٹیاں اور لوگ ٹرمپ کی کامیابی پر خوشی مسرت کا اظہار کر رہے ہیں وہ یہ ثابت کر رہے ہیں کہ وہ امریکی ایجنٹ ہیں بلکہ اقتدار سے محروم پارٹیاں دوبارہ اقتدار کے حصول کیلئے ٹرمپ کی کامیابی کیلئے خوشیاں منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ، برطانیہ، ہندوستان دنیا بھر کے مسلم ممالک سمیت پاکستان کے ازلی دشمن ہیں۔

یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن ملک کی بڑی کی تنظیم بن چکی ہے، علی بخش جمالی

محنت کشوں کے مسائل کو باہمی گفت وشنید کے ذریعے حل کرنے کے خواہاں ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کا پہلا تعارفی اجلاس صوبائی دفتر میں منعقد ہوا، جس کی صدارت صوبائی صدر علی بخش جمالی نے کی۔ اجلاس کی کارروائی جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے چلائی، جس میں چیف آرگنائزر شمس خلجی، سینئر نائب صدر علی محمد ترین، ملک سعید جان لہڑی، سید اسلام شاہ، محمد زمان، عزیز احمد سارنگزئی، اقبال بادینی، اللہ بخش کرد، نظام الدین، مشتاق حسین، ارشد عباس ڈار، اختر محمد زہری، نوروز خان، نعمت اللہ خان اور حاجی عبدالمجید نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر علی بخش جمالی اور جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے کہا کہ ملکی سطح پر 10 فیڈریشنز کے انضمام کے بعد یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن ملک کی سب سے بڑی محنت کشوں کی نمائندہ تنظیم بن چکی ہے۔ ہم اتحاد وحدت کے داعی ہیں اور محنت کشوں کے مسائل کو باہمی گفت وشنید کے ذریعے حل کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے واسا ملازمین کے 25 فیصد ایڈہاک کی فوری ادائیگی اور دیگر مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ واسا ملازمین کے مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرے۔ کم از کم اجرت کے قانون پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور ورکر ویلفیئر بورڈ محنت کشوں کے مسائل حل کرنے میں ناکام رہے ورکر ویلفیئر میں بورڈ محنت کشوں جائز مسائل کو حل کروانے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا عنقریب انڈسٹریل زون حب کا دورہ کریں گے وہاں کے محنت کشوں کے مسائل کنٹریکٹ ملازمین، سوشل سیکورٹی اور دیگر مسائل کے حل کیلئے لائحہ عمل ترتیب دیا جائے گا۔

المروان ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے ویل چیئرز فراہم کی گئیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) المروان ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے ضلع زیارت بلوچستان کے گاؤں کلی زڑگی میں معذور افراد کو ویل چیئرز فراہم کی گئیں۔ معذور افراد میں بوڑھے جوان اور خواتین شامل ہیں۔ المروان ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے راٹنز گلگد کے مرکزی صدر عبدالغنی شہزاد، سید آغا ظفر، مفتی احسان الحق، ڈاکٹر شاکر احمد خان، محمد آیاز سارنگزئی نے تقریب تقسیم میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عبدالغنی شہزاد محمد آیاز سارنگزئی اور دیگر نے کہا کہ المروان ویلفیئر فاؤنڈیشن کی دکھی انسانیت کے لیے خدمات قابل ستائش ہیں، بلوچستان کے پسماندہ علاقے کے غریب عوام کا خیال رکھنا انسانیت اور اسلامی تعلیمات کی روشن مثال ہے، اس موقع پر معذور افراد اور کلی زڑگی کے عوام نے المروان ویلفیئر فاؤنڈیشن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کی کامیابی کے لیے شیخ مولانا محمد ایوب سے خصوصی دعا کرائی گئی۔

لورالائی، پرنسپل گرلز کالج زینت رحمن، فرزند ایم پی اے محمد افضل خان، پرنسپل بی آر سی داد محمد و دیگر امنگی کریشن ڈے کے حوالے سے طلبا وطالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

دیال باغ کا سی افیڈر پر لوڈشیڈنگ کا شیڈول تبدیل کرنیکا مطالبہ

واسا نے علاقے کو پانی کی فراہمی کے اوقات شام 6 سے 7 بجے رکھے ہیں

کوئٹہ (پ ر) انجمن اتحاد نوجوانان دیال باغ کوئٹہ نے اپنے بیان میں وفاقی وزیر پانی وبجلی اویس لغاری سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدادار کاسی افیڈر سے شام 6 سے 7 بجے تک لوڈشیڈنگ کا ظالمانہ شیڈول فوراً تبدیل کیا جائے۔ ہم چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کوئٹہ سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ کوئٹہ کے عوام کیلئے تکالیف کی ایک لمبی فہرست ہے۔ خدادار اس غریب، بے بس، لا وارث عوام پر رحم کیا جائے۔ واسا کوئٹہ نے دیال باغ کا سی اے پانی کے اوقات شام 6 سے 7 بجے تک دیئے ہیں۔ اس دوران جو نہی پانی آنے کا وقت ہوتا ہے کیسکو کوئٹہ حکام اس دوران کاسی ا کی بجلی بند کر دیتے ہیں اور جب بجلی آتی ہے تو پانی کا دورانیہ ختم ہو جاتا ہے۔ اس مہنگائی میں ملازم پیشہ مزدور طبقہ مجبور و بے بس 3000 روپے میں پانی کا ٹینکر خریدنے کی سکت نہیں رکھتے۔ مجبوراً علاقے کے بچے، بوڑھے، دور دراز علاقوں میں جا کر اپنے لئے رکشوں، گدھا گاڑیوں اور ہتھ رکشہ میں پانی کراتے ہیں۔ بلوچستان کے سرد علاقوں میں سالانہ امتحانات 2024 کا شیڈول بھی آ چکا ہے۔ علاقے کے بچے پڑھائی پر توجہ دینے سے قاصر ہیں۔ ہم وفاقی وزیر پانی وبجلی جناب اویس احمد لغاری صاحب اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کوئٹہ سے ہمدردانہ اپیل کرتے ہیں کہ کاسی ا اور کاسی II افیڈروں پر شام 6 بجے سے شام 7 بجے تک کاسی I اور کاسی II افیڈروں پر لوڈشیڈنگ نہ کی جائے۔ لوڈشیڈنگ کرنا ایک لازمی امر ہے۔ آپ 24 گھنٹے میں سے دو تین مرتبہ مختلف اوقات میں لوڈشیڈنگ کر سکتے ہیں۔ آخر میں ایم ڈی واسا کوئٹہ رانا صاحب سے اپیل کرتے ہیں کہ دیال باغ کے علاقہ میں پانی کا دورانیہ مکمل ایک گھنٹہ کیا جائے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کا 57 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو منایا جائے گا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل وسیکرٹری آرگنائزنگ کمیٹی بلوچ صابر بلوچ نے بلوچستان کے تمام ضلعی صدور کو ہدایت کی ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین محترم بلاول بھٹو زرداری کے حکم کے مطابق پارٹی کا 57 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو تمام اضلاع میں منایا جائے جس سے بوقت 5 بجے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ویڈیو لنک کے ذریعے تمام اضلاع سے بیک وقت خطاب کریں گے لہٰذا تمام ضلعی صدور متعلقہ اضلاع میں یوم تاسیس کی بھرپور تیاری کرے اور 30 نومبر کو شاندار پروگرام منعقد کروائیں۔

بلوچستان کے امن کو سازش کے تحت خراب کیا جا رہا ہے، زرک مندوخیل

حکومت ترقیاتی کا عمل تیز کرنے کیلئے سنجیدگی سے کوشش کر رہی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی، عوام کو سہولیات اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کیلئے صوبائی حکومت سنجیدگی کے ساتھ کوشش کر رہی ہے اور وزیراعلیٰ کا وژن بھی یہی ہے کہ صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سازش کے تحت ایک بار پھر امن وامان کے حالات خراب کرنے کیلئے یکے بعد دیگرے واقعات رونما ہوتے ہیں لیکن صوبائی حکومت اپنا رٹ سیکورٹی اداروں کے ساتھ ملکر برقرار رکھیں گے اور وہ لوگ جو اس خطے کے دشمن ہے یا حالات خراب کرتے ہیں ان کے خلاف بھرپور کارروائی کرینگے اور حکومتی رٹ کو بحال کرینگے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ ہے اور رہے گا کچھ عناصر اس حوالے سے جو بھی اقدامات کریں یا سازش کریں ان کو ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔

کوئٹہ، پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے پہلے تعارفی اجلاس کی صدارت علی بخش جمالی کر رہے ہیں

مدارس کے تحفظ پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، مولانا محمد طاہر توحیدی

مدرسہ اسلامیہ لبنات مریم کے سیل کے حوالے سے سخت تشویش پائی جاتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریکسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جتک نے مدرسہ اسلامیہ لبنات مریم کلی چلتن ریکسانی ہزار گنجی کے بندش اور انتقال کے آڑ میں مقامی لوگوں کے گھروں پر چھاپے کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون تیغ سے ان کے دفتر جمعیت علماء اسلام کے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی نے اسسٹنٹ کمشنر سریاب کو جمعیت علمائے اسلام کی موقف سے آگاہ کر دیا وفد میں یونٹ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی دین محمد رکن شوریٰ مولانا خلیل احمد مولانا مفتی محمد میں شامل تھے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریکسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی نے اسسٹنٹ کمشنر سریاب کو صورتحال سے آگاہ کیا اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب پر واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام مدارس کے تحفظ پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔

ڈپٹی کمشنر واشک کو تبدیل کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر واشک کو تبدیل کر دیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر واشک محمد قسیم کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے منیر احمد درانی کو ڈپٹی کمشنر واشک تعینات کر دیا گیا۔

محمد حسن عمرانی انتقال کر گئے

قلات (یو این اے) محمد حسن ولد محمد عمرانی انتقال کر گئے وہ ثناء اللہ عمرانی امان اللہ عمرانی عنایت اللہ عمرانی کے والد احمد خان عمرانی محمد عمر عمرانی مرحوم حاجی ابوبکر عمرانی کے بڑے بھائی، حافظ سعید احمد عمرانی ریاض احمد عمرانی فضل الرحمان عمرانی طاہر عمرانی کے چچا تھے نماز جنازہ کپوتو آ خرک میں ادا کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی گلی بیگار کپوتو میں ہوگی

محکمہ جنگلات کی زمینوں پر قبضہ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سرکاری زمینیں واگزار کروانے کیلئے حکمت عملی، قبضہ مافیا کو نوٹسز جاری کئے گئے

ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ کوئٹہ ریاض احمد دیوار ودیگر افسران کا سنزل روڈ فیروز آباد کا دورہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) محکمہ جنگلات کی زمینوں پر قبضہ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سنزل روڈ گلی فیروز آباد میں گندے نالے کے دونوں اطراف میں جنگلات کے ہزاروں فٹ سرکاری زمینوں کا قبضہ لینڈ ... زمینوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر اے سی سریاب ماریہ شمعون کے جانب سے زمینوں پر ناجائز قبضوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا جبکہ سرکاری زمینیں واگزار کروانے کیلئے حکمت عملی پر غور کرتے ہوئے تمام قبضہ مافیا کو نوٹس ...

اشتہار برائے بھرتی کنٹریکٹ ملازمین واک ان انٹرویو

محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے نوٹیفکیشن نمبر US-II(H) 1164-1200/17-10-2023 مورخہ 27-05-2024 کے احکامات کے تحت محکمہ صحت ضلع قلات کے مختلف آسامیاں سکیل 01 تا 09 تک مشتہر کی جاتی ہیں جو ایک سال کی کنٹریکٹ کی بنیاد پر درج ذیل آسامیاں پر کرنے کیلئے ضلع قلات کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے واک ان انٹرویو درج ذیل شیڈول کے مطابق ضلعی ناظم صحت قلات کے دفتر میں صبح 9 بجے سے دن 4 بجے تک ہونگے دیر سے آنے والے امیدواروں کو انٹرویو میں شامل نہیں کیا جائیگا (نیز تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مورخہ 12-11-2024 تا 19-11-2024 دفتر ضلعی ناظم صحت قلات میں درخواست جمع کروائیں۔

تاریخ انٹرویو	تعداد	نام آسامی	نمبر شمار
20-11-2024	10	ویکسینیٹر گریڈ 05 (کنٹریکٹ)	1
20-11-2024	02	ڈائیلاسز ٹیکنیشن گریڈ 09	2
21-11-2024	01	ڈیٹا انٹری آپریٹر گریڈ 09	3
21-11-2024	01	اکاؤنٹ سپروائزر گریڈ 07	4

شرائط: (1) عمر کی حد 18 سال سے 43 سال ہوگی (2) انٹرویو کے دوران ہر امیدوار اپنی اصل دستاویزات کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی قلات کے روبرو پیش ہونا ہوگا (3) ٹیکنیکل آسامیوں کیلئے آنے والے امیدواروں کو متعلقہ ادارے سے تعلیمی سرٹیفکیٹ/ڈپلومہ کے تصدیق کے بعد تقرری کے احکامات جاری کئے جائیں گے (4) تمام آسامیاں ایک سال عارضی بنیادوں پر ہوں گی جو کہ متعلقہ امیدوار کے کارکردگی کی بنیاد پر توسیع دی جائیگی اور ناقابل ٹرانسفر ہوں گے اور تعینات شدہ امیدوار کو بغیر نوٹس کے کسی بھی وقت نوکری سے برخاست کیا جا سکتا ہے اور امیدوار کسی بھی معزز عدالت بشمول ادارے میں کیس دائر کرنے کے مستحق نہیں ہونگے (5) انٹرویو پر آنے والے کسی امیدوار کو TA/DA نہیں دیا جائیگا (6) مشتہر شدہ آسامیوں میں کمی بیشی کا محکمہ حقدار ہوگا۔

ضلعی ناظم صحت قلات

PRQ No 1919/12-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام بابت داخلہ درجہ ہفتم (دسویں انٹری) برائے تعلیمی سال 2025ء

بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب کا شمار صوبے کے صف اول کے اداروں میں ہوتا ہے۔ پچھلے تین سالوں میں ادارے کے بہترین نتائج اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بی آر سی ژوب آج والدین کا با اعتماد ادارہ ہے۔ ادارہ ہذا میں درجہ ہفتم میں تعلیمی سال 2025 کیلئے داخلے کا آغاز ہو چکا ہے۔ داخلے کے سلسلے میں چند ضروری تفصیلات درج ذیل ہیں (1) 28 فروری 2025 کو عمر کی کم از کم حد گیارہ (11) سال اور زیادہ سے زیادہ تیرہ (13) سال ہے۔ یعنی طالبعلم کی تاریخ پیدائش یکم مارچ 2012 اور 28 فروری 2014 کے درمیان میں ہونی چاہیے۔ والدین فارم لینے سے پہلے عمر کی تصدیق ضرور کرلیں تاکہ بعد میں پریشانی نہ ہو ...

(Syllabus) 2024 ... CMH ... (Sulaimanians%) ... BRC ZHOB% ... 0079-0010037615170016 ... (Postal Address Slip) ...

0315-8074642 ... Email:brcz2016@gmail.com

پرنسپل بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب

PRQ No 1917/12-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

GOVERNMENT OF PAKISTAN

MINISTRY OF COMMERCE

عزم استحکام

APPLICATIONS ARE INVITED TO FILL FOLLOWING PROJECT POSITIONS IN THE MINISTRY OF COMMERCE, ISLAMABAD

Sr.	Name of Post	No. of Posts	Qualification /Experience	Contract Duration	Salary	Age
1.	e-Commerce Expert	01	Master's/Bachelors in Business Administration, e-Commerce, Digital Trade, Supply Change Management, Digital Marketing or related fields (16 years of education from HEC recognized university with Minimum 7 years of E-Commerce field related experience post qualification.	02 years	Rs. 400,000	25-55 year

1. The Ministry reserves the right to cancel the recruitment process at any stage without assigning any reason and increase or decrease the number of positions as per vacancy under the rules.
2. Job Description/TORs against each post can be seen on the Ministry's website i.e. www.commerce.gov.pk.
3. Application Form can be filled-in directly through the application portal available on the website of the Ministry of Commerce (https://careers.commerce.gov.pk/recruitment2024).
4. Application on the prescribed format shall be submitted only through "Online Application Form" available at MoC's Job Portal within 15 days from the date of advertisement.
5. Attested copy of CNIC, detailed CV along with the Printout of Online submitted Application Form MUST reach the following address, either by Pakistan Post or any other courier service.
6. Only short-listed candidates will be called for interview. No TA/DA will be admissible for appearing in the interview.
7. Incomplete application or application received after the deadline will be rejected.
8. Concealing the facts and any direct or indirect pressure for appointment would lead to be disqualification of the candidates. If any candidate found ineligible he/she will be disqualified at any stage of the recruitment process even after the appointment.

Section Officer (HR-I)
Ministry of Commerce, Room No. 521, A-Block,
Pak-Secretariat, Islamabad.
Phone: +92 51 9201011 Fax: +92 51 9205241

PID (I) 3215/24

NOTICE INVITING TENDER

The Director Agriculture (Oilseed) / Project In-charge " Seed Production, Multiplication and Certification Program in Balochistan" invites bids from Eligible Bidders for supply of following items.

Bid Security 2%

Name of work	E/Cost
Purchase / Supply of Vegetable Seeds (Pea, Okra & Carrot). **TSE-242511588331**	8.243 M

Only Electronic Bid will be Submitted. No physical Bid is Required. Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 6,000,000 in Previous 3 years. Turnover of at least 6,000,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years. Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan. J.V is permissible. Submission of the required bid security in case the bid security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as ineligible and non-responsive. Tender Document Fee of Rs. 1000/- Company Identification. Registration with FSC&RD. Complete Literature, Broachers etc of the Proposed type of Seeds. Power of Attorney for Authorized Representative (in case of each consortium for each member of the consortium) **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **28th November, 2024** till **10:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **11:00 AM on EPPS System.**

Address: Quetta. **Phone no:** 0812447449
Email: haq.islam@yahoo.com

AB No.483/12-11-2024

DIRECTOR/PROJECT INCHARGE AGRICULTURE EXTENSION (OILSEED) BALOCHISTAN QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پاکستان ائیر فورس بیس سمنگلی کوئٹہ

ٹینڈر نوٹس

پاکستان ائیر فورس بیس سمنگلی کوئٹہ کو ایسے ٹھیکیداروں کی ضرورت ہے جو بیس مونٹیسری سکول، مجاہدہ سکول اور فضائیہ کالج سمنگلی میں کنسٹرکشن کا کام کروانے کے خواہشمند ہوں۔ خواہشمند حضرات ٹینڈر فارم آفیسر انچارج ایجوکیشن اسکواڈرن پی اے ایف بیس سمنگلی سے بذریعہ ڈاک حاصل کر سکتے ہیں۔ خواہشمند حضرات 07 دن کے اندر اندر درخواست جمع کرا سکتے ہیں پی اے ایف بیس سمنگلی تکنیکی وجوہات کی بناء پر کسی بھی ٹینڈر کو مسترد کر سکتا ہے۔

آفیسر انچارج ایجوکیشن اسکواڈرن پی اے ایف بیس سمنگلی
رابطہ نمبر 0819505433

EXTENSION IN BID OPENING

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **AB No.463/06-11-2024** for the work of **"Industrial Manufacturing and Processing Machinery and Accessories (Total Item(s) Count: 2)** Moreover, the date of submission of documents is hereby extended upto 29-11-2024 at 12:00 PM and tender opening on the same date at 01:00 PM. The other terms and conditions will remain same.

AB No.484/12-11-2024

**Chief Officer
Municipal Committee
Killa Saifullah**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وزارت مذہبی امور کا انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا سے فحش مواد ہٹانے کیلئے پی ٹی اے کو خط

پاکستان کا شمار سب سے زیادہ فحش مواد دیکھنے والے ممالک کی فہرست میں، جو انتہائی خطرناک ہے، اس طرح کے فحش مواد کے سوشل میڈیا پر موجودگی کے معاشرے پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں

اس طرح کا مواد پاکستان کی مجموعی مشرقی، مذہبی و سماجی روایات کے یکسر منافی ہے، لہٰذا پی ٹی اے ایسے مواد کو ان پلیٹ فارم سے فوری ہٹانے کے اقدامات کرے، وزارت مذہبی امور خط کا متن

اسلام آباد (م ڈ) وزارت مذہبی امور نے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا سے فحش مواد ہٹانے کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کا شمار سب سے زیادہ فحش مواد دیکھنے والے ممالک کی فہرست میں آتا ہے، جو انتہائی خطرناک ہے۔ اس طرح کے فحش مواد کے سوشل میڈیا پر موجودگی کے معاشرے پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ خط کے متن کے مطابق سپریم کورٹ کے جنوری 2016، مئی 2016 اور مارچ 2018 کے احکامات کی روشنی میں پی ٹی اے نے ایسے مواد کو ہٹانے کے اقدامات کیے ہیں، لیکن اس کے باوجود مشاہدہ کیا گیا ہے کہ فحش اور توہین مذہب پر مبنی مواد اب بھی متعدد آن لائن پلیٹ فارم پر قابل رسائی ہے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ اس طرح کے فحش مواد کے سوشل میڈیا پر موجودگی کے معاشرے پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، اور اس طرح کے مواد کا اثر عام انسانوں خصوصاً نئی نسل پر بہت برا پڑ رہا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق اس طرح کا مواد پاکستان کی مجموعی مشرقی، مذہبی و سماجی روایات کے یکسر منافی ہے، لہٰذا پی ٹی اے ایسے مواد کو ان پلیٹ فارم سے فوری ہٹانے کے اقدامات کرے۔ واضح رہے کہ جولائی 2020 میں سپریم کورٹ کی جانب سے یوٹیوب اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر 'قابل اعتراض مواد' کا نوٹس لینے کے بعد پی ٹی اے نے انٹرنیٹ پرووائیڈرز کو ہدایت کی تھی کہ وہ یقینی بنائیں کہ صارفین کو 'غیر اخلاقی یا غیر قانونی' مواد تک رسائی نہ ہو۔ پی ٹی اے نے کہا تھا کہ انہیں معلوم ہوا ہے کہ غیر اخلاقی مواد کا ایک بڑا حجم کانٹینٹ ڈیلیوری نیٹ ورکس (سی ڈی اینز) کے ذریعے فراہم کیا جارہا ہے۔

متحدہ عرب امارات میں بارش اور سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا

ابوظہبی (م ڈ) متحدہ عرب امارات میں مستقبل میں بارش اور سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا۔ اماراتی اخبار کی رپورٹ کے مطابق ماہرین نے پیش گوئی کی ہے کہ متحدہ عرب امارات میں بارشوں کی شرح میں 30 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں درجہ حرارت میں 1.7 ڈگری سینٹی گریڈ کا اضافہ ہوسکتا ہے، درجہ حرارت میں اضافے سے طوفانی بارشیں، سیلاب، اولے اور بجلی گرنے کے واقعات پیش آسکتے ہیں۔ اماراتی نیشنل سینٹر آف میٹرولوجی کے مطابق بارشوں میں اضافہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہوا ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

سرکاری ملازمین کو درپیش مسائل کا ازالہ کریں گے، کمشنر لورالائی

ملازمین کسی بھی سرکاری محکمہ میں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ان کے بغیر دفتری امور چلانا ناممکن ہوتا ہے

ملازمین عوام کی خدمت کو اپنا فریضہ سمجھیں کہ انھیں تنخواہ پروموشن اور دیگر مراعات اسی لئے دی جاتی ہیں، سعادت حسن

لورالائی (این این آئی) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن اور ایم پی اے حاجی محمد خان طور اتمانخیل کے فرزند افضل خان اتمانخیل نے نئے تعینات ہونے ملازمین میں تقرر نامے تقسیم کئے۔ اس موقع پر کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کسی بھی سرکاری محکمہ میں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ان کے بغیر دفتری امور چلانا ناممکن ہوتا ہے حکومت انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو ملازم کسی بھی عہدے پر فائز ہیں وہ عوام کی خدمت کو اپنا فریضہ سمجھیں کہ انھیں تنخواہ پروموشن اور دیگر مراعات اسی لئے دی جاتی ہیں تاکہ وہ عوام کی خدمت کریں کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے کہا کہ تمام نئے تعینات ہونیوالے ہونے والے ملازمین ایک نئے جذبے سے سرکاری امور کی انجام دہی شروع کریں جس سے ان کی روزی میں برکت ہوگی اور لوگ بھی انھیں اچھی کارکردگی سے یاد کریں گے۔ ایم پی اے لورالائی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کے فرزند نے تمام نئے تعینات ہونیوالے ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سرکاری ملازمین کی ترقی ان کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہوتی ہے، اور یہ ایک بہترین موقع ہوتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو مزید بہتر طریقے سے نبھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو کے شعبے میں نئے بھرتی ہونے تمام سٹاف کا کردار انتہائی اہم ہے، اور ان کی محنت سے اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی اور لیڈر شپ ہمیشہ ملازمین کے حقوق کی پاسداری اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل رہی ہے۔

بے جا قانون سازی کرنے کی بجائے 1973 کے آئین پر مکمل عملدرآمد کریں، سکندر ایڈووکیٹ

پارٹی سربراہ مولانا فضل الرحمن اس حوالے جلد اہم اجلاس طلب کر کے ملک کی موجودہ صورتحال پر لائحہ عمل عوام کے سامنے لائینگے، رہنما جمعیت

جے یو آئی ایک پرامن اور مذہبی جماعت ہے جس نے ہمیشہ اس ملک کی سربلندی، اداروں کا احترام اور عوام کی رائے کو عزت دینے کی کوشش کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جمہوریت کی بحالی اور عوام کی رائے کو احترام دینے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم بے جا قانون سازی کرنے کی بجائے 1973 کے آئین پر مکمل عملدرآمد کریں اور عوام کو یہ اختیار دیں کہ وہ کس کو کامیاب کرتے ہیں اور کس کو ووٹ دیں پارٹی سربراہ مولانا فضل الرحمن اس حوالے جلد اہم اجلاس طلب کر کے ملک کی موجودہ صورتحال پر لائحہ عمل عوام کے سامنے لائینگے یہ بات انہوں نے پارٹی کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک پرامن اور مذہبی جماعت ہے جس نے ہمیشہ اس ملک کی سربلندی اداروں کا احترام اور عوام کی رائے کو عزت دینے کی کوشش کی ہے اور آنے والے وقت میں بھی کرینگے کیونکہ جب تک عوام خود مختار نہیں ہونگے اس وقت تک جمہوریت کامیاب نہیں ہوسکتے جب تک جمہوریت مضبوط نہ ہو ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے اور نہ ہی اداروں کی وہ حیثیت ہوگا جو اسکو دینا ہے انہوں نے کہا کہ جمہوریت کی بحالی اور عوام کی رائے کو احترام دینے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم بے جا قانون سازی کرنے کی بجائے 1973 کے آئین پر مکمل عملدرآمد کریں

کوئٹہ ترقیاتی پیکیج ناکام اور کرپشن کا ذریعہ ہے، سید صادق آغا

شہر مکمل کھنڈرات میں تبدیل، سیاسی جماعتوں نے بھی مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے

ائیرپورٹ روڈ سے وزیر اعلیٰ ہاؤس تک سڑک کی تعمیر اور خوبصورتی کی باتیں ہورہی ہیں شہر کا کیا ہوگا

کوئٹہ (این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق صوبائی سینئر نائب صدر اور ... پول کھول دی۔ حیرت انگیز بات ہے کہ اتنے بڑے روڈ پر بارش کے پانی کی نکاسی کا کوئی انتظام نظر ... انہوں نے کہا کہ ایک سال کے اندر تکمیل کے ٹارگٹ والے کوئٹہ ترقیاتی پیکیج کو چار سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے۔ شہر مکمل طور پر کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اور اس کے باوجود ایئرپورٹ روڈ سے وزیر اعلیٰ ہاؤس تک روڈ بنانے اور خوبصورتی کی باتیں ہو رہی ہیں۔ ... کے نام پر عوام کو دھوکہ دیا گیا۔ ترقیاتی پیکیج کے نام پر پورا شہر کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ناکام پیکیج کے تحت سریاب روڈ کی توسیع کی گئی۔ حالیہ بارشوں نے اس مین شاہراہ کی تعمیر میں ناقص میٹریل کے استعمال اور غلط پلاننگ کی ...

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف بحریہ یونیورسٹی کے اسٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسموگ سے ڈھائی لاکھ اموات کا خدشہ ہے، احسن اقبال

اسموگ معاشی ایمرجنسی بھی ہے، اس سے قومی سطح پر یکجا ہوکر اپنے تمام وسائل جھونک کر نمٹنا ہوگا، یہ مسئلہ ہمارا خود کا پیدا کردہ ہے، اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے جنگی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے

حکومت پنجاب نے اسموگ کنٹرول کرنے کے لیے آئندہ برس سے نومبر، دسمبر، جنوری میں شادیاں رکھنے سے روکنے کی پالیسی پر کام شروع کردیا، لاہور ہائی کورٹ کی حکومت کو 10 سالہ پالیسی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اسموگ کو سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے 2 لاکھ 50 ہزار قبل از وقت اموات کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور اور ملتان میں خاص طور پر اسموگ کی صورتحال انتہائی پریشان کن ہے، صوبائی دارالحکومت کئی روز سے دنیا کا آلودہ ترین شہر ہے۔ لاہور اور ملتان کا ایئر کوالٹی انڈیکس بالترتیب 788 اور 698 ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے صحت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ اسلام آباد میں اسموگ اور فضائی آلودگی کے حوالے سے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ یہ مسئلہ ہمارا خود کا پیدا کردہ ہے، اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے جنگی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ احسن اقبال نے اسموگ سے قبل از وقت ڈھائی لاکھ اموات اور بچوں کی زندگی متاثر ہونے کا خدشہ بھی ظاہر کیا، احسن اقبال نے واضح کیا کہ اسموگ معاشی ایمرجنسی بھی ہے، اس سے قومی سطح پر یکجا ہوکر اپنے تمام وسائل جھونک کر نمٹنا ہوگا۔ یاد رہے کہ پنجاب شدید فضائی آلودگی کی صورتحال برقرار ہے، آج صبح ایئر کوالٹی انڈیکس میں لاہور تقریباً 700 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا تھا جب کہ پاکستان میں پشاور دوسرے اور اسلام آباد تیسرے نمبر پر تھا۔ فضائی آلودگی بڑھنے کے پیش نظر صوبے کے مختلف اضلاع میں 17 نومبر تک اسکولز بند کردیے گئے ہیں جب کہ 12 ویں جماعت تک تمام اسکولوں میں تدریسی عمل آن لائن ہوگا۔ ادھر محکمہ ماحولیات نے صوبے کے تمام سرکاری اور نیم سرکاری محکموں کو اسموگ کا ہنگامی پلان مرتب کرنے کا حکم دیا تھا جس کے تحت 50 فیصد عملہ دفاتروں میں کار پولنگ کے ذریعے آئے گا اور 50 فیصد عملے کو ورک فرام ہوم کرنا ہوگا جب کہ تمام میٹنگ آن لائن یا زوم پر کی جائیں گی۔ آج لاہور ہائی کورٹ نے حکومت کو اسموگ سے نمٹنے کے لیے 10 سالہ پالیسی بنانے کے لیے اقدامات کی ہدایت کردی

تحفظ فراہم نہ کیا گیا تو پورے صوبے میں احتجاج کا دائرہ وسیع کرینگے، نور احمد کاکڑ

آئے روز کوئلہ کے ٹرک جلانے کے واقعات رونما ہو رہے ہیں، ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں

14 نومبر کو کوئٹہ ژوب ہائی وے اور کوئٹہ لورالائی ہائی وے پر پہیہ جام ہڑتال ہوگی، مرکزی صدر ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ سے حاجی علاؤ الدین کی قیادت میں ٹرک مالکان عبدالنبی عبدالجبار غفار خان الٰہی عمر حاجی شہباز لالا حاجی غفور و دیگر ٹرک مالکان نے ملاقات کرتے ہوئے بلوچستان کے شاہراہوں پر آئے روز ٹرکوں کو جلانے کے واقعات ٹرانسپورٹروں کے تشویش سے آگاہ کیا اور ٹرانسپورٹروں کی جانب سے آئندہ کے لائحہ عمل پر آگاہی حاصل کی اس موقع پر مرکزی ٹرانسپورٹ صدر نے ٹرک مالکان سے کہا کہ شاہراہوں پر کوئلہ اور دیگر معدنیات کے ٹرک جلانے کے خلاف تمام صوبے کے ٹرانسپورٹروں نے فیصلہ کیا ہے کہ احتجاجاً کوئلہ و دیگر معدنیات کی ترسیل ٹرکوں کے ذریعے مکمل طور پر ہرنائی شاہرگ کوسٹ ڈکی اور چمالنگ سے مکمل طور پر بند ہوگی اور 14 نومبر کو کوئٹہ ژوب ہائی وے اور کوئٹہ لورالائی ہائی وے پر پہیہ جام ہڑتال ہوگا اور اگر حکومت نے اس کے باوجود ٹرانسپورٹروں کے مطالبات تسلیم نہیں مانے تو یہ احتجاج پوری صوبے میں پھیلائیں گے اس وقت صوبہ بلوچستان میں تمام ہائی ویز پر لاقانونیت کی انتہا ہے ٹرک مالکان کے لیے کارگو سپلائی جاری رکھنا مشکل ہوگیا ہے تو لہٰذا صوبے کے تمام ٹرک مالکان کوئلے کی سپلائی سے گریز کرے اور 14 نومبر کو صوبے کے ان دو شاہراہوں پر پہیہ جام سے اور پرامن طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا

امریکا، انرجی ڈرنکس کے کین جمع کرنے کا گینیز ریکارڈ قائم

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ریاست روڈ آئی لینڈ سے تعلق رکھنے والے کیفین کے شوقین ایک شخص نے انرجی ڈرنک کے 1019 کین جمع کر کے گینیز ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیوپورٹ نامی شہر کے رہائشی اسپیکر جو یوٹیوب پر اپنی عرفیت کیفین مین کے نام معروف ہیں، انہوں نے گینیز ورلڈ ریکارڈ کے پاس جنوری میں کین جمع کرنے کا ثبوت پیش کیا تھا جس کے بعد اس ہفتے اس نے حتمی طور پر اعلان کیا کہ اسے گینیز کی جانب سے آفیشل تصدیق موصول ہوئی ہے

موسمیاتی فنانس پر دنیا کو ادائیگی کرنا ہوگی ورنہ انسانیت قیمت ادا کریگی، گوتیرس

فوسل فیولز کو دگنا کرنا مضحکہ خیز ہے، جی 20 کو موسمیاتی ایکشن پر قیادت کرنی چاہیے، باکو میں خطاب

باکو (م ڈ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے کہا ہے کہ موسمیاتی فنانس پر دنیا کو ادائیگی کرنا ہوگی ورنہ انسانیت کو قیمت ادا کرنا پڑے گی۔ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق کانفرنس کوپ 29 کے دوسرے دن خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم عالمی درجہ حرارت کو 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک محدود کرنے کے حتمی مرحلے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوسل فیولز کو دگنا کرنا مضحکہ خیز ہے، جی 20 کو موسمیاتی ایکشن پر قیادت کرنی چاہیے۔ انتونیو گوتیرس نے کہا کہ کوپ 29 میں موسمیاتی فنانس کی راہ میں حائل دیوار گرا دینی چاہیے، کوپ 29 میں ترقی پذیر ممالک کو خالی ہاتھ نہیں رہنا چاہیے

شہید محمد اکبر بلوچ کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کو یقینی بنایا جائے، پھلین بلوچ

دن دہاڑے سیاسی کارکن کو گولیوں کا نشانہ بنانا انتظامیہ کی مکمل نااہلی ناکامی ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ میر حمل بلوچ خالد ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں نیشنل پارٹی کے رہنما محمد اکبر بلوچ کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دن دہاڑے سیاسی کارکن کو گولیوں کا نشانہ بنانا اور قاتلوں کا آزاد گھومنا انتظامیہ کی مکمل نااہلی ناکامی ہے۔ شہید محمد اکبر بلوچ کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کو یقینی بنایا جائے نیشنل پارٹی محمد اکبر بلوچ کی سیاسی قومی خدمات کو قدر و منزلت کی نگاہ دیکھتی ہے اور ان کو تاریخی الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور شہید کے خاندان کے غم میں شریک ہیں۔

مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

مرکزی مسلم لیگ خدمت انسانیت کا منشور لیکر میدان میں آئی، صوبائی صدر حافظ محمد امجد اسلام

کوئٹہ (این این) شعبہ خدمت خلق مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے زیر اہتمام شاہی قلعہ ظفر آباد میں فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کا انعقاد کیا گیا فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا مفت معائنہ اور ادویات دی گئی مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صدر حافظ محمد امجد اسلام، چیف آف بیرک نواب ظفر اللہ خان شاہوانی، ملی لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر میر شکر خان رئیسانی، فنانس سیکرٹری بلوچستان آغا کسیم، نائب صدر بابر مغل نے فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے حافظ محمد امجد اسلام نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ خدمت انسانیت کا منشور لیکر میدان میں آئی ہے میڈیکل کیمپ پر 800 سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ اور فری میڈیسن دی گئی ہے بلوچستان میں صحت کا کوئی معیاری انتظام نہیں ہے ہم ان شاء اللہ اپنی مدد آپ کے تحت بلوچستان میں صحت اور تعلیم پر کام کریں گے خدمت خلق عین عبادت ہے مرکزی مسلم لیگ یتیموں، بیواؤں، غریبوں، بے سہارا افراد کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں ہیں

امریکا، لاٹری ٹکٹ خرید کر بھولنے والی خاتون 10 لاکھ ڈالرز جیت گئی

گروسری اسٹور سے لاٹری ٹکٹ خریدا اور اس کے بارے میں بعد ازاں بھول گئی

واشنگٹن (م ڈ) امریکا میں لاٹری کے ٹکٹ کے بارے میں بھولنے والی خاتون 10 لاکھ ڈالرز جیت گئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک خاتون نے اپنی خالہ کے گھر جاتے ہوئے گروسری اسٹور سے لاٹری ٹکٹ خریدا اور اس کے بارے میں بعد ازاں بھول گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تقریباً 1 ہفتے کے بعد جب لاٹری کے انعامات کا اعلان ہوا تو مذکورہ خاتون کو علم ہوا کہ جس خوش نصیب کا پہلا انعام نکلا ہے وہ اور کوئی نہیں وہ خود ہے۔ خاتون کا کہنا ہے کہ مجھے لاٹری جیتنے پر یقین نہیں آیا، میں تو اس کے بارے میں بھول گئی تھی لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ پہلا انعام میرا ہی ہے تو خوشی کی انتہا نہیں رہی۔ ان کا کہنا ہے کہ 20 اکتوبر کو لاٹری کے نتائج کا اعلان ہوا، لیکن مجھے اس کا علم نہیں تھا، کچھ عرصہ گزر جانے کے بعد جب ٹکٹ کا خیال آیا تو چیک کیا، جس پر معلوم ہوا کہ پہلا انعام میرا ہی نکلا ہے۔ مذکورہ خاتون اس سال اپنی نوائے کی لاٹری جیتنے والی نویں خوش قسمت فرد ہیں۔ لاٹری یو ایس اے کے مطابق جیک پاٹ جیتنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں، تقریباً 1.2 ملین افراد میں سے 1 خوش نصیب کا نام نکلتا ہے۔ لاٹری جیتنے والی خوش نصیب خاتون کا کہنا ہے کہ اب سالانہ دوروں پر آئرلینڈ جانے کا میرا خواب پورا ہو سکے گا

لورالائی، پرنسپل گرلز کالج زینت جتن، فضل خان، پرنسپل BRC، مجاہد و دیگر کرپشن ڈے کے حوالے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شمالی کوریا اور روس کے مابین تاریخی دفاعی معاہدے کی توثیق

پیانگ یانگ (م ڈ) شمالی کوریا نے روس کے ساتھ تاریخی دفاعی معاہدے کی توثیق کر دی۔ شمالی کوریا کی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق شمالی کوریا کے سربراہ کم جونگ ان نے ایک حکم نامے کے ذریعے کریملن سے معاہدے کی توثیق کر دی ہے۔ معاہدے کے تحت سیکیورٹی تعاون کو مزید فروغ دیتے ہوئے دونوں ممالک کسی بھی فریق پر حملے کی صورت میں ایک دوسرے کا دفاع کر سکیں گے۔ خیال رہے کہ روس پہلے ہی گزشتہ ہفتے اس معاہدے کی توثیق کر چکا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کے معاہدے پر جون میں دستخط ہوئے تھے۔ روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے جون میں ہونے والے اس معاہدے کو اہم پیش رفت قرار دیا تھا

ٹرمپ کی جیت پر خواتین کا مردوں سے انتقام کا اعلان

واشنگٹن (م ڈ) امریکا میں ڈونلڈ ٹرمپ کا دوبارہ صدر منتخب ہونا انتہائی نوعیت کے ردعمل کو جنم دے رہا ہے۔ فور بی تحریک کے ذریعے لڑکیاں اس عزم کا اعادہ کرتی دکھائی دے رہی ہیں کہ وہ شادی کریں گی نہ مردوں سے تعلقات استوار کریں اور نہ ہی بچے پیدا کریں گی۔ امریکی ٹی وی نے ایک رپورٹ میں بتایا کہ امریکا بھر میں سوشل میڈیا پر لڑکیاں ٹرمپ کے خلاف شدید نفرت کا اظہار کر رہی ہیں۔ خواتین سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے اپنی تحریک کو منظم کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ جب خواتین نے دیکھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی کامیابی کی راہ ہموار ہو رہی ہے تو انہوں نے خود کو بھرپور جوابی تحریک کے لیے منظم کرنا شروع کر دیا۔ سوشل میڈیا کے ذریعے بھرپور رابطہ مہم چلائی جانے لگی۔ امریکا بھر میں خواتین اس بات سے سخت نالاں ہیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک بار پھر صدر منتخب ہونے میں مردوں کے ووٹوں نے کلیدی مدد فراہم کی۔ اب خواتین چڑ گئی ہیں کہ مردوں سے تعلقات استوار نہیں کیے جائیں گے۔ بہت سی شادی شدہ خواتین کا یہ بھی کہنا تھا کہ وہ مردوں کی سرپرستی والے کاروباری اداروں کا بائیکاٹ کریں گی

حکومت کے لیے آئی ایم ایف کو مطمئن کرنا ممکن نہیں ہوگا، سینیٹر محمد عبدالقادر

حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایف بی آر کی ناقص کارکردگی کا جائزہ لے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرے

حکمرانوں کے سرکاری پیسے کو بے دریغ اڑانے کی وجہ سے عام پاکستانیوں کو نت نئے ٹیکسوں کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ٹیکس مشینری نے ریٹیلرز، تھوک فروشوں اور ڈسٹری بیوٹرز سے محض 11 ارب روپے جمع کیے ہیں حقیقتاً تاجر دوست اسکیم کے بارے میں توقعات پوری نہیں ہو سکیں اس مخصوص اسکیم کے ذریعے ٹیکس کی جمع شدہ رقم محض صرف 1.7 ملین روپے ہے ایسا لگتا ہے کہ حکومت کے لیے آئی ایم ایف کو مطمئن کرنا ممکن نہیں ہوگا حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایف بی آر کی ناقص کارکردگی کا جائزہ لے اور اہداف حاصل نہ کرنے پر ذمہ داروں کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائے تاکہ محکمہ کی مجموعی کارکردگی بہتر بنائی جا سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ آئی ایم ایف دو اختیارات کی تجویز دے رہا ہے یا تو ایک منی بجٹ پیش کیا جائے تاکہ ایف بی آر کو پہلے چار مہینوں میں ہونے والے 189 ارب روپے کے محصولات کے خسارے کو پورا کیا جا سکے یا غیر محدود اخراجات کو کم کرنے کا قابل عمل منصوبہ تیار کیا جائے تاجر دوست سکیم کا مقصد صرف ریٹیلرز اور تھوک فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانا تھا تاہم ریٹرن فائلرز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا ہے جس سے ملک میں معیشت کی دستاویز سازی کا عمل تیز ہوگیا ہے لیکن اپوزیشن جماعتیں بھی اپنے مفادات کے پیش نظر حکمرانوں کے خلاف کسی قسم کا احتجاج نہیں کرتیں بلکہ ایسی صورت حال پر مجرمانہ خاموشی اختیار کر کے ٹیکسوں کی مد میں فائدے اٹھاتی ہے اور یوں حکومت اور ایف بی آر گٹھ جوڑ کی قیمت غریب عوام نت نئے ٹیکسوں کی ادائیگی سے چکاتی ہے۔

ہیٹی کے نئے وزیراعظم نے عہدے کا حلف اٹھالیا

پورٹ او پرنس (م ڈ) ہیٹی کے نئے وزیراعظم ایلکس ڈیڈیئر فلز ایمی نے عہدے کا حلف اٹھالیا اور ملک میں سیکیورٹی کی بحالی اور گینگ تشدد سے نمٹنے کا وعدہ کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز اپنے پہلے ریمارکس میں کہا کہ ہماری اولین ترجیح سلامتی کو بحال کرنا ہے جو کامیابی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ملک کے مشکل حالات سے واقف ہیں لیکن انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ اپنی تمام توانائیاں، اپنی صلاحیتیں قومی کاز کی خدمت میں لگائیں گے۔ واضح رہے کہ صرف پانچ ماہ قبل نامزد ہونے کے بعد سبکدوش ہونے والے وزیراعظم کونیل کو 9 رکنی عبوری کونسل نے اتوار کو معزول کر دیا تھا

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں سوڈان جنگ پر کارروائی زیر غور

تقریباً 25 ملین افراد کو غذائی امداد کی اشد ضرورت، 11 ملین لوگ گھر چھوڑنے پر مجبور

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک برطانوی مسودہ قرارداد زیر بحث ہے جس میں سوڈان کے متحارب فریقین سے دشمنی بند کرنے کا مطالبہ اور یہ تقاضہ کیا گیا ہے کہ وہ اگلے مورچوں اور سرحدوں پر امداد کی محفوظ، تیز رفتار اور بلا تعطل ترسیل کی اجازت دیں۔ یہ جنگ سویلین حکمرانی کی طے شدہ منتقلی سے قبل اپریل 2023 میں سوڈانی فوج اور نیم فوجی ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے درمیان حصول اقتدار کی کشمکش سے شروع ہوئی اور دنیا کے سب سے بڑے نقل مکانی بحران کی وجہ بن گئی۔ اس سے نسلی تشدد کی لہریں پیدا ہوئیں جن کے لیے زیادہ تر آر ایس ایف کو مورد الزام قرار دیا گیا ہے۔ آر ایس ایف نے سوڈان میں شہریوں کو نقصان پہنچانے سے انکار اور اس عمل کو بدمعاش قوتوں سے منسوب کیا ہے۔ موجودہ تنازع کے دوران اقوام متحدہ کی جانب سے ابتدائی پابندیوں میں سلامتی کونسل کی ایک کمیٹی نے گذشتہ ہفتے آر ایس ایف کے دو جنرلز کو نامزد کیا تھا۔ عرب ٹی وی کے مطابق رواں ماہ کے آغاز میں برطانیہ کے سلامتی کونسل کی صدارت سنبھالنے کے بعد اقوام متحدہ میں برطانیہ کی سفیر باربرا وڈورڈ نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا تھا، انیس ماہ کی جنگ میں فریقین انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں

امریکی ایئرلائن کے طیارے پر دوران پرواز فائرنگ، فلائٹ اٹینڈنٹ زخمی

فائرنگ کے واقعے کے بعد متعدد ایئرلائنز نے ہیٹی کے لیے فضائی آپریشن معطل کردیا، رپورٹ

پورٹ او پرنس (م ڈ) کیریبئن ملک ہیٹی میں ایئرپورٹ پر ایک امریکی ایئرلائن کے طیارے پر فائرنگ سے فلائٹ اٹینڈنٹ زخمی ہوگیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیٹی میں امریکی ایئرلائن سپرٹ کے طیارے پر اس وقت اچانک فائرنگ کی گئی جب وہ لینڈنگ کی کوشش کر رہا تھا، فائرنگ کے نتیجے میں ایک فلائٹ اٹینڈنٹ زخمی ہو گیا۔ طیارے میں عملے سمیت 48 مسافر سوار تھے، اور طیارہ امریکی ریاست فلوریڈا سے ساحتیا گو جا رہا تھا، فائرنگ کے واقعے کے بعد متعدد ایئرلائنز نے ہیٹی کے لیے فضائی آپریشن معطل کر دیا۔ یہ واقعہ دارالحکومت پورٹ او پرنس میں ٹوسینٹ لوورچر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پیش آیا، جب وہ اترنے کی کوشش کر رہا تھا

حب، چیئرمین میونسپل کارپوریشن وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ اور صوبائی مشیر میر علی حسن زہری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر میں 30 ہزار سے زائد غیر قانونی رکشوں کیخلاف کارروائی شروع کر دی، کمشنر کوئٹہ

گرین بسوں کی تعداد میں اضافے سے مزید چھ ہزار افراد سفری سہولیات سے استفادہ اٹھائیں گے ٹریفک کا دباؤ کم ہوگا

رکشوں کے شوروم مالکان کو ضلعی انتظامیہ نے نوٹس بھی دیا ہے باہر سے رکشے درآمد کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، حمزہ شفقات

کوئٹہ (اے پی پی) کمشنر کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات نے کہا ہے کوئٹہ شہر میں 30 ہزار سے زائد غیر قانونی رکشے چل رہے ہیں غیر قانونی رکشوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع کر دی ہے، گرین بسوں کی تعداد میں اضافے سے مزید چھ ہزار افراد سفری سہولیات سے استفادہ اٹھائیں گے جس سے شہر پر ٹریفک کا دباؤ مزید کم ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر کوئٹہ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات نے کہا کہ شہر سے ایک دم رکشوں کو ختم نہیں کر سکتے اس کے لئے ضروری ہے لوگوں کو ان کے متبادل ٹرانسپورٹ مہیا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ کر رہی ہے 8 گرین بسز پہلے سے چل رہے ہیں روزانہ کی بنیاد پر دس ہزار لوگ سفر کرتے ہیں، آئندہ چند مہینوں میں مزید پانچ بسیں آرہی ہے جس سے لگ بھگ چھ ہزار کے قریب لوگ مزید سفری سہولیات سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رکشوں کے شوروم مالکان کو ضلعی انتظامیہ نے نوٹس بھی دیا ہے باہر سے رکشے درآمد کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اگر کسی شوروم مالکان نے خلاف ورزی کی تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال ایک عظیم شاعر اور مفکر تھے، بریگیڈیئر وسیم عارف راجہ

پنجگور ایف سی پبلک سکول میں یوم اقبال ڈے کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد

پنجگور (یو این اے) پنجگور ایف سی پبلک سکول میں یوم اقبال ڈے کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور تقریب کے مہمان خاص ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر وسیم عارف راجہ تھے۔ تقریب کے مہمانان گرامی میں ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک صالح، کارپوریشن خدابادان چتکان کے میئر شکیل احمد قمبرانی، یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے پرو وائس چانسلر میر سعادت بلوچ، گرلز ڈگری کالج چتکان کے پرنسپل ڈاکٹر فرزانہ ہاشم، بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل ڈاکٹر جاوید حسین، انٹر کالج وشبود کے پرنسپل پروفیسر نعمت اللہ بلوچ، انٹر کالج عیسیٰ کے پرنسپل پروفیسر عبدالرحیم بلوچ و دیگر اساتذہ کرام کالجز کے بچے بچیاں اور معتبرین شریک تھے۔ تقریب میں بچوں کی شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری، فلسفہ اور ان کی قوم دوستی و ملک دوستی کے حوالے سے اردو اور انگریزی تقریر پیش کئے اور بچیوں نے ملی نغمے، ٹیبلو اور گیت پیش کر کے محفل کو چار چاند لگا دی۔ تقریب کے مہمان خاص کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر وسیم عارف راجہ نے تقریب کے شرکا اور بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال ایک عظیم شاعر اور مفکر تھے۔ ان کی شاعری سے ہمیں سخن دوستی قوم دوستی اور اتفاق و اتحاد کا درس ملتا ہے۔ ان کی شاعری میں کہیں بھی ہمیں تعصب اور نفرت کی ایک چھوٹی سے جھلک نہیں ملے گی بلکہ وہ ہر وقت اپنی شاعری میں قوموں کی اتفاق اور باہمی محبت کو درس دے کر ایک ہونے کا سبق دیتے تھے

Selection of Audit Committee

A Donor Funded Project seeks the Services of Experienced Audit Committee Members in Following areas

S.No	Name of Position	No of Positions	Quota	Criteria / Required Qualification and Experience	Place of Posting
1	Finance Expert	1	Merit	Chartered Accountant (CA) or Chartered Certified Accountant (FCCA) or Member of any Recognized body of Professional Accountants. Association with a renowned professional audit Firm as a Partner or Equivalent or in a Supervisory Position with the Primary Audit Institutions of the Country (i.e., Auditor General of Pakistan). A minimum of five years' experience in a similar role or being member of the Audit Committee/ Governance Forums in atleast two Health Sector organizations. Experience in Public Sector Health Organization in a Senior Position or Audit Committee Member. Experience with large Donor Funded Projects at a Senior Management Level. Experience in performing Audits. Certification in Internal Audit, Internal Control Audit, Fraud Examination or other similar certifications from a recognized institute. Max Age 65 years. Appointment to be initially for a period of two years renewable based on performance. Detail terms of reference of Internal Audit Committee is available on the website.	Islamabad
2	Health Expert	1	Merit	MBBS/ MPH or post graduation in Health sector from HEC Recognized University. Association with a large Donor Funded Program or Public Sector Organization in a Senior Management/ Supervisory Role not less than a Chief of Party/ Team Lead. A minimum of five years' experience in a similar role or being member of the Governance Forums in atleast two Health Sector organizations. Experience in Public Sector Health Organization in a Senior Management Position. Experience with large Donor Funded Projects at a Senior Management Level. Experience in performing Administrative and Programmatic Audits. Additional qualifications in infectious diseases i.e., HIV, TB and Malaria. Max Age 65 years. Appointment to be initially for a period of two years renewable based on performance. Detail terms of reference of Internal Audit Committee is available on the website.	Islamabad
3	Public Sector Administration Expert	1	Merit	Masters Degree in Public Administration from HEC recognized University or an ex-civil servant from Pakistan Administrative Service. Association with a large Donor Funded Program or Public Sector Organization in a Senior Management/ Supervisory Role not less than a Chief of Party/ Team Lead. A minimum of five years' experience in a similar role or being member of the G0overnance Forums in atleast two Health Sector organizations or retired Civil Servant of Grade 20 and Above. Experience in Public Sector Health Organization in a Senior Management Position. Experience with large Donor Funded Projects at a Senior Management Level. Experience in performing Administrative and Programmatic Audits. Experience of working with M/o National Health Services, Regulations and Coordination. Max Age 65 years. Appointment to be initially for a period of two years renewable based on performance. Detail terms of reference of Internal Audit Committee is available on the website.	Islamabad

Interested candidates may apply online. Please visit https://careers.ntp.gov.pk within 15 working days of the publication of this advertisement. Last date of submission of application is 3rd December 2024. Government employees must apply through proper channel. Only shortlisted candidates will be called for interviews, No TA/DA will be paid. (ONLY APPLICATIONS APPLIED ONLINE WILL BE ACCEPTED)

PID (I) No.3231/24
Admin HR officer contact # 051-9255387

Soneri Bank

مین برانچ، کوئٹہ کی منتقلی

معزز کسٹمرز،
نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ سونیری بینک لمیٹڈ کی مین برانچ، کوئٹہ، کو بروز پیر مورخہ 16 دسمبر 2024 سے نئے مقام پر منتقل کیا جا رہا ہے۔

نیا پتہ

مین برانچ، کوئٹہ، ملک پلازہ، مین ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون نمبر: (081) 2825597 & 2821610

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 13 نومبر 2024ء

کرہ ارض کو بچانے کے لئے مشترکہ جدو جہد اور اقدامات کی ضرورت

مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور میں ہم پہلے بھی متعدد بار اس بات کی ضرورت اور اہمیت کو اجاگر کرتے آئے ہیں آج بھی ہم یہی سمجھتے ہیں کہ کرہ ارض کو درپیش چیلنجز جو عالمگیر حیثیت کے حامل ہیں وہ عالمگیر کاوشوں اور کوششوں ہی کے متقاضی ہیں کوئی ایک ملک اکیلے ان چیلنجز سے نہیں نمٹ سکتا اور خصوصیت کے ساتھ وہ ممالک جن کے پاس وسائل کی کمی ہے وہ غریب یا ترقی پذیر ممالک کی فہرست میں ہیں ان کے لئے زیادہ مشکلات، چیلنجز اور مصائب و بحرانات منہ کھولے کھڑے رہتے ہیں اس لئے ترقی یافتہ ممالک کو چاہئے کہ وہ ترقی پذیر ممالک کی مدد کے لئے آگے آئیں کرہ ارض کو درپیش چیلنجز میں موسمیاتی تبدیلی سر فہرست ہے اور گزشتہ روز کلائمیٹ فنانس کانفرنس دراصل عالمی کوششوں کی یکجائی کے سلسلے ہی کی ایک کڑی ہے جس سے وزیر اعظم شہباز شریف نے کلیدی اور انتہائی اہمیت کا حامل خطاب کرتے ہوئے کرہ ارض کو بچانے کے لئے اجتماعی کاوشوں اور کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے انہوں نے عالمی برادری سے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے فریم ورک کے مطابق خصوصی فنڈز مختص کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کے کے لئے ترقی پذیر ممالک کو 2030 تک 6.8 ہزار ارب ڈالر کی ضرورت ہے، موسمیاتی سرمائے میں قرضوں کو ایک نیا قابل قبول معمول نہیں بننا چاہیے۔ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں کوپ انتیس کانفرنس کے موقع پر پاکستان کی میزبانی میں کلائمیٹ فنانس گول میز مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم ایک اہم موڑ پر کھڑے ہیں جہاں کمزور ممالک کی ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا کرنے کے لیے عالمی موسمیاتی مالیاتی فریم ورک کو از سر نو تشکیل دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ قرضوں کی شکل میں سرمائے کی فراہمی ترقی پذیر ممالک کے قرضوں میں اضافہ کرتی ہے اور انہیں بڑھتے ہوئے قرضوں کے جال کی طرف دھکیل دیتی ہے موسمیاتی سرمائے کی فراہمی میں قرض نیا قابل قبول معمول نہیں بن سکتا، یہی وجہ ہے کہ ہمیں امدادی سرمائے کی فراہمی پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنی چاہیے تاکہ ممالک موسمیاتی اقدامات کو سرمایہ فراہم کرنے قابل بن سکیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سالوں کے وعدوں اور یقین دہانیوں کے باوجود خلا بڑھ رہا ہے، جس کی وجہ سے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن (یو این ایف سی) کے مقاصد کے حصول میں مجموعی رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے موسمیاتی سرمائے کی فراہمی کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو 2030 تک 6 ہزار 800 ارب ڈالر کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے عطیات دینے ممالک پر زور دیا کہ وہ اپنے وعدے کو پورا کریں جو ان کی مجموعی قومی پیداوار (جی این پی) کا 7.4 فیصد ہے اور موجودہ ماحولیاتی فنڈز پر سرمایہ کاری کریں۔ انہوں نے کہا ایک دہائی قبل کوپ 15 کے موقع پر سالانہ 100 ارب ڈالر کی فراہمی کا ایسا ہی ایک ماحولیاتی وعدہ کیا گیا تھا جو او ای سی ڈی کی رپورٹ کے مطابق اب تک صرف 160 ارب ڈالر تک پہنچ سکا ہے۔ وزیر اعظم نے حالیہ 2 تباہ کن سیلابوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان دیگر کمزور ممالک کے درد اور تکلیف کو سمجھ سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ 2022 میں، ایک تہائی پاکستان پانی میں ڈوب گیا تھا اور ملک کو بنیادی امدادی اور انسانی ہمدردی کی کوششوں کی مالی اعانت کے لیے تمام ترقیاتی اور ماحولیاتی فنڈز کو دوبارہ استعمال کرنا پڑا۔ بعد ازاں وزیر اعظم شہباز شریف نے تاجکستان کی میزبانی میں گلیشیئرز کے تحفظ سے متعلق تقریب سے بھی خطاب کیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم نے پاکستان سمیت اس خطے اور دنیا بھر میں تیزی سے پگھلتے گلیشیئرز کی حفاظت کے لیے بہت قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں شدت سے محسوس کرتا ہوں کہ گلیشیئرز کے تحفظ کے عالمی سال کے موقع پر گلیشیئرز کے تحفظ کے لیے واضح اور دوٹوک پیغام جانا چاہیے، مستقبل میں پانی کے ذخائر کو محفوظ بنانے کے لیے گلیشیئرز کا تحفظ ضروری ہے، گلیشیئرز پینے کے پانی کا بڑا ذریعہ ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ پاکستان میں 7 ہزار گلیشیئرز ہیں، پاکستان میں گلیشیئرز سے نوے فیصد پانی حاصل کیا جاتا ہے، درجہ حرارت بڑھنے سے گلیشیئرز کا پگھلنا خطرناک علامات ہیں، انسانیت کی بقا گلیشیئرز کے تحفظ سے مشروط ہیں وزیر اعظم شہباز شریف نے آذربائیجان میں کوپ انتیس کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں کی ہیں۔ ریڈیو پاکستان کے مطابق وزیر اعظم کی متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان سے ملاقات ہوئی، اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور ترک خاتون اول سے بھی ملاقات کی، اس موقع پر ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے امور پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف کی ازبکستان کے صدر شوکت مرزا ایوو اور تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے بھی ملاقاتیں ہوئیں، اس موقع پر پاکستان اور وسطی ایشیا کے ممالک میں گلیشیئرز اور آبی ذخائر کے تحفظ پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعظم کی نیپال کے صدر رام چندرا پوڈل اور بنگلہ دیش کی نگراں حکومت کے سربراہ ڈاکٹر محمد یونس سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اس موقع پر جنوبی ایشیا میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، سطح سمندر کے بڑھتے ہوئے خطرے اور جنگلات کے تحفظ پر تبادلہ خیال کیا گیا، مزید برآں انہوں نے پاکستان، بنگلہ دیش اور نیپال کے درمیان دوطرفہ تعاون میں اضافے پر بھی گفتگو کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے برطانوی ہم منصب سر کیئر اسٹارمر سے بھی ملاقات کی اور پاک برطانیہ تعاون میں اضافے پر تبادلہ خیال کیا، مزید برآں وزیر اعظم نے قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف سے بھی ملاقات کی اور دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی اور علاقائی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا کوپ انتیس فورم میں تقریباً دو سو ممالک کے مندوبین شرکت کر رہے ہیں، اقوام متحدہ کے موسمیاتی سربراہ سائمن اسٹیل نے اپنے افتتاحی خطاب میں ایک نئے عالمی موسمیاتی مالیاتی ہدف کے حوالے سے کانفرنس کے شرکاء کو آگاہی دی۔ یہ کانفرنس ایسے وقت میں ہو رہی ہے کہ کرہ ارض کو درپیش موسمیاتی تبدیلی سنگین سے سنگین ہوتی جا رہی ہے پاکستان کا شمار موسمیاتی تبدیلی کے شدید خطرے سے دوچار ان دس ممالک میں ہوتا ہے، جنہیں غیر معمولی سیلابوں، مون سون کی شدید بارشوں، گرمی کی تباہ کن لہروں اور تیزی سے پگھلتے گلیشیئر کا سامنا ہے۔ عالمی برادری ترقی پذیر ممالک کو فوراً فنڈز جاری کرے تاکہ ترقی پذیر ممالک بالخصوص پاکستان ماحولیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کے لئے اقدامات کر سکیں۔

"ڈیپ سٹیٹ" کا تصور اور ٹرمپ کے ممکنہ عزائم

برملا

نصرت جاوید

فوجی سربراہان کی ٹرم میں اضافہ

انداز جہاں

اسد اللہ غالب

امریکی جمہوری نظام کی طاقت؟

افضال ریحان

افغان طالبان کی کوپ 29 میں شرکت

وفاق نامہ

رشید صافی

پشتون سماج کا تاریخی پس منظر:

پس منظر

عائشہ وزیر

سموگ اور بدلتا پشاور

خورشید ندیم

موسمیاتی تبدیلی: ٹرمپ کی واپسی کے بعد انسان کی پیدا کردہ قیامت دور نہیں!

منظر نامہ

جاوید نقوی

چمن: ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت پر کوئی سمجھوتہ اور کوتاہی برداشت نہیں کریں گے، ڈی سی سوراب

ڈی ایچ کیو سوراب ڈاکٹر شاکر نے ڈپٹی کمشنر سوراب کو ہسپتال کے درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

بلوچستان نظریاتی سیاسی کارکنوں کیلئے مقتل گاہ بن چکا ہے، نیشنل پارٹی

شہید اکبر بلوچ کی المناک شہادت سے پارٹی کے ہزاروں کارکن اور قیادت دلی صدمے سے دوچار ہیں، اسلم بلوچ

قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، قاتلوں کی گرفتاری تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، چنگیز حئی بلوچ

ذحاذر (نمائندہ خصوصی) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ نے اپنا ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی کے رہنما شہید اکبر بلوچ کی المناک شہادت سے پارٹی کے ہزاروں کارکن اور قیادت دلی صدمے سے دوچار ہیں پارٹی شہید اکبر بلوچ کے قتل کو بلوچستان کے حقیقی سیاسی کارکنوں کے اجتماعی سیاسی قتل کے مترادف سمجھتی ہے پارٹی شہید اکبر بلوچ کے اہل خانہ کے ساتھ غم کی اس گھڑی میں اظہار افسوس کرتے ہوئے غم میں خود کو برابر کی شریک سمجھتی ہے صوبائی قائدین نے مزید کہا کہ بلوچستان نظریاتی سیاست کرنے والے سیاسی کارکنوں کے لیے ایک مقتل گاہ بن چکا ہے جہاں نظریاتی سیاست پر مختلف حربوں سے قدغن لگائی جا رہی ہے تو وہیں دوسری طرف نظریاتی سیاسی کارکنوں و رہنماؤں کے لئے بلوچستان کا سیاسی ... سیاست کا آغاز کیا اور طویل سیاسی جدوجہد کے بعد وہ بھاگ جیسے قبائلی سماج میں ایک سچے فکری سیاسی رہنما کے طور پر اپنا مثبت انسانی کردار ادا کر رہے تھے نا ہی کبھی ظلم و جبر کے خلاف سر جھکایا اور نا ہی اپنے نظریات پر کبھی کوئی کمپرومائز کیا بلکہ ہمیشہ ایک بہادر اور باہمت پارٹی رہنما کی حیثیت سے پارٹی کی نظریاتی وابستگی کو ہر مشکل گھڑی میں قائم رکھا یہی وجہ تھی کہ شہید اکبر بلوچ سماج دشمن عناصر کے لیے ہمیشہ ایک رکاوٹ تھا اور قبائلی سماج کو ایک سیاسی اور پر امن انسانی سماج میں بدلنے کی جدوجہد میں اپنے دیگر ساتھیوں کے شانہ بشانہ جدوجہد میں مصروف عمل تھا مگر ظالم بے رحم انسانیت سے عاری عناصر نے شہید اکبر بلوچ جیسے سیاسی کارکن کی زندگی کو اپنے ظالمانہ عمل سے پل بھر میں موت کی آغوش میں سونپ دیا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

انصاف پینل نے سبزی فروٹ منڈی کے انتخابات کو مسترد کر دیا

پریزائڈنگ آفیسر نے ایک مسترد ووٹ مخالف امیدوار کو دے کر کامیاب قرار دیا

نصیر آباد (نامہ نگار) سبزی فروٹ منڈی ڈیرہ مراد جمالی کے انتخابات انصاف پینل کے تاجروں نے الیکشن کمشنر آفیسر کی جانبداری اور رزلٹ کو مسترد کرتے ہوئے سیٹھ خیر محمد محمد ... نے اپنے دستخط اور قومی شناختی کارڈ سے لسٹ جاری کر دی ہے علاوہ ازیں سبزی فروٹ کمیشن ایجنٹس ایسوسی ایشن انصاف پینل کے نو منتخب صدر حاجی صاحب خان ابڑو اپنے سبزی منڈی ...

نصیر آباد: سبزی فروٹ کمیشن ایجنٹس ایسوسی ایشن کے نو منتخب صدر محمد ایاز گجر کامیابی کے بعد خطاب کر رہے ہیں

حلقہ انتخاب کے بنیادی مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے، صادق عمرانی

لنک سڑکوں کی تعمیر، شہر کی الائمنٹ کا مسئلہ، شہریوں کو پینے کا صاف پانی کی فراہمی شامل ہے، صوبائی وزیر

عوام نے جن بنیادی مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے انہیں حل کرنے کی کوشش کرونگا، مختلف وفود سے چیت

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی ... انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کی منظوری کے علاوہ حلقے کے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی بھی میرا مشن ہے اس موقع پر حلقہ انتخاب سے آئے ہوئے وفود نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جن پر صوبائی وزیر نے پوری عمل درآمد کیلئے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کیئے۔

بلدیہ ملازمین کے ساتھ مل کر شہر میں صفائی ستھرائی کر رہے ہیں

ٹرنچ، تاج اور بوغرہ روڈ پر کھڑی ریڑیوں اور تجاوزات کا مکمل خاتمہ کر دیا

چمن (نامہ نگار۔ خ ن) ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز علی بلوچ کی نگرانی میں تحصیلدار عبدالرازق میانی سینیٹری انسپکٹر محمد اصغر اچکزئی اور لیویز فورسز نے بلدیہ کے ملازمین کے ساتھ مل کر شہر کے بازاروں اور شاہراہوں میں صفائی ستھرائی کر رہے ہیں انہوں نے آج خاص کر ٹرنچ روڈ تاج روڈ اور بوغرہ روڈ پر کھڑی ریڑیوں اور تجاوزات کو ہٹا کر تجاوزات کا مکمل خاتمہ کر دیا اس موقع پر تحصیلدار عبدالرازق میانی نے انجمن تاجران دکانداروں اور شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صفائی مہم اور تجاوزات کے خاتمے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں انہوں نے مزید کہا کہ ریڑیبانوں کو تین مختلف جگہے مخصوص کر دیے گئے ہیں

دوبارہ نیلامی نوٹس ٹھیکہ وصولی

رائلٹی میجر معدنیات (Coal,Marbel,Sand Gravel Bajri & Other)

بلوچستان مائینز اینڈ منرلز قواعد 2002 کے تحت صوبہ بلوچستان معدنی علاقوں پر مشتمل مندرجہ ذیل بلاکس میں پائی جانے والی میجر معدنیات پر عائد رائلٹی کی وصولی کا ٹھیکہ جو کہ PRQ No1396/10-10-2024 کے تحت منعقد ہوئی تھی جو کم بولی آنے کی وجہ سے منسوخ کی گئی۔ اب نیلامی دوبارہ درج ذیل پروگرام کے مطابق مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر ہوگی۔ کال ڈیپازٹ اور ٹینڈر فیس بولی سے ایک دن پہلے جمع کرنا ہوگا دفتری اوقات میں۔

نمبر شمار	نام ضلع	بولی کھولنے کی وقت	نیلامی منعقدہ ہونے کی تاریخ	مقام نیلامی	زرضمانت / سیکورٹی بنام ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز بلوچستان (قابل واپسی)
01	بلاک نمبر II خضدار، قلات، مستونگ، تحصیل ساروونہ	2:00 بجے	26-11-2024	ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز آفس کوئٹہ	کال ڈیپازٹ 5000000 پچاس لاکھ روپے
02	بلاک نمبر IX چاغی، کوہلو	2:00 بجے	26-11-2024	ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز آفس کوئٹہ	کال ڈیپازٹ 5000000 پچاس لاکھ روپے
03	بلاک نمبر IV سبی، بولان، آ بے گم	2:00 بجے	26-11-2024	ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز آفس کوئٹہ	کال ڈیپازٹ 5000000 پچاس لاکھ روپے
04	بلاک نمبر VIII ورکی لورالائی، سنجاوی	2:00 بجے	26-11-2024	ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز آفس کوئٹہ	کال ڈیپازٹ 5000000 پچاس لاکھ روپے

نیلامی کے شرائط:۔ (1) نیلامی میں صرف محکمہ ہذا کے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران حصہ لے سکتے ہے (2) نیلامی میں حصہ لینے کیلئے فارم "A" دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں تین ہزار روپے بابت نیلامی فیس (ناقابل واپسی) ادائیگی کے بعد تاریخ نیلامی سے ایک روز قبل تک حاصل کر سکتے ہیں (3) درخواست فارم "A" کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کرنا ضروری ہے۔ (ا) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل۔ (ب) مقرر کردہ زرضمانت / کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائینز اینڈ منرلز ... (4) کامیاب بولی دہندہ ... 25% ... (5) ... (6) ... 10% ... (7) ... 0.25% ... (8) ... (9) ... (10) ... (11) ... (12) ... (13) ... (14) ... (15) ... (16) ... (17) ... (18) ... (19) ... (20) ... FBR ... Active ATL List ... Inactive ... Active ATL List ... (21) ... (22) ... 2024-25 ... (23) ... (24) ... 2024-25 ... 05-12-2024 ... 17-12-2024 ...

ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز بلوچستان

PRQ No.1916/12-11-2024

سبزی وفروٹ کمیشن ایجنٹس کے انتخابات، انصاف پینل نے میدان مار لیا

محمد ایاز گجر صدر منتخب، حمایتوں و ووٹرز سپورٹرز کا ڈھول کی تاپ پر رقص، مٹھائیاں تقسیم

نصیر آباد (نامہ نگار) سبزی وفروٹ کمیشن ایجنٹس ایسوسی ایشن نصیر آباد کے انتخابات میں ہدرد پینل اور انصاف پینل کے مابین کانٹے دار مقابلہ ہوا کل 35 ووٹ ڈالے گئے جن میں سے 18 ووٹ حاصل کر کے انصاف پینل کے محمد ایاز گجر نے کامیابی حاصل کی اور صدر منتخب ہوئے ایاز احمد گجر کی کامیابی پر ان کے حمایتوں اور ووٹرز سپورٹرز نے ڈھول کی تاپ پر رقص کر کے بھرپور خوشی کا اظہار کیا اور مٹھائیاں تقسیم کی گئی جبکہ پھول پینل کے امیدوار حاجی صاحب خان ابڑو کو 17 ووٹ ملے چیف الیکشن کمشنر حاجی محمد انور رند ہنگلوئی نے محمد ایاز گجر کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کیا نو منتخب صدر محمد ایاز گجر نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں اپنے تمام دوستوں اور ووٹرز کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کیا اور اپنی قیمتی رائے کا اظہار کیا یہ کامیابی میری نہیں ہم سب کی مشترکہ جیت ہے جس نے ثابت کر دیا ہے کہ اگر ہم سبزی وفروٹ کمیشن ایجنٹس کے حقوق اور فلاح کے لیے متحد ہو جائیں تو ہر چیلنج پر قابو پا سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ سبزی وفروٹ کمیشن ایجنٹس نصیر آباد میں کاروبار کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے حقوق و مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے ہم سبزی و فروٹ کے کاروبار میں ترقی شفافیت اور سہولت کے لیے مزید اقدامات کریں گے تاکہ ہر کمیشن ایجنٹ کو اس کے حق اور محنت کا مکمل صلہ مل سکے ایاز گجر نے کہا کہ ہم سب مل کر ان مشکلات کو دور کریں گے جو سبزی وفروٹ کمیشن ایجنٹوں کو درپیش ہیں اور ایک ایسا ماحول پیدا کریں گے جہاں کاروبار مزید خوشحالی کی طرف بڑھے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کا اعتماد اور تعاون میرے لیے ہمیشہ اہم رہے گا اور ہم سب مل کر تنظیم کی مضبوطی اور ترقی کے لیے کام کریں گے

اوستہ محمد: ایس ایچ او ... گرفتار ملزمان کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

عوام سے کیے وعدے پورے کرینگے، کسی کو محروم نہیں کیا جائیگا، عبدالمجید بادینی

آپ نے مشکل وقت میں ساتھ دیا یہ ممکن نہیں کہ آپ کو بھلا دیا جائے میرے دروازے آپ کے لیے کھلے ہیں

خادم بن کر خدمت کرتا رہوں گا 70 سالوں بعد آپ دوستوں کے انقلاب کو ایک صدی تک یاد رکھا جائے گا

فرید آباد (اے این این) عوام سے کیے ہوئے وعدے ضرور پورا کریں گے پانچ سال کا عرصہ ہے کسی کو بھی محروم نہیں کیا جائے گا میرا کمال نہیں اپ غریبوں مزدوروں اور دوستوں کی تعاون ساتھ ہے اپ نے مشکل وقت میں ساتھ دیا یہ ممکن نہیں کہ اب اپ کو بھلا دیا جائے میرے دروازے اپ کے لیے 24 گھنٹے کھلے ہیں جب بھی چاہو اپنے خادم کو بلا سکتے ہو ایم پی اے کا مقصد عوام کی خدمت کرنا میں آج بھی اپ کے سامنے بیٹھ کر فخر محسوس کرتا ہوں کیونکہ مجھے یہ عزت اپ دوستوں کی وجہ سے ملا ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ... مہربانیوں کی وجہ سے ہوا آج اپ کے ساتھ بیٹھ کر خوشی محسوس کر رہا ہوں اگر میں جعفر آباد میں ہوں تب بھی اپ کی خدمت کر رہا ہوں اگر میں کوئٹہ میں ہوں پھر بھی اپ کی خدمت میں لگا ہوا ہوں اللہ اور اس کے رسول کو راضی کرنے کے لیے اپ کا خادم بن کر خدمت کرتا رہوں گا 70 سالوں کے بعد جو ...

ڈی سی چمن کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکوں کے توسیعی پروگرام کا اجلاس

ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال نے توسیعی پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دی

چمن (نامہ نگار۔ خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکوں کے توسیعی پروگرام کا اجلاس منعقد ہوا ... برطنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مائیکرو پلان کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا تمام متعلقہ افسران دور افتادہ علاقوں میں اس پروگرام کی باقاعدہ مانیٹرنگ کریں گے اور اس توسیعی پروگرام میں جوائنٹ کمپین کریں گے اور خاص کر ایم ایس اور دیگر متعلقہ آفیسران اس پروگرام کی نگرانی ... کو حفاظتی ویکسین پلائیں اور کوشش کریں کہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں اور ویکسین سے محروم نہ رہ جائے انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچائیں اور انہیں کسی کا مجبور نہ بنائیں اور تمام بچوں کو ایک محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کریں۔

WALK IN INTERVIEW

Application are invited from suitable and qualified candidates for the post of Medical Officer, Lady Medical Officer, Dental Surgeon, Specialist and Staff Nurse in various Hospital / Health Units of Mekran Division, on contractual basis with following credentials and terms and condition.

S. No	Positions	BPS	Qualification / Experience	Number and Place of post				Age Limit
				Kech	Gwadar	Panjgur	Total	
1	Radiologist	18	1. MBB, Degree from Institute recognized by PMDC. 2. Post Graduate Clinical Diploma in specialty from in a institute recognized by PMDC. 3. Permanent PMDC registration with post graduate mentioned therein.	1	0	1	2	As per Govt: policy.
2	Assistant Professor Pediatric	18	--do--	0	1	1	2	
3	Assistant Professor Gynecologist	18	--do--	0	1	1	2	
4	Assistant Professor Medicine	18	--do--	0	1	1	2	
5	Assistant Professor General Surgery	18	--do--	0	1	0	1	
6	Assistant Professor Anesthetist	18	--do--	0	0	1	1	
7	Cardiologist	18	--do--	0	2	1	3	
8	Dermatologist	18	--do--	0	1	1	2	
9	ENT Specialist	18	--do--	0	1	0	1	
10	Gastroenterologist	18	--do--	0	1	0	1	
11	Anesthetist	18	--do--	0	3	2	5	
12	Surgeon	18	--do--	1	3	1	5	
13	Chest Specialist	18	--do--	1	0	0	1	
14	Orthopedic Surgeon	18	--do--	1	1	0	2	
15	Pathologist	18	--do--	1	2	2	5	
16	Pediatric Surgeon	18	--do--	1	1	0	2	
17	Gynecologist	18	--do--	0	2	4	6	
18	Nero Surgeon	18	--do--	0	1	0	1	
19	Physician	18	--do--	0	2	2	4	
20	Psychiatrist	18	--do--	0	1	1	2	
21	Pediatrician	18	--do--	1	2	1	4	
22	Police Surgeon Female	18	--do--	0	1	0	1	
23	Police Surgeon Male	18	--do--	0	1	0	1	
24	Plastic Surgeon	18	--do--	0	1	0	1	
25	Ophthalmologist	18	--do--	0	0	2	2	
26	Senior Registrar Radiology	18	--do--	0	1	0	1	
27	Senior Registrar Orthopedic	18	--do--	0	1	0	1	
28	Senior Registrar Pulmonology	18	--do--	0	1	0	1	
29	Medical Officer	17	MBBS from recognized institution permanent PMDC registration	19	29	63	111	
30	Lady Medical Officer	17	--do--	5	7	35	47	
31	Dental Surgeon	17	BDS from recognized institution permanent PMDC registration	4	2	4	10	
32	Physiotherapist	17	Diploma of Physiotherapist	0	1	0	1	
33	Head Nurse	17	1. BS nursing from institute recognized by Pakistan Nursing Council. 2. General Nursing (3-year) Diploma and 1 year midwifery diploma are 1 yare specialization diploma 3. Permanent PNC Registration. 4. Verification of General Nursing and Midwifery / Specialty diploma from assuming board of PNC.	0	2	4	5	
34	Staff Nurse	16	--do--	0	6	9	15	
35	Male Nurse	16	--do--	0	3	0	3	

Term and Condition with Additional requirement and information: Interested and eligible candidates from all over province can apply for the said positions. Eligible candidates must submit two sets of attested copies of all educational credentials, professional experience, local / domicile certificate, CNIC, 4 passport-size photos along with updated CVs. Candidate working in government, semi-government and autonomous organizations should apply through proper channel with NOC issued from the employer / parent department. Only shortlist candidates will be called for interview by the Selection Committee. No TA/DA is admissible for the interview. Nature of appointment shall be contractual for a period of 2-year with the first year as a probationary period. The contractual tenure is extendable on the basis of excellent performance certificate issued by the concerned head. Selection shall be purely on merit basis and canvassing in any manner may lead to disqualification of the candidate. The Candidates terminated / dismissed prematurely from any government or non-government posts / positions of ground of discipline, moral turpitude, financial embezzlement or criminal offences are ineligible to apply. Concealment of facts or submission of any counterfeit document shall lead to dismissal from the position followed by legal disciplinary action. The competent authority i.e Commissioner Mekran reserves the right of canceling the position without any reason. Application can be delivered personally or by post / courier to the Commissioner Mekran Office at Turbat during the working hours. The last date to apply is 19th November 2024. Interview of the short listed candidates will be conducted on 21st November 2024. Incomplete applications in any regard or application received after due date shall not be entertained.

Divisional Director Health Services, Mekran Division at Turbat.

PRQ No.1911/12-11-2024

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420122164053 بنام محمد عیسیٰ ولد وزیر محمد کہیں گم ہو گیا ملنے پر رابطہ نمبر 03330250880 پر مطلع کریں

نمائندہ وقلعہ عبداللہ.............

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-97 رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ باردانہ مارکیٹ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت جان محمد ولد جہانگیر بذریعہ اتارنی تاج محمد ولد حق محمد کے نام ہے ٹرانسفر فدا محمد ولد فیض محمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے سات یوم کے اندر رابطہ کرے

R.No.........60478

ڈی سی چمن کا نان فنکشنل تکمیل شدہ رورل ہیلتھ سینٹر کلی حاجی بخت محمد کا دورہ

چمن (نامہ نگار) ضلع چمن ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج نان فنکشنل تکمیل شدہ رورل ہیلتھ سینٹر کلی حاجی بخت محمد کا دورہ کیا اس حوالے سے ڈی سی چمن نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ انشاء اللہ بہت جلد دیہی مرکز صحت کلی حاجی بخت محمد کو فنکشنل کیا جائے گا اور اس میں سٹاف اور ڈاکٹروں کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی

گمشدگی سروس بک

میری اصل سروس بک بنام قیصر رزاق ولد رزاق مسیح شناختی کارڈ نمبر 5530258605587 دوران سفر بی شہر میں گر کر گم ہو گئی ہے ملنے پر 03328298049 پر مطلع کریں المشتہر قیصر رزاق

نمائندہ بختیار آباد.............

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420346932877 بنام عبدالباری ولد عبدالخالق کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03362058652 پر مطلع کریں

نمائندہ وقلعہ عبداللہ.............

اطلاع عام

پلاٹ نمبر AS-410 رقبہ 300 مربع فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ جو کہ جان محمد ولد پائیدا خان کے نام پر ہے وہ وفات ہو چکے ہے اس لئے میں پلاٹ بنام ورثاء عبدالناصر ولد جان محمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے سات یوم کے اندر رابطہ کرے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

R.No.........60478

اطلاع عام

(1) بنگلہ نمبر B-122 رقبہ 1500 فٹ چمن ہاؤسنگ اسکیم اس وقت عبدالمالک ولد صاحبزادہ حاجی عبدالقادر (اتارنی) غلام جیلانی ولد فیض محمد کے نام ہے ٹرانسفر علی احمد جان ولد محمد ہاشم (2) پلاٹ نمبر B-123 رقبہ 3010 فٹ چمن ہاؤسنگ اسکیم عبدالجلیل ولد سلطان محمد کے نام ہے (اتارنی) غلام جیلانی ولد فیض محمد کے نام ہے ٹرانسفر علی احمد جان ولد محمد ہاشم کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

سلیم QDA.................

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔ ادور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

دکان نمبر 43/54 رقبہ 154 فٹ واقع سرکی روڈ سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ اس وقت حزب اللہ ولد عبدالنافع کے نام پر ہے ٹرانسفر آصف خان جوگیزئی ولد وزیر خان جوگیزئی کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے سات یوم کے اندر اندر رابطہ کرے

R.No.........60478

اطلاع عام

پلاٹ نمبر ACM-106 رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ باردانہ مارکیٹ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت عبدالغفار خان ولد شاداو بذریعہ اتارنی باز محمد ولد شیر محمد کے نام ہے ٹرانسفر فدا محمد ولد فیض محمد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں محکمہ کیو ڈی اے سے سات یوم کے اندر رابطہ کرے

R.No.........60478

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROJECT DIVISIONI QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates, **Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Main road Killi Haji Muhammad Hashim Bazai Baleli Metharzai and Sewerage Quetta PSDP 1388 (Z2024.0504) **TSE242511588483**	49,527,537
2	Construction of Road and Sewerage Khushal Street at Chashma Achozai Quetta PSDP 1489 (Z2024.0505) **TSE-242511588463**	49,527,582

Procurement s shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules- 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 34,669,307 PKR Amount in subsequent previous years showing financial capacity of the firm o CDR 2% of the estimated cost o Green Challan of Rs 1000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 28 November, 2024 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 28 November,2024 till 10:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** whyte Road Quetta. Phone no: 0819203582

Email: xenprojectdiv1@gmail.com

Executive Engineer Project Division-I, Quetta

PRQ No.1915/12-11-2024

از دفتر ڈپٹی کمشنر ضلع خضدار

اشتہار عام عوام الناس

بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (1) مسمی عبدالباری ولد عبدالغفور قوم مینگل سکنہ زیرہ میر تحصیل وضلع خضدار نے ٹوٹل رقبہ 1050.59 ایکٹر زبمقام پہاڑی خان بورنگ سب تحصیل آرنجی تحصیل وضلع خضدار برائے میگنا سائیٹ لیز درخواست گزاری ہے اس سلسلے میں اگر کسی شخص یا اشخاص اسرکاری و نیم سرکاری ادارے کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشاعت کے پندرہ (15) ایام کے اندر اندر دفتر زیر دستخطی میں اپنے ثبوت و اثبات کے ساتھ پیش ہوں بصورت دیگر کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا ... مورخہ 8/11/24 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

R.No........60477

از دفتر ڈپٹی کمشنر ضلع خضدار

اشتہار عام عوام الناس

بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (1) مسمی عبدالباری ولد عبدالغفور قوم مینگل سکنہ زیرہ میر تحصیل وضلع خضدار نے ٹوٹل رقبہ 1999.87 ایکٹر زبمقام خوشحال پہاڑی سب تحصیل آرنجی تحصیل وضلع خضدار برائے میگنا سائیٹ لیز درخواست گزاری ہے اس سلسلے میں اگر کسی شخص یا اشخاص اسرکاری و نیم سرکاری ادارے کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشاعت کے چند 15 ایام کے اندر دفتر زیر دستخطی میں اپنے ثبوت و اثبات کے ساتھ پیش ہوں بصورت دیگر کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اور بابت درخواست گزار کے حق میں برائے میگنا سائیٹ لیز دینے کیلئے سفارش کیا جائے گا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 8/11/24 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

R.No........60477

NOTICE UNDER SECTION 12 (2) OF LAND ACQUISITION ACT 1894"

"EXPANSION OF HIGH COURT OF BALOCHISTAN, QUETTA"

Notice under section 12 (2) is hereby issued to following individuals / persons interested in an award announced by the Collector Quetta District in sum of total Rs.657842884.65 for public purpose namely **Expansion of High Court of Balochistan**, @ 8050 per square feet land measuring 81719.613 square feet. The sum payable to person interested is mentioned against each in the schedule appended herein. If you are willing to accept payment, you should appear before me personally or by duly authorized agent within seven days. Moreover, payment shall not be made with respect to the properties under trial/litigation before Honorable Courts with regard to title/ownership until the cases are adjudicated to avoid infringement of rights any party.

S. #	Property / Survey No	Area acquired.	Name of Owners.
1	Survey No. 387/A	1355.33 Square Yards	Mr. Muhammad Ibrahim, Muhammad Arif, Muhammad Waseem, Qaiser Wali Muhammad
2	Survey No. 387/A/7	1646.11 Square yards	Mr. Suleman Tahir, Habib Tahir, Irfan Tahir, Rehman Tahir, Asia Safdar
3	387/A/9	1282.50 Square yards	Mr. Rehan Mohsin s/o Sheikh Muhammad Mohsin
4	387/A/15	1255.017 Square yards	Mr. Rehan Mohsin s/o Sheikh Muhammad Mohsin. The property is held for Commercial purpose
5	378/A/17	1486 Square yards	Noushina Malik w/o Ghafran Malik, Nazia Imran w/o Imran Maqbool, Nayyar Ahmed Malik. A court case regarding ownership of land is pending in High Court of Balochistan
6	387/A/18	2055 Square yards	Mr. Muhammad Raza Khan, Imran Khan, Salman Anwar Khan, Nigar Hussain. **A court case regarding ownership of land is pending before Honorable High Court of Baluchistan.**
		9079.957 Square yards	

Deputy Commissioner/Collector Quetta

PRQ No.1905/12-11-2024

چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارت کا پاکستان آنے سے انکار، پی سی بی نے آئی سی سی کو خط لکھ دیا

ہائبرڈ ماڈل قبول نہیں، بھارت کے بغیر بھی چیمپئنز ٹرافی کروا سکتے ہیں، کسی اور ٹیم کو بلوایا جاسکتا ہے، پی سی بی کا خط میں موقف

حکومت نے بھارتی ٹیم کے پاکستان نہ آنے کی ٹھوس وجوہات بھی پوچھ لیں، دیگر ٹیمیں پاکستان آسکتی ہیں تو بھارت کو کیا مسئلہ ہے، متن

چیمپئنز ٹرافی، وفاقی حکومت کا تمام اسٹیک ہولڈرز سے وسیع تر مشاورت کا فیصلہ

اجلاس میں پی سی بی، وزارت بین الصوبائی رابطہ سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے، ذرائع

ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی آسٹریلیا کو وائٹ واش کریں گے، محمد رضوان

22 سال اور 23 سال سے نہ جیتنے والی باتیں ختم کریں گے، کرکٹ میں جیت کی نئی تاریخیں درج کریں گے، ہم سب ایک ہو کر ایک جذبے کے ساتھ کھیلیں

ہدف بڑے ہونے چاہئیں، چیمپئنز ٹرافی، ورلڈ کپ اور اولمپکس جیسے ٹائٹل جیتنے ہیں تاریخ رقم کریں گے، قومی ٹیم کے کپتان کا کھلاڑیوں سے خطاب

شارجہ، افغانستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ میں افغانستان بولر وکٹ لینے کے بعد ساتھی کھلاڑیوں سے داد وصول کر رہا ہے

نعمان علی اکتوبر کے آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ قرار

تاریخی پرفارمنس کے لیے سپورٹ کرنے پر ٹیم کے ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، نعمان علی

نیوزی لینڈ کی آل راؤنڈر میلی کر آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ قرار

نیوزی لینڈ ویمن ٹیم کو آئی سی سی ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا

پاکستان اور بھارت کا بیس بال سیریز ممکن بنانے پر اتفاق

ٹورنامنٹ کے دبئی میں اختتام کے بعد پاکستان اور بھارت کی بیس بال فیڈریشنز کے درمیان سوونیئرز کا تبادلہ

پاکستان کیخلاف سیریز میں شکست، آسٹریلوی کپتان کونسرٹ میں دیکھ کر شائقین آگ بگولہ ہو گئے

کوئٹہ، بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے زیر اہتمام 10 واں آل بلوچستان آرچری چیمپئن شپ 2024 کے موقع پر مہمان خصوصی عبدالخالق ہزارہ پوزیشن ہولڈ کھلاڑیوں میں ٹرافی تقسیم کر رہے ہیں

سرباب چیلنج کپ ٹورنامنٹ، فائنل ستارہ بلوچستان نے اپنے نام کر لیا

فٹبال ایک عالمی کھیل ہے اس کے شائقین دنیا بھر میں بڑی تعداد میں موجود ہے نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں پر بھی بھرپور توجہ دینی چاہیے، سینئر رہنما بی این پی محمد اسماعیل

میچ کے آخر میں مہمان خصوصی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے نقد رقم کا اعلان کیا میچ کے آخر میں ٹورنامنٹ کمیٹی کے ممبران نے مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کیا

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں دوسرے سپورٹس میڈیسن سیمینار میں قومی ہیرو ارشد ندیم کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سری لنکا اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے میچ آج ہوگا

پاکستان کیخلاف سیریز آسٹریلیا کی بہت زیادہ ترجیحات میں شامل نہیں تھی: جیسن گلیسپی

کرکٹ آسٹریلیا بھارت کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی پر زیادہ توجہ دے رہا ہے، انٹرویو میں

چیمپئنز ٹرافی جنوبی افریقا منتقل کی جاسکتی ہے: بھارتی میڈیا نے نیا شوشہ چھوڑ دیا

آئی سی سی کا اگلا لائحہ عمل پی سی بی کے جواب پر منحصر ہوگا، پاکستان نے انکار کی وجوہات پوچھی

بھارتی ٹیم آئے یا نہ آئے، بلائنڈ ورلڈ کپ کی میزبانی پاکستان ہی کرے گا، سید سلطان شاہ

پاکستان بھارتی ٹیم کو ویزا دے رہا ہے، ان کی حکومت اجازت نہیں دے رہی، انجی اوز سے بات چیت

پاکستانی کھلاڑی سے شرٹ ملنے پر بھارتی لڑکا خوشی سے نہال

جنوبی افریقا اور بھارت کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج کھیلا جائیگا

میچ نائٹ ہوگا اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا، دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز 1-1 سے برابر ہے

عالمی نمبر تو الیگزینڈر زیروف اور کیسپر رڈ کا اے ٹی پی فائنلز میں فاتحانہ آغاز

اے ٹی پی فائنلز میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پہلے میچ میں روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کو شکست دی

ملکان کرکٹ تورہ شاہ پشین کے انتخابات مکمل ہو گئے

متفقہ طور پر محمد نعمان کو اگلے تین سال کے لیے ملکان کرکٹ کلب تورہ شاہ پشین کا صدر منتخب کر لیا گیا

سبی کے عوام 14 نومبر کو گھروں سے نکل کر تیر کے نشان پر مہر ثبت کریں، ملک ساجد

سبی کی تعمیر و ترقی عوام کا معیار زندگی بلند بنانے کے لیے خلوص نیت سے کردار ادا کرتے رہیں گے، سردار کوہیار خان ڈومکی

ڈومکی خاندان نے ہمیشہ سبی کے عوام کی بے لوث خدمت کی ہے، سردار محمد خان تھیجک، حاجی غلام رسول سیلاچی و دیگر کا خطاب

حبیب منگلزئی کا گورنمنٹ ہائی سکول ملا شہسوار کا اچانک دورہ

ڈی سی چمن کو سکول کی ہیڈ ماسٹر نے اسکول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

کیسکو صنعتی زون کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے، رائس ملز ایسوسی ایشن

عالمی مارکیٹ میں پاکستان کے چاول کی مانگ میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، عابد بھنگر

عوام سے کیے وعدوں کی پاسداری یقینی بنائی جا رہی ہے، بلال عمرانی

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، الحمید فاؤنڈیشن

ضلع جھل مگسی کا انفراسٹرکچر تباہ ہے کسی بھی شہر کی ترقی میں اہم کردار سڑکوں کا ہوتا ہے

ڈاکٹر مرشد دشتی کا گوادر کے مختلف بنیادی صحت مراکز (بی ایچ یوز) کا دورہ

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی مرکز صحت کلی حاجی بخت محمد کا جائزہ لے رہے ہیں

INVITATION FOR BIDS

The "**Executive Engineer (Building) CW, PP&H Department District Lasbela**" ("**Employer**"), has received the funds from the **Government of Balochistan through Public Sector Development Programme** towards the cost of **Executive Engineer (Building) "CW, PP&H Department" District Lasbela"** it is the intended the part of the proceeds of the funds will be applied to eligible payments under the contract for the "**ESTABLISHMENT OF FIELD OFFICES AT DAMB, GADDANI AND KUND MALIR & PROVISION OF MISSING FACILITIES IN COMPLETED PROJECTS AT DISTRICT LASBELA"** Biddings is open to all eligible bidders. Procurement shell be carried-out in accordance with BPPRA Rules, 2014. Tender fee **Rs: 3,000/-** (in shape of green challan dully deposited into National Bank of Pakistan City Branch Quetta under Head **C 02716** Tender Fee. Time limit 12 Months for each work

S.NO	Description	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF FIELD OFFICES AT **KUND MALIR** PSDP.2274 (Z2024.0795) 2024-2025 **TSE-242511588143**	16.20 M
2	PROVISION OF MISSING FACILITIES IN COMPLETED PROJECTS AT DISTRICT LASBELA PSDP NO. 2272 (Z2024.0792) 2024-25 **TSE-242511588193**	12.88 M

ELIGIBILITY: - Be registered with Pakistan Engineering Council (PEC) Civil Building Code in the appropriate category and valid renewal up to date. Have registration with FBR Income Tax Department duly active tax list (ATL) on FBR website. Have registration with BRA / BST Balochistan. Document evidence of at-least one similar nature of Civil Work carried-out specially the Building. The Bidder shall provide Audit Financial Statement and Bank Statement annual turn-over of the last three years. The bidder shall provide a Affidavit that his Firm is not Black listed by any Procuring Agency. Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Procedure of Procurement**: Single Stage Single Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of amount 2% Project Cost specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office & E-biding of the under-signed Rs. 3,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12, November, 2024 during office hours on working days **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 29, November, 2024 till 12:30 PM. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at 02:00 PM The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 29 November, 2024 are required to download the amended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Office of the Executive Engineer (Building) C,W PP&HD District Lasbela at Uthal Phone no: 0336-8159710
Email: aslamkhan19652019@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (BUILDING) C,W PP&HD District Lasbela at Uthal

PRQ No.1910/12-11-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Kalat Division invites sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2024-25, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL AT HINDU MOHALA WINDER DISTRICT LASBELLA (PSDP No.4244) **TSE-242511587723**	17,829,001

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2024-25) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above and the relevant Specialized code. The firm must be register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of the last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. Sequential page numbering of Bid Proposal. Signing and stamping of bid proposal wherever indicated as well as initial/ signature and seal on all other pages of proposals. The Proposal is bound as hard book to deny addition/ removal of pages' **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 2,000/- must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 27/11/2024 at 11:00 am. **Opening:** The bids will be opened on 27/11/2024 at 12:00 pm, before the procurement committee in the presence of firm/ contractors or their authorized representatives/ agents. Place of issuance and submission will be: - Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division. Telephone No. 0848413467
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: eeupddsibi4201@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER Urban Planning & Dev: Department Kalat Division

PRQ No.1912/12-11-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242511588713 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROJECT DIVISION-I QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD AND SIDE DRAIN MUGHALABAD JATTAK STOP DISTRICT QUETTA PSDP NO. 1391 Z2024.0425	54,476,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 38,133,200 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Green Challan of Rs 1000 CDR 2% of Estimated Cost **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk Issuance of tender Documents: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 28 November, 2024till 10:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System **Address:** whyte Road Quetta. Phone no: 0819203582
Email: xenprojectdiv1@gmail.com

Executive Engineer Project Division-I, Quetta

PRQ No.1914/12-11-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

LAND ACQUISITION

Whereas it appears to the Deputy Commissioner/ Collector, Quetta District, that the land measuring **93270 square feet**, situated at ward No. 14, Tappa Urban-4 & Ward No. 07 Tappa Urban No. 02, Tehsil City Quetta (detail given in the schedule appended below), is needed to be acquired by the **Deputy Commissioner/Collector, Quetta** for public purpose namely **"Development of Road and Allied Infrastructure from Science College, Hockey Chowk to Akram Hospital"**. It is hereby notified that the land in the locality ***(Details of the land can be seen obtained from the office of the undersigned during office hours)*** is likely to be acquired for the aforesaid purpose.

2. This declaration is made under **Section 4 of Land Acquisition Act, 1894** (1 of 1894), to all whom it may concern.

3. In exercise of the powers conferred by the said Section, the Deputy Commissioner /Collector, Quetta District, is pleased to authorize the officers, their servants and workmen for the time being engaged in undertaking work on the subject land to enter upon and survey the land in the locality and do all other acts, required or permitted by the said section.

4. Any person having interest in the land who has any objection to the acquisition of the above mentioned land may, as given under Section 5(A) of the said Act, file objections in writing before the Deputy Commissioner / Collector, Quetta District, within **Thirty Days (30)** of the publication of this notification.

Deputy Commissioner/Collector Quetta

PRQ No.1904/12-11-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیر اعلیٰ بلوچستان
وکلاء معاشرے کا پڑھا لکھا باشعور طبقہ ہیں جن کی مدد سے حکومتی اقدامات پر عمل درآمد میں آسانیاں پیدا ہوسکتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو پیپلز لائرز فورم کے عہدیداران واراکین بات چیت کرتے ہوئے کیا ملاقات میں صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، حاجی علی مدد جتک، پارٹی رہنما، سید اقبال شاہ بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے وکلاء سے صوبے کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ریلوے اسٹیشن بم دھماکے کے شہداء کی مغفرت اور لواحقین کے صبر جمیل کے لئے دعا کی گئی جبکہ شرکاء نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جلد صحت یابی کیلئے بھی خصوصی دعا کی، ملاقات میں باہمی مشاورت سے پیپلز لائرز فورم کی فعالیت اتحاد و اتفاق کے لئے خصوصی کمیٹی قائم کی گئی جس کی سربراہی چیف منسٹر بلوچستان کریں گے اراکین میں صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، بخت محمد کاکڑ اور پارٹی کے سینیئر رہنما، سید اقبال شاہ سمیت پیپلز لائرز فورم کے چار نمائندے شامل ہوں گے پی ایل ایف کے صوبائی صدر اس کمیٹی کے سیکرٹری ہوں گے ملاقات میں موجود پیپلز لائرز فورم کے عہدیداران واراکین سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے وکلاء سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج یا سیکورٹی فورسز کی نہیں بلکہ معاشرے کی ہر فرد کی جنگ ہے آئندہ کی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لئے دہشت گردی کا خاتمہ ضروری ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے پر عزم ہیں اور مل جل کر دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں وکلاء، عوام کی رہنمائی و معاونت کریں تاکہ عوامی مشکلات ومصائب کا ازالہ کیا جاسکے۔

بقیہ 2 — سرفراز بگٹی
اظہار انہوں نے گزشتہ روز غیر ملکی خبر رساں ادارے سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صوبے میں شدت پسندی کی کارروائیوں میں تیزی دیکھی گئی ہے اور گذشتہ چند ماہ کے دوران کالعدم شدت پسند تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی نے متعدد حملوں میں پاکستانی فورسز کو نشانہ بنایا ہے۔ ان حملوں میں تازہ ترین حملہ رواں ہفتے کوئٹہ کے ریلوے سٹیشن پر ہونے والا خودکش حملہ تھا جس میں سکیورٹی اہلکاروں کے علاوہ عام شہری بھی لقمہ اجل بنے۔ اس حملے کی ذمہ داری بھی بی ایل اے نے قبول کی اور اسے اپنی 'بڑی انٹیلی جنس کامیابی' قرار دیا۔ خودکش حملے میں 30 سے زیادہ افراد کی ہلاکت کے بعد بلوچستان میں تین روزہ سوگ منایا جا رہا ہے لیکن حالات کی کشیدگی کی جھلک کوئٹہ کے شہریوں کی بات چیت میں واضح ہے اور وہ اس خوف کا اظہار کر رہے ہیں جو صوبے میں علیحدگی پسند تنظیموں کے حملوں اور پھر ان کے خلاف ریاستی کارروائیوں کی وجہ سے بڑھتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سٹیشن حملے کی تحقیقات کا سلسلہ جاری ہے اور آئندہ چند روز میں تحقیقات مکمل کر کے خودکش حملہ آور کے 'سہولت کاروں، ان کے ہینڈلرز اور رابطہ کاروں' کو گرفتار کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کا ذمہ دار بلوچستان لبریشن آرمی اور گذشتہ چند سالوں میں 'ان گروہوں کو خوش کرنے کی حکومتی اور مقتدرہ کی پالیسی' کو ٹھہرایا تاہم وہ کہتے ہیں کہ اب 'اس تنظیم سے بات چیت نہیں کی جائے گی'۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مشکل صورتحال کا سامنا ہے جس کی وجہ 'دشمن کا واضح نہ ہونا ہے۔' یہ ایک خفیہ معلومات کی بنیاد پر لڑی جانے والی جنگ ہے اور کسی کو شک نہیں کہ را (انڈین خفیہ ادارہ) اس کی فنڈنگ کر رہا ہے۔ بلوچستان کی اپنی کمیاں ہیں جس کی وجہ سے وہ ان کا مرکز بن گیا ہے۔ اب اس جنگ کو انٹیلی جنس سے ہی قابو کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اب اس سلسلے میں موجودہ حکمت عملی پر نظر ثانی اور مستقبل کی حکمت عملی کے بارے میں کام کر رہی ہے۔ 'ہم واپس بلیک بورڈ کی جانب جا رہے ہیں تاکہ یہ طے کر سکیں کہ سٹریٹجی بنائیں اور دیکھیں کون سی سٹریٹجی کام نہیں کر رہی جو پے در پے واقعات ہو رہے ہیں۔' انہوں نے کہا کہ چند سال پہلے بلوچستان کے اس وقت کے کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی نے بلوچ علیحدگی پسندوں کو واپس قومی دھارے میں لانے کی کوشش کی جو ان کے خیال میں غیر مناسب حکمت عملی تھی جس کا صوبے کو اب نقصان ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دیکھنا ہوگا کہ وہ کون سی غلطی ہے جو ہم نے ٹی ٹی پی کے لیے بھی کی کہ ہم نے انھیں چھوڑا اور واپس لائے اور یہی غلطی ہم نے بلوچ علیحدگی پسندوں کے ساتھ بھی کی کہ انھیں چھوڑ دیا اور اب دیکھیں وہ کیا کر رہے ہیں۔' خیال رہے کہ سابق کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی دوران ملازمت بلوچستان کے ہی ضلع لسبیلہ میں ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہوئے تھے اور فوج کی جانب سے کہا گیا تھا کہ ان کی شہادت ہیلی کاپٹر میں تکنیکی خرابی اور خراب موسم کے باعث ہوئی تھی۔ اس سوال پر کہ بلوچستان میں جاری سکیورٹی فورسز کے آپریشنز اور بی ایل اے جیسی شدت پسند تنظیموں کے حملوں کا یہ سلسلہ ختم کرنے کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کیوں نہیں کیا جاتا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 'جو لڑ رہے ہیں وہ یہ نہیں کہتے کہ ہماری کوئی شکایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم بلوچ شناخت (کی بنیاد) پر پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں۔ اور پورا پاکستان اس تذبذب میں ہے کہ یہ حقوق کی کوئی جنگ ہے یا مرکز کے ساتھ کوئی اختلاف ہے۔ ایسا کچھ نہیں ہے۔ نہ وہ لڑنے والا بلوچ اس دلیل پر یقین کرتا ہے اور نہ ہی اس میں کوئی سچائی ہے۔' انہوں نے کہا کہ اس تذبذب کے نتیجے میں اب پاکستانی قوم یہ سمجھتی ہے کہ مذہب کے نام پر دہشتگردی ہے۔ مگر قوم پرستی کے نام پر دہشتگردی (کا مطلب) ناراض بلوچ ہیں'۔ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ تاثر درست نہیں کہ بلوچستان میں فوجی آپریشن کیے جا رہے ہیں۔ 'اس وقت بلوچستان کے کسی بھی علاقے میں فوجی آپریشن نہیں کیے جا رہے۔ پیرا ملٹری فورسز جن میں ایف سی بلوچستان، لیویز، سی ٹی ڈی اور پولیس شامل ہیں۔

بقیہ 3 — آئی ایم ایف
جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے آئی ایم ایف کے وفد نے مشن چیف نیتھن پورٹر کی قیادت میں وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کی، جہاں وفاقی وزیر خزانہ نے وفد کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال بھی موجود تھے۔ آئی ایم ایف وفد کی حکام سے ملاقات میں 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام پر عمل درآمد میں اب تک ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا اور وفد کو بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں آئی ایم ایف کے وفد نے پیٹرولیم مصنوعات پر جی ایس ٹی نافذ کرنے اور پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) 60 روپے سے بڑھا کر 70 روپے فی لیٹر کرنے کی تجویز دے دی۔ آئی ایم ایف کی تجویز ماننے کی صورت میں 16 نومبر سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف نے ایل این جی کی درآمد پر سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ختم کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے اور ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کے لیے اضافی ریونیو اقدامات کی تجویز دی ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف کو معاشی استحکام کے تسلسل کے لیے اصلاحات کا عمل جاری رکھنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف کے وفد کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں مالی سال 2024-25 کی پہلی سہ ماہی کے زیادہ تر اہداف حاصل کر لیے گئے ہیں اور پروگرام پر مکمل عمل درآمد کیے جانے کا اعادہ کیا۔ وزارت خزانہ نے بتایا کہ آئی ایم ایف کو معاشی استحکام کے تسلسل کے لیے اصلاحات کا عمل جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی گئی جبکہ آئی ایم ایف نے یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ ایل این جی کی درآمد پر سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ختم کی جائے تاکہ ایل این جی کی خریداری نجی شعبے کے ذریعے کی جائے اور مقابلے کی فضا قائم ہو۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف کو رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی پر بریفنگ دی جائے گی، جولائی تا ستمبر رائٹ سائزنگ کے لیے اقدامات سے آگاہ کیا جائے گا اور اس کے ساتھ رائٹ سائزنگ کی مد میں ڈیڑھ لاکھ سرکاری بھرتیاں ختم کرنے پر بریفنگ دی جائیگی، رائٹ سائزنگ کے اقدامات سے اخراجات میں کمی کے بارے میں آگاہ کیا جائیگا اور رائٹ سائزنگ کے آئندہ اقدامات اور اہداف پر بات ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کو پی آئی اے کی نجکاری کا ہدف حاصل نہ ہونے سے آگاہ کیا جائے گا، آئی ایم ایف نے پی آئی اے کی نجکاری 31 اکتوبر تک مکمل کرنے کا ہدف دیا تھا تاہم پی آئی اے از سر نو نجکاری کے طریقہ کار اور نئے اہداف پر آئی ایم ایف کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف کا وفد 15 نومبر تک پاکستان میں قیام کرے گا، اس دوران صوبوں میں زرعی آمدن پر ٹیکس بڑھانے پر بھی خصوصی سیشنز ہوں گے اور وفد صوبائی حکومتوں سے بھی ملاقات کرے گا۔ آئی ایم ایف کے وفد کی صوبائی حکومت سے ملاقات کے دوران توانائی اصلاحات پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا، بجلی اور گیس کے ریٹ بروقت طے کرنے پر بھی بات ہوگی۔ اس سے قبل، وزیر خزانہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطح پر مذاکرات کے آغاز کے ساتھ ہی پاکستان نے پیر کے روز آئی ایم ایف کو مطلع کیا کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ٹیکس مشینری نے ریٹیلرز، تھوک فروشوں اور ڈسٹری بیوٹرز سے 11 ارب روپے جمع کیے ہیں۔ تاہم، تاجر دوست اسکیم (TDS) کے بارے میں توقعات پوری نہیں ہوسکیں

بقیہ 4 — وزیراعظم
ڈالر درکار ہوں گے قرض ترقی پذیر ممالک کیلئے موت کی طرح ہے، گلوبل کلائمیٹ فنانس فریم ورک کے از سر نو تعین کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی میزبانی میں کلائمیٹ فنانس گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ اس اہم کاپ۔29 گول میز کانفرنس میں تمام شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہیں جنہوں نے اس اہم نوعیت کی کانفرنس کیلئے وقت نکالا، اس کانفرنس کا مقصد پرانے معاملے جواب پیچیدہ ہو چکے ہیں، کے حل کیلئے نئی سوچ اور راہیں تلاش کرنا ہے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے فریم ورک پر عمل کرنا ہوگا، ترقی پذیر ممالک کو این ڈی سیز پر اپنے عوام کیلئے خدمات دینا ہوں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو 2030ء تک این ڈی سیز کے نصف پر عملدرآمد کیلئے 6.8 ٹریلین ڈالر درکار ہوں گے، ڈونرز ممالک کو اپنے ترقیاتی امداد کے وعدے پورے کرنا ہوں گے، کاپ۔15 میں ایک ارب ڈالر فنانسنگ کے وعدے کئے گئے تاہم اس میں صرف 160 ملین ڈالر فراہم کئے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان بھی دیگر ترقی پذیر ممالک کی طرح موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہوا ہے اور اسے ماضی قریب میں دو بڑے سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا جس کی بحالی کا سلسلہ ابھی بھی جاری ہے، 2022ء میں پاکستان کے کل رقبے کا ایک تہائی حصہ تباہ کن سیلاب سے متاثر ہوا جس کے بعد اس کے تمام ترقیاتی اور کلائمیٹ فنڈ بنیادی ریلیف اور انسانی کاوشوں کیلئے صرف کرنے پڑے، ترقی یافتہ ملکوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے آگے آنا ہوگا، موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ترقی پذیر ممالک شدید مشکلات کا شکار ہیں، اقوام متحدہ کے فریم ورک کے مطابق اس کیلئے خصوصی فنڈز مختص کرنا ہوں گے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے فنانسنگ کے نام پر قرض کی فراہمی کی بجائے غیر قرضہ جاتی حل پر توجہ مرکوز کئے جانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 5 — فورسز
کارروائی ہنگو میں شاوہ کے مقام پر کی گئی، ٹی ٹی پی کمانڈر عصام الدین، کمانڈر ممتاز عرف عتیق کا قریبی ساتھی تھا۔

بقیہ 6 — آئینی بنچز
نے ٹیلیفون پر کمیٹی میٹنگ میں شرکت کی، کمیٹی نے فیصلہ کیا ہر درخواست کو باری پر لگایا جائے گا، جاری اعلامیہ میں کہا گیا اجلاس کا مقصد آئینی بنچز کی تشکیل کیلئے معاملات پر تبادلہ خیال کرنا تھا، جسٹس جمال خان مندوخیل نے شرکت کی، جسٹس علی مظہر ٹیلی فونک کال کے ذریعے شریک ہوئے، رجسٹرار نے کمیٹی کو زیرالتوا آئینی مقدمات سے آگاہ کیا، کمیٹی نے فیصلہ کیا پرانے زیرالتوا آئینی مقدمات کو ترجیح دی جائے گی، 14 اور 15 نومبر کو جسٹس عائشہ ملک دستیاب نہیں ہوں گی، 14،15 نومبر کو تمام دستیاب ججز پر مشتمل بینچ مقدمات کی سماعت کرے گا، رجسٹرار کو بینچ کے سامنے مقدمات سماعت کیلئے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی گئی، جسٹس علی مظہر کی اسلام آباد واپسی کے بعد کمیٹی کا آئندہ اجلاس 13 نومبر کو ہوگا۔

بقیہ 7 — ترجمان پولیس
سینٹ شبلی فراز بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے ملنے اڈیالہ جیل پہنچے، قائد حزب اختلاف پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بچھر، سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا، سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، پی ٹی آئی کی خاتون رہنما عالیہ حمزہ بھی اڈیالہ گئے، پی ٹی آئی کے تمام رہنما گیٹ نمبر 5 پر پہنچے، سکیورٹی کلیئرنس ملنے کے بعد سب جیل کے اندر چلے گئے، اسد قیصر، شبلی فراز، عمر ایوب، ملک احمد خان، صاحبزادہ حامد رضا کو حراست میں لے کر اڈیالہ چوکی میں منتقل کیا گیا عالیہ حمزہ گرفتاری سے بچ کر نکلنے میں کامیاب ہو گئیں، پولیس کے مطابق پی ٹی آئی کے تمام رہنماؤں کو دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا گیا، قانون کی عملداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، شیخ وقاص اکرم نے کہا اپوزیشن لیڈر سینیٹ، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی تینوں کو گاڑیوں سے گھسیٹ کر گرفتار کیا گیا فسطائیت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، بعدازاں پولیس نے شبلی فراز، عمر ایوب، احمد بچھر، صاحبزادہ حامد خان اور اسد قیصر کو رہا کر دیا، اسد قیصر نے رہائی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا غیر قانونی طور پر چوکی کی حوالات میں بند رکھا گیا

بقیہ 8 — نادرا سے ڈیٹا چوری
اسمبلی آغا رفیع نے ذمہ داروں کیخلاف تاحال کارروائی نہ کیے جانے کا انکشاف کیا، راجہ خرم نواز کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس میں آغا رفیع نے کہا 27 لاکھ لوگوں کا ڈیٹا چوری ہونے کا مسئلہ نہیں تھا، اصل میں کچھ اہم لوگوں کا ڈیٹا لیک ہونے پر تکلیف ہوئی،

بقیہ 9 — گلگت
پیش آیا اور دریا میں جا گری، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر نے باراتیوں کی بس کو پیش آنے والے حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 10 — وقاص اکرم
کی انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) نے شیخ وقاص اکرم کے وارنٹ گرفتاری عدم پیشی پر جاری کیے، تھانہ حسن ابدال ضلع اٹک میں دہشت گردی کے 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 11 — علی امین گنڈاپور
پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، حکومت اس طرح کے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہے، صوابی جلسہ میں امریکی جھنڈا لانے والا پٹواری تھا، میں ڈھونڈ رہا ہوں۔

بقیہ 12 — ریسٹ ہاؤسز
ہاؤسز متعلقہ محکموں کو دیئے جائیں گے، صوبائی کابینہ نے ریسٹ ہاؤسز متعلقہ محکموں کو واپس کرنے کی منظوری دیدی۔

بقیہ 13 — عادل بازئی
ابزو سے نااہلی ریفرنس پر 3 دسمبر تک جواب مانگ لیا چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں تین رکنی کمیشن نے سماعت کی عادل بازئی کے وکیل نے کمیشن میں جمع کروایا بیان حلفی جعلی ہونے کا موقف اپناتے ہوئے کہا کہ بیان حلفی کا فرانزک ٹیسٹ کروالیں جعلی ثابت ہوگا وکیل نے کہا کہ انہوں نے کبھی ن لیگ میں شمولیت اختیار نہیں کی۔ ن لیگ کی ریفرنس میں بھی درج ہے کہ عادل بازئی حکومتی بنچز پر نہیں بیٹھے۔ موکل کا شناختی کارڈ نمبر بھی درست نہیں لکھا گیا وکیل نے مزید کہا کہ اسٹامپ پیپر پر نوٹری پبلک کی تفصیلات بھی درج نہیں۔

بقیہ 14 — فائز عیسیٰ
میں کچھ ممکنہ ناموں میں ریٹائرڈ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور دیگر سابق ججز کے نام بھی شامل ہیں، ریٹائرڈ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے چیف الیکشن کمشنر کا آئندہ سربراہ بننے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، خیال رہے موجودہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان آئندہ برس جنوری کے آخر میں عہدے سے سبکدوش ہو جائیں گے۔

بقیہ 15 — ڈی جی ایف آئی اے
کے اجلاس میں انسانی سمگلنگ کے کیسز پر بحث کی گئی، ڈی جی ایف آئی اے نے کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا پچھلے 3 سال میں بیرون ملک سے 4 ہزار بھکاریوں کو گرفتار کر کے پاکستان واپس بھیجا گیا، کچھ منظم گینگ بھکاریوں کو باہر بھیجتے ہیں

بقیہ 16 — جسٹس محسن اختر کیانی
گا تو دیر ہو جائے گی، ہائی کورٹ میں نیب کے دائرہ اختیار سے متعلق کیس کی سماعت میں جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ بغیر دانتوں والا نیب بھی انکوائری کرے اور لوگ بھی کرپشن کیس کی انکوائری شروع کرنے سے پہلے جیل بھی بھیج لیا کرے اب تحقیقات کر بھی سکتا ہے یا نہیں؟ پارلیمنٹ نے اربوں روپے مالیت کے کرپشن کیسز ختم کر دیئے جسٹس محسن اختر کیانی نے مزید کہا کہ ایک سو سے زائد بڑے کرپشن کیسز ختم ہو چکے، ملزم بیرون ملک بھی چلے گئے، جب پارلیمنٹ کو ہوش آئے گا تو بہت دیر ہو جائے گی۔

بقیہ 17 — توشہ خانہ کیس
بغیر کسی کارروائی کے 14 نومبر تک ملتوی کر دی گئی سپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند کی عدم دستیابی کے باعث سماعت ملتوی کی گئی۔

بقیہ 18 — چین اور پاکستان
اے آرمی ہیڈ کوارٹر، بیجنگ میں ہوئی۔ بات چیت میں عالمی اور علاقائی صورتحال کو تبدیل کرنے اور دو طرفہ فوجی تعاون کو بڑھانے کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ملاقات کے دوران، سی جی ایس نے کراچی میں حالیہ دہشت گردانہ حملے میں چینی جانوں کے ضیاع پر دلی تعزیت کا اظہار کیا

بقیہ 19 — وومن ڈویلپمنٹ
احتساب عدالت میں وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں کروڑوں روپے کی کرپشن پر ریفرنس سماعت ہوئی، عدالت نے سابق سیکرٹری بدر جمیل میندرو و دیگر کیخلاف ریفرنس چیئرمین نیب کو واپس بھیج دیا، عدالت نے ریمارکس دیئے ریفرنس نیب قوانین میں تبدیلی کے بعد نیب کورٹ کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، پراسیکیوٹر نیب کے مطابق نیب حکام کیس کو سماعت کیلئے صوبائی اینٹی کرپشن کورٹ میں بھیجیں گے۔

بقیہ 20 — گورنر
ضروری ہے کہ ہم اپنے تنظیم مقصد کیلئے دوبارہ عہد کریں باہمی اتحاد اور اجتماعی عمل کے ذریعے ہم اپنے روشن مستقبل کو یقینی بنا سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پاکستان مسلم لیگ ن کے ڈویژنل اور ضلعی صدور سمیت پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس دوران پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، وزراء سلیم احمد کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، حاجی میر برکت علی رند، راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی اختر بی بی اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل سمیت ڈویژنل و ڈسٹرکٹ صدور اور کارکنوں، وکلاء اور خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سیاسی جماعتوں میں کارکنان کی مشکلات اور شکایات بھی ہوتی ہیں اس سلسلے اپنے کارکنوں کا سیاسی فریضہ ہے کہ وہ اپنے مسائل اور شکایات اپنے منتخب اراکین کے سامنے اخلاقی اور تعمیری انداز میں پیش کریں ہم اپنے چھوٹے چھوٹے اختلافات کے باوجود مشترکہ بنیاد تلاش کر سکتے ہیں

بقیہ 21 — غزہ
کے دوران اسکے مزید چار فوجی مارے گئے۔ ہلاک ہونے والے فوجیوں میں اسٹاف سارجنٹ 20 سالہ مالے ادوم، اسٹاف سارجنٹ 21 سالہ ناوائر اسولین، اسٹاف سارجنٹ 21 سالہ گیری لالبرو والیکساز ولٹ، اسٹاف سارجنٹ 20 سالہ او فیر ایلیا ہو شامل ہیں، تمام فوجیوں کا تعلق کفیر بریگیڈ کی شمشون بٹالین سے تھا۔

بقیہ 22 — اثاثہ جات کیس
کے نوٹس کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، الیکشن کمیشن کے وکیل نے بتایا ان کو نوٹس جاری کیا آپ آئیں اور ہمارے ساتھ ایک کپ چائے پی لیں اور کچھ نہیں لکھا، وکیل نے کہا ان کی ٹوٹل ڈیکلیئر کے پاس زمین ہے جو قانونی طور پر نہیں لے سکتے، اس کا معاملہ ہے، علی امین کہہ رہے ہیں زمین بیچ دی ہے اب وہ اس کے مالک نہیں جبکہ یہ 735 کنال زمین ہے اور آصف نامی شخص بے نامی دار تھا،

بقیہ 23 — کوئلہ کانوں
معدنیات نے کوئلہ کانوں میں ناقص حفاظتی اقدامات ہونے پر 119 کوئلہ کانیں سیل کر دی بلوچستان میں محکمہ معدنیات کے ریکارڈ کے مطابق رواں سال جنوری سے اکتوبر تک صوبے کے مختلف علاقوں دکی، ہرنائی، شاہرگ، مچھ، کوئٹہ اور چمالانگ کی کوئلہ کانوں میں زہریلی گیس بھرنے، مٹی کا تودہ گرنے اور آگ لگنے سمیت 28 حادثات رپورٹ ہوچکے ہیں ان حادثات میں 73 کان کن جاں بحق اور پچاس سے زائد زخمی ہوئے، کان کنوں کی ہلاکت کے زیادہ واقعات دکی، ہرنائی اور کوئٹہ کی کوئلہ کانوں میں پیش آئے۔

بقیہ 24 — رانا ثناء
نکلے گا علی امین گنڈاپور سر سے کفن باندھ کر آنا چاہتے ہیں تو پہلے استعفیٰ دیں، بانی پی ٹی آئی جب تک ہٹ دھرمی کی پالیسی ختم کر کے سیاسی جماعتوں کے ساتھ نہیں بیٹھیں گے، کوئی راستہ نہیں ملے گا، بانی پی ٹی آئی جس قسم کی کال دے رہے ہیں اس کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو کریک ڈاؤن کی کھلی چھوٹ ملے گی اور پھر یہ روئیں گے۔

بقیہ 25 — ایئرپورٹ پر خودکش
پر صدر کے ہوٹل میں کمرہ لیا، دہشتگرد دوسرے دن صبح 10 بجکر 57 منٹ پر گاڑی میں ہوٹل سے نکلا، شاہ فیصل سے صدر میں سوئی سینٹر کراس کیا پھر صبح 11 بجکر 2 منٹ پر ایمپریس مارکیٹ سے ریمبو سینٹر دو بجکر 22 منٹ پر ڈی ایچ اے فیز ون کے سگنل پر پہنچا، فوٹیج میں کورنگی سے اختر دہشتگرد کو جاتے دیکھا جاسکتا ہے پھر شام 5 بجے پٹرول پمپ کراس کر کے ایئرپورٹ پہنچا، 6 بجکر 29 منٹ پر دہشتگرد صدر زینب مارکیٹ پر دیکھا جاسکتا ہے، 6 بجکر 31 منٹ پر واپس اپنے ہوٹل پہنچا، دہشتگردی کے روز شاہ فیصل کو ہوٹل کا دور پر دیکھا جاسکتا ہے

بقیہ 26 — پشاور پولیس
ملزم ولی کا تعلق تکفیری گروپ سے ہے، 2021 میں جماعت الاحرار سے رابطہ کیا اور پھر افغانستان چلا گیا جہاں ملزم کی خراسانی، جماعت الاحرار کے دیگر دہشتگردوں سے ملاقات ہوئی، ملزم کو افغان فورسز نے بھی گرفتار کیا، جماعت الاحرار سے تعلق رکھنے والے جنید نے رہا کرایا، جنوری 2022 میں بھی ملزم نے پادری کو ٹارگٹ کیا، ورسک روڈ دھماکے میں بھی ملوث رہا، دہشتگردی کے منصوبے پر کام کر رہا تھا پکڑا گیا، سی ٹی ڈی کے مطابق ملزم باڑہ خیبر سے خودکش حملہ آور کو پشاور لے کر آیا، خودکش دھماکا کرانے کے بعد ملزم نے افغانستان میں دہشتگردوں کو اطلاع دی، ملزم نے سارا کام 2 لاکھ روپے کے عوض کیا، ملزم ولی نے 2 لاکھ روپے کے لیے اپنے 86 ساتھیوں کو شہید کرایا۔

بقیہ 27 — ایف آئی آر درج
10 سے 12 افراد کے خلاف پولیس مقابلے کا مقدمہ درج کیا گیا، ایف آئی آر میں قتل، اقدام قتل، کار سرکار میں مداخلت سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں، اور شاہد کے بھائی شاہ دین اور خالد کو نامزد کیا گیا،

بقیہ 28 — فیملی کی ملاقات
خان نے حکم جاری کیا، عدالتی حکم میں لکھا گیا بانی پی ٹی آئی عمران خان کی فیملی کو فراہم کردہ لسٹ کے مطابق منگل کو ملاقات کرائی جائے، فیملی کی ملاقات رواں ہفتے منگل کے بجائے جمعرات کو کرائی جائے۔

بقیہ 29 — وزیراعلیٰ
باکسنگ مقابلہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اور انہوں نے گزشتہ کئی سالوں کے دوران اپنی کارکردگی سے اس بات کا عملی ثبوت بھی دیا ہے کھیلوں کے میدانوں میں بلوچستان کے نوجوانوں کی مسلسل فتح اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ بلوچستان کے نوجوان صلاحیتوں اور لیاقتوں سے مالا مال ہیں صوبائی حکومت اس امر کو ہر صورت یقینی بنائے گی

بقیہ 30 — فائرنگ
بچاتے ہوئے بے قابو ہوکر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق جب کہ 30 سے زائد زخمی ہوگئے 10 افراد کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سے کراچی جانے والی مسافر کوچ دشت متورا کے قریب موٹر سائیکل بچاتے ہوئے حادثے کا شکار اطلاع ملتے ہی لیویز انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی جان بحق اور زخمی افراد کو ہسپتال منتقل کیا' جاں بحق افراد میں سید ناصر علی ولد سید محمد سکنہ ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ، توقیر ولد توفیق احمد، دانیال علی ولد بہار علی سکنہ بحریہ ٹاؤن اسلام آباد شامل ہیں جب کہ زخمیوں میں سہیل احمد ولد قائم خان قوم مینگل سکنہ عوامی پمپ، سیدہ بی بی زوجہ سید ناصر سکنہ بروری، حسنہ ولد کریم بخش سکنہ عوامی پمپ فیض خان ولد خان زمان سکنہ کان مہترزئی، اسمہ اللہ ولد غلام فاروق سکنہ بائی پاس، آمنہ ولد توصیف، نذیر ولد ریاض احمد سکنہ کاسی روڈ، نوید ولد امیر بخش، عبداللہ ولد فدا حسین سکنہ کندھ کوٹ، محمد حنیف ولد محمد اسلم سکنہ آواران، شہسوار ولد شبیر احمد سکنہ آواران، زہرہ بی بی ولد زاہد حسین سکنہ کراچی، محمد حسین ولد نور محمد سکنہ کوئٹہ، محمد ایوب سکنہ تربت، سلام ولد غلام فاروق، رحمٰن اقبال ولد محمد اقبال ظہیر احمد ولد بیگ محمد درینگوہ مستونگ، نوید احمد ولد امیر بخش گوادر، محمد ارسلان نیزی، محمد شفیق خیزی، محمد حسین ولد نور محمد، بادالدین ولد عبدالمنان قلعہ عبداللہ، حنا ولد توصیف کراچی، عاطف ولد توصیف کراچی، حمیدہ ولد توصیف کراچی، سرور خان ولد حسن خان ژوب، منظر علی ولد قمر شاہ راولپنڈی شامل ہیں۔

بقیہ 31 — ٹراما سینٹر
ہونے والے ریلوے اسٹیشن پر خودکش حملے میں زخمی ہونے والا محمد سلیم گزشتہ روز ٹراما سینٹر کوئٹہ میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ہلاکتوں کی تعداد 27 ہوگئی تاحال 10 زخمی ٹراما سینٹر میں زیر علاج ہیں

بقیہ 32 — قائمہ کمیٹی
بجلی چوری روکنے کے حوالے سے ایکٹ کے ذریعے مزید اختیارات حاصل کر رہے ہیں، جس کیس میں قابل دست اندازی نہ ہو پولیس کارروائی نہیں کر سکتی، جب مقدمات کا اندراج کیا تو سندھ حکومت سے اعتراض آیا،

بقیہ 33 — انٹرا پارٹی
موقف دیتے ہوئے استدعا کی سپریم کورٹ نے 21 اکتوبر کا فیصلہ یکطرفہ طور پر دیا،

بقیہ 34 — چیئرمین نیب
میں سرمایہ کاری کے نام پر شہریوں سے بڑے پیمانے پر فراڈ کیس میں ڈی جی نیب کراچی، چیئرمین نیب و دیگر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے استفسار کیا کہ عدالتی احکامات کے مطابق تحقیقات مکمل ہو چکی ہیں؟

بقیہ 35 — سیکورٹی خدشات
حکومت بلوچستان کی درخواست پر بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 8 سبی پر ہونے والے ضمنی انتخابات کی تاریخ تبدیل کرتے ہوئے 14 نومبر کی بجائے 17 نومبر کردی،

بقیہ 36 — نعشیں ورثاء
عظمت اللہ سہراب پسران حبیب اللہ اقوام لہڑی بتائے جاتے ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء قلات کے دیہی علاقے شیخڑی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے یونین کونسل اسکلکو کے چیئرمین غلام مصطفیٰ شاہوانی کے بھتیجے کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے انتظامیہ کے مطابق واقعہ قبائلی دشمنی کا شاخسانہ ہے مزید تحقیقات انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء وڈھ سے این اے آئی کے مطابق وڈھ میں جتک ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن فائرنگ سے ایک شخص جان بحق

بقیہ 37 — کمشنر رخشان ہاؤس
جس میں کوئی جانی اور مالی نقصان نہیں ہوا، کمشنر رخشان ہاؤس اور ریجنل الیکشن کمیشن کے دفتر قریب قریب ہیں۔

بقیہ 38 — میگا کرپشن کیس
رہنما پرویز الٰہی کیخلاف ترقیاتی منصوبوں میں میگا کرپشن کے ریفرنس پر سماعت ہوئی، اے ٹی سی کے جج زبیر شہزاد کیانی نے سماعت کی دوران سماعت سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے وکلا نے پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی درخواست منظور کرلی۔

بقیہ 39 — نواز شریف
اگر بگڑے ہیں تو سنوارنے کی ضرورت ہے، کسی سے تعلقات خراب رکھ کر کرنا کیا ہے؟ بھارت کیساتھ تعلقات سنوارے جاسکتے ہیں مجھے کوئی مشکل نظر نہیں آتی، پاکستان امریکہ تعلقات اچھے رہے ہیں اور اچھے رہنے چاہئیں، پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا پورا ملک ہی دیکھنا چاہتا ہے ڈیڑھ ارب درخت، 50 لاکھ نوکریاں کہاں ہیں، 300 ڈیم کہاں ہیں، ہمیں تو کچھ نظر نہیں آتا

بقیہ 40 — روبینہ خالد
والی خواتین کو فارم ب کے اجراء اور نادرا سے متعلق دیگر اہم سہولیات کی فراہمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین نادرا نے روبینہ خالد کو بی آئی ایس پی مستحق خواتین کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مکمل یقین دہانی کرائی۔ روبینہ خالد نے چیئرمین نادرا کو آگاہ کیا کہ مغربی افریقی ممالک کا اعلیٰ سطحی وفد 11 سے 14 نومبر تک بی آئی ایس پی کے مطالعاتی دورے پر ہے۔ روبینہ خالد نے چیئرمین نادرا کو وفد کے اعزاز میں 14 نومبر کو منعقد کی جانے والی اختتامی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو بھی کیا۔

بقیہ 41 — پلاسٹک بیگز
اور پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ ضلع کوئٹہ کی حدود میں پلاسٹک بیگز کے داخلے کی اجازت نہ دی جائے۔ دریں اثناء کمشنر کوئٹہ ڈویژن ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایک حکمنامہ کے مطابق میونسپل حدود کے 58 وارڈز میں موجود تمام ڈیری فارمز اور مویشی فارمز پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ حکمنامہ میں مزید کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے شہری علاقوں میں اب نئے مویشی یا ڈیری فارم قائم کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ان فارمز کو جو گزشتہ دو سالوں میں عدالت کے احکامات کے باوجود قائم کی گئے ہیں انہیں منتقل کرنے کے لیے 15 دن کی مہلت دی گئی ہے۔

بقیہ 42 — کریک ڈاؤن
شاپس کے مالکان کے خلاف دودھ کی معمولی مقدار میں خشک پاؤڈر اور پانی کی ملاوٹ پر ایکشن لیا گیا۔ سریاب روڈ، زرغون روڈ، گلوبل سینٹر اور مشرقی بائی پاس میں 2 دیگر ملک شاپس سمیت متعدد مراکز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ علاوہ ازیں اور مازہ اور قلعہ سیف اللہ میں زائد المعیاد مصنوعات کی موجودگی، صفائی کے نامناسب انتظامات، کچن میں خراب کوکنگ آئل، ناقص رنگوں کے استعمال سمیت مختلف وجوہات پر جنرل اسٹورز، ہوٹلوں اور بیکنگ یونٹس سمیت 16 مراکز پر جرمانے عائد کئے گئے۔ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد کھانے پینے کے مراکز سے برآمد شدہ زائد المعیاد ناقص مصنوعات کی بڑی کھیپ بھی ضبط کرلی۔

بقیہ 43 — امان اللہ
عوامی کے سربراہ وقائد میر اسد اللہ بلوچ اپوزیشن کے بنچوں پر بیٹھے ہیں دوسری جانب بلوچستان میں پیپلز پارٹی کے نواب میر اسد بلوچ کے تمام ترقیاتی کام روک دیئے اور بجٹ میں ٹھکو میں ان کے تمام اسکیموں کو بھی شامل نہیں کیا گیا

بقیہ 44 — محسن نقوی
نے چوہدری شجاعت کے مطالبے سے اتفاق کرتے ہوئے اسلام آباد میں تعمیر ہونے والی نئی سڑکوں کے نام شہداء سے منسوب کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا دیگر صوبوں کے وزرائے اعلیٰ سے عملدرآمد کیلئے بات کی جائے گی، چوہدری شجاعت نے کہا کام شہدائے وطن، خاندانوں کیساتھ حکومت کے اظہار یکجہتی کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، چوہدری شجاعت نے کہا دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستانی قربانیوں کی نظیر اقوام عالم میں نہیں ملتی، ہزاروں پاکستانیوں نے جام شہادت نوش کیا، ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

بقیہ 45 — مولانا واسع
امن کی فضا قائم کرنے کیلئے پوری اور موثر اقدامات کریں صوبے میں دہشتگردوں کا تسلسل سے شہریوں اور فورسز پر حملے ہمیں جمہوری پروسیس سے دور رکھنے کی گھناؤنی سازش ہے، صوبائی حکومت گورننس میں بری طرح ناکام ہوئے اور امن وامان جوان کی ذمہ داریوں میں سے اہم ذمہ داری تھی میں بری طرح ناکام ہوئے ہیں، صوبائی حکومت دہشتگردی کے واقعات میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔

بقیہ 46 — صنعت
جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں آنے والے دنوں میں مزید بحران جنم لیں گے، بلوچستان کے طلباء، سماجی و سیاسی کارکن اور قلم کار اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے اپنے سماج کو ایک بہت بڑے بحران سے بچانے کیلئے قومی نظم میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اپنے ذاتی مفاد کو قومی مفاد پر قربان کریں، اپنے ایک بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ بلوچستان کو درپیش معاشی، انتظامی اور سیاسی بدحالی کے ذمہ دار وہ پالیسی ساز ادارے ہیں جو اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی بجائے سیاست اور تجارت میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں

بقیہ 47 — کراچی ایئرپورٹ
ریمانڈ درکار ہے، خودکش حملہ آور کو سہولت فراہم کی گئی، ملزموں کا تعلق بلوچستان لبریشن آرمی سے ہے، دہشتگردوں نے ملک دشمن غیر ملکی خفیہ ایجنسی کی مدد سے دھماکا کیا، عدالت نے ملزم جاوید اور گل نسا کو 10 روزہ جسمانی ریمانڈ پر سی ٹی ڈی کے حوالے کر دیا اور آئندہ سماعت پر تفتیشی افسر سے پیشرفت رپورٹ طلب کرلی، عدالت نے محکمہ داخلہ سندھ کو ملزموں سے تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دینے کا حکم بھی دیدیا۔

بقیہ 48 — طلبا
میڈیکل اسٹوڈنٹ احمد شاہ کی درخواست پر بروری تھانے میں بلوچ اسٹوڈنٹ ایکشن کمیٹی کے 5 طلباء کے خلاف ایف آئی آر درج کرلیا۔

بقیہ 49 — کوئٹہ
کلب میں پروگرام منعقد کر کے پھر کراچی روانہ ہونگے واضح رہے کہ حسب معمول ہر سال تو گیس کی لوڈشیڈنگ میں اضافہ پریشر میں کمی تو عام ہوتے تھے لیکن اس سال بعض علاقوں میں گیس مکمل طور پر کمزور اور گھنٹوں گھنٹوں لوڈشیڈنگ ہوتی ہے حتیٰ کہ معزز عدالت نے جو عوام کے حق میں فیصلہ کیا اور لاکھوں بل ہزاروں میں لائے اس کے بعد گیس حکام نے وہی فیصلے کا بدلہ عوام سے لینے کیلئے رات گیارہ بجے سے صبح نو بجے تک مکمل گیس غائب ہوتی ہے ساتھ میں پریشر کی کمی اور دن کو لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہوتا ہے گیس حکام ہر سال ایک ایسا پروگرام کرتا ہے جس میں خرچہ زیادہ اور کارکردگی صفر لیکن ایک نشست کر کے عوام کو یہ دعویٰ کراتے ہیں کہ اس سال ہم پائپ لائن کو تبدیل کرینگے پریشر میں اضافہ کرینگے اور ساتھ میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی ختم کرینگے لیکن وہ صرف تقریب اور اخبارات کے شہ سرخیوں تک محدود ہوتے ہیں۔

بقیہ 50 — حکومت
میں فرق بھی ختم کیا جائے گا، ذرائع کے مطابق روزانہ کی بنیادوں پر درآمدی ایل این جی ڈالنے سے پائپ لائنوں میں پریشر بڑھ رہا ہے، پاور سیکٹر 600 ایم ایم سی ایف ڈی ایل این جی اٹھاتا تھا، کیپٹو پاور کی بندش سے بھی 150 ایم ایم سی ایف ڈی ایل این جی سرپلس ہوجائے گی۔

بقیہ 51 — ایجوکیشن سسٹم
کیلئے ارسال کر دی گئی ہیں تاکہ قابل اساتذہ کی بھرتی ممکن ہو سکے اور سکول وایجوکیشن میں بہتری آ سکے واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی علم دوست پالیسیوں اور عملی اقدامات کے تناظر میں صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اتنی بڑی تعداد میں آسامیاں پر کرنے کیلئے کمیشن کو احکامات صادر کئے گئے ہیں ان 475 آسامیوں میں 258 ہیڈ ماسٹرز اور 217 ہیڈ مسٹریس کی آسامیاں شامل ہیں واضح رہے کہ ان آسامیوں کو پر کرنے سے سکولز آف ایجوکیشن سسٹم میں انقلاب برپا ہوگا کیونکہ عرصہ دراز سے انتظامی عہدہ نہ ہونے کی وجہ سے صوبے کے دور دراز سکولوں کو نامساعد حالات کا سامنا کرنا ہے

بقیہ 52 — حب
میر علی حسن زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں میونسپل کارپوریشن چیئرمین حب بابو فیض محمد شیخ نے صوبائی مشیر صنعت وحرفت و ترجمان صدر مملکت برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کے ساتھ اپنے پریس کانفرنس میں پی پی پی شمولیت کا باقاعدہ اعلان کردیا اس موقع پر میونسپل کارپوریشن چیئرمین حب بابو فیض محمد شیخ نے اپنے ساتھیوں سمیت شمولیتی پریس کانفرنس میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حب ضلع وشہر کو بدلنے کے لئے اور حب شہر کی ترقی کے لئے ہم نے بہت سوچ بچار کے بعد فیصلہ کیا کہ میر علی حسن زہری جیسی شخصیت جو دل سے حب کو ترقی دینا چاہتی ہے ہم بھی ان کا ساتھ دیں اس لئے یہ فیصلہ کیا حب ضلع وشہر کو کئی دہائیوں سے اچھے لیڈر کی تلاش تھی ہم نے بہت کوشش کی کہ حب شہر کی تقدیر بدلنے میں کردار ادا کریں مگر جب لیڈر ہی نہیں ملا تھا تو مشکل تھا اب حب کے عوام کو مخلص لیڈر ملا ہے

بقیہ 53 — پی ایم سی
کو اس صورتحال کو فوری طور پر روکنا چاہیے تھا، مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ ان اداروں کی جانب سے اس معاملے میں غیر سنجیدہ رویہ اپنایا گیا اور وہ اس صورتحال میں ملوث بھی نظر آتے ہیں۔ بیان میں یہ بات بھی زور دی گئی کہ پشتون اور بلوچ اقوام پہلے ہی ریاستی جبر اور ظلم کا شکار ہیں۔ ان قوموں کے افراد اپنی شناخت، حقوق اور عزت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، مگر ان کے درمیان پیدا ہونے والے اندرونی اختلافات اور جھگڑے ریاستی طاقتوں کے مقاصد کو تقویت دیتے ہیں۔

بقیہ 54 — ممبر بلوچستان
نے فواد چودھری کو تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی، فواد چودھری نے دوران سماعت کہا 2 کیسز میں معافی مانگ چکا ہوں، پورے پاکستان میں انسداد دہشت گردی عدالتوں کے چکر کاٹ رہا ہوں، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا آپ تحریری جواب جمع کرائیں، سابق وفاقی وزیر نے کہا توہین کا معاملہ تو معافی تلافی پر ختم ہو جاتا ہے

بقیہ 55 — نور محمد دمڑ
ہرنائی وزیارت کے کارکنوں کو مسائل ہمیشہ ترجیحی بنیادوں پر حل کئے ہیں اور کر رہے ہیں کارکن ہی میرا سب سے بڑا سرمایہ ہے حلقہ انتخاب اور صوبہ میں امن وامان کے قیام کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں قوم کو دہشت گردی کے خاتمے کے لیے حکومت اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہو کر دہشت گردی کے ناسور کا صوبہ اور حلقہ انتخاب سے مکمل خاتمہ کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ ہرنائی کے موقع پر کاروان کے عہدیداروں اور سینئر اراکین وکارکنوں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کارکنوں کے مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے

بقیہ 56 — ہڑتال
کے حق میں سیکرٹریٹ کو بند اور چیف سیکرٹری آفس کے سامنے کئی دنوں سے دھرنا دے رکھا ہے، جس پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے سیکرٹریٹ قانون کے تحت کارروائی کرتے ہوئے تحقیقات مکمل کر لی اور ان کی دھرنا و مظاہرے کو غیر قانونی قرار دے کر ان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 20 کے قریب آفیسران جو سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے عہدیدار بھی ہے ان کو اپنے عہدوں سے فارغ کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ دوسری جانب سیکرٹری سٹاف ایسوسی ایشن کے ذرائع نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہمارے بندوں کو فارغ کرنے کا فیصلہ کرلیا لیکن یہ فیصلہ غیر قانونی ہے ایک طرف کیس سپریم کورٹ میں چل رہا ہے

بقیہ 57 — پی آئی اے
ایئرپورٹ پر سامان کیلئے پریشان ہوتے رہے، مسافروں کا کہنا ہے کراچی پہنچنے پر سامان کے حوالے سے بتایا گیا، جن مسافروں کا سامان جدہ میں رہ گیا ان میں زیادہ تعداد عمرہ زائرین کی ہے، جدہ ایئرپورٹ پر پرواز 2 گھنٹے تاخیر سے آئی، وزیر اعظم اور وفاقی وزیر داخلہ پی آئی اے کی نااہلی کا نوٹس لیں، دوسری جانب ترجمان پی آئی اے نے کہا بعض مسافروں کا سامان جہاز میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے سامان لوڈ نہیں کیا جا سکا، مسافروں کا سامان اگلی پرواز سے پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 58 — درخواستوں
صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں ہوا چیئرمین اصغر علی ترین، اراکین مجلس زابد علی ریکی اور فضل قادر مندوخیل، رحمت صالح بلوچ اسمبلی سیکرٹری طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری خزانہ بابر خان، ڈی جی آڈٹ شجاع علی، اے جی بلوچستان نصر اللہ جان، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری لاء سعید اقبال، ڈی جی خزانہ بلوچستان سیف اللہ مینگل، چیف اکاؤنٹس آفیسر پی ایس سی سید محمد اور لیس نے شرکت کی کمیٹی نے مالی سال 2021-22 کیلئے Appropriation اکاؤنٹس کا جائزہ لیا، جس میں خطیر رقم بجٹ میں مختص کی گئی تاہم 1400 ملین روپے بروقت استعمال نہیں ہوئے کمیٹی نے اسے ناکافی بجٹ سازی اور محکمے کی کمزوری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اتنی بڑی رقم بروقت خرچ نہ کرنا غریب عوام کے ساتھ ظلم ہے کمیٹی نے محکموں کی طرف سے ضرورت سے زیادہ فنڈ کی درخواستوں، دیر سے بجٹ Surrender اور غیر مجاز الاؤنس کے خلاف کارروائی نہ ہونے پر اعتراض اٹھایا

بقیہ 59 — قائمہ کمیٹی
دوسری جانب سیکرٹری فوڈ سیکورٹی اور ایم ڈی پاسکو نے ذیلی کمیٹی کی تجویز کی مخالفت کی کردی، ایم ڈی پاسکو نے کہا پہلے ہی انکوائری کمیٹیاں گندم سکینڈل پر کام کر رہی ہیں، چیئرمین نے کہا کہ صرف ان کمیٹیوں کے سہارے نہیں رہ سکتے، بڑا اسکینڈل ہے ذیلی کمیٹی خود تحقیقات کرے گی۔

بقیہ 60 — ڈاکٹر یاسین
کرار ادا کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ نے زمانہ طالب علمی سے ہزاروں نوجوانوں کی سیاسی تربیت کی اور ان کو قومی جدوجہد کا حصہ بناتے ہوئے شعوری بلندیوں پر پہنچا دیا بیان میں کہا گیا کہ بلوچ سیاسی تاریخ میں شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی سیاسی، علمی و ادبی اور قومی خدمات کو اولین حیثیت حاصل ہے۔ شہید نے فکر ونظریہ کی بنیاد پر سیاست کی۔ قومی وسائل پر حق حاکمیت قومی بقا عوام کی بالادستی قومی ترقی جیسے اصولوں پر جدوجہد کی۔ اور سیاسی فکر کو ہر چیز پر مقدم رکھا۔

بقیہ 61 — کوئٹہ شہر
نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں سرعام فحاشی اور عریانی کے اڈے شرمناک ہے منظم منصوبہ بندی کے تحت ہمارے نوجوانوں کی زندگیاں منشیات اور بے حیائی اور عریانی سے تباہ کیا جا رہا ہے ایک طرف بلوچستان میں منشیات کو سرعام کاشت کرنے کی اجازت مل چکی ہے اور دوسرے طرف رات کے وقت شہر کے عین وسط میں بے حیائی اور فحاشی کو فروغ دیا جا رہا ہے ہوٹلوں اور شاہراہوں پر سرعام نوجوانوں کو دعوت گناہ دے رہے ہیں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر بار بار آگاہ کرنے کی باوجود نہیں روک رہی ہے انتظامیہ کی جانب سے مجرمانہ غفلت قانونی ذمہ داریوں سے انحراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ فحاشی، عریانی، شراب نوشی اور تمام شرمناک افعال سے ہمارے اسلامی اقدار اور روایات کا جنازہ نکالنے کی کوشش ہورہی ہے آج نسل نو کی بے راہ روی کی بڑی وجہ فحاشی اور منشیات ہے انہوں نے کہا کہ حکومت فحاشی دعریانی پر خاموشی سے اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب کو دعوت نہ دے

بقیہ 62 — لیاقت علی لہڑی
اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی نے مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر لیاقت لہڑی کے جانب سے گلی پائندخان روڈ کے مختلف گلی کوچوں کے اپنی فنڈز سے تعمیر پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان گلیوں سڑکوں کے تعمیر سے ان علاقوں کے مکینوں نے سکھ کا سانس لیا ہے جو خوش آئند ہے مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ ہم نے انتخابات میں عوام سے جو وعدے کی تھیں ان شاء اللہ انہیں پوری کرنے کی کوشش کرینگے اور ہم نے تمام حلقہ انتخاب میں محدود فنڈ وسائل کی باوجود بھی حلقہ انتخاب کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کرینگے اور یقیناً کوئٹہ دار الحکومت ہونے کی باوجود بھی بہت سے مسائل درپیش ہے پھر بھی ان شاء اللہ حلقہ انتخاب کی عوام کے بلاامتیاز خدمت ہمارا پروگرام ہے

بقیہ 63 — اجلاس
بری رواں قومی معاشی مشکلات سے چھٹکارا دلانے میں معاون اور دوررس اثرات کی حامل زرعی کارکن اور ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں سے انصاف تنظیمی ربط میں رہتے ہوئے پارٹی منشور کو گھر گھر قریہ قریہ پہنچائیں ان خیالات کا اظہار باچا خان مرکز کا کاچی برمہ جیلزئی میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی صوبائی پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی ضلعی صدر ملک حنیف اچکزئی مرکزی ایڈیشنل ڈپٹی جنرل سیکرٹری جاوید کاکڑ ضلعی جنرل سیکرٹری جمال کاکڑ تحصیل دوبندی صدر نصراللہ اچکزئی تحصیل گلستان صدر منیر احمد کاکڑ تحصیل قلعہ عبداللہ صدر جہانگیر شاہ کاکڑ نے ضلعی کونسل اجلاس کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا جس کی صدارت ضلعی صدر ملک حنیف اچکزئی نے کی اجلاس میں تنظیمی پارلیمانی امور ضلع میں امن وامان سے متعلق تفصیلی غور وخوض ہوا اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ بنیادی یونٹوں تحصیل تنظیموں ضلعی مجلس عاملہ اور ضلعی کونسل کے اجلاس آئین کے مطابق منعقد کئے جائیں گے اور تنظیمی ربط کو مضبوط تر بنایا جائیگا

بقیہ 64 — بحریہ یونیورسٹی طلباء
یونیورسٹی کالج آف میڈیسن کے حالیہ افتتاح کو سراہتے ہوئے اسے ملک میں طبی تعلیم کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے انتظامیہ کی انتھک کوششوں کو سراہا جنہوں نے اس کامیابی میں اہم کردار ادا کیا اور مستقبل کے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی تشکیل میں معیاری تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف NI(M), T.Bt نے انجینئرنگ اور سوشل سائنسز میں ایسے نئے پروگرام شروع کرنے پر بحریہ یونیورسٹی کی تعریف کی جو عصری تقاضوں سے کلی طور پر ہم آہنگ ہیں اور جامع تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے یونیورسٹی کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے خصوصی مسرت کا اظہار کیا

بقیہ 65 — مولانا حافظ حمد اللہ
عظمت قرآن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی کانفرنس سے جمیعت علما اسلام کے دیگر رہنماؤں سمیت مقامی علما کرام نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ سود کے خاتمے کے حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں پیدا کی جارہی ہیں واضح رہے کہ 2028 تک ہم نے سپورٹ نہیں کیا بلکہ عدالت نے حکم دے رکھا ہے انہوں نے کہا کہ ہم حکومت کا حصہ کبھی نہیں بنیں گے اور نہ ہی مراعات لیں گے بلکہ مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر شفاف الیکشن کا اعلان کیا جائے انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم جب آئے گی تو دیکھا جائے گا اب تو حکومت 27 ویں ترمیم سے ہی نکل رہی ہے اس موقع پر ڈاکٹر ناصر کیانی، کلیم اختر ضلعی صدر مولانا صفدر جاوید، تحصیل صدر مولانا نور اللہ اور جنرل سیکرٹری مفتی آفتاب عالم، جاوید خان پیوز و دیگر موجود تھے۔

بقیہ 66 — بلوچستان
کرتے ہوئے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کا قانون ایک زبردست قانون ہے جسے ان نے خود پنجاب میں پریکٹس کیا اور عوام نے اس سے فائدہ اٹھایا وہ امید رکھتے ہیں کہ رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان کمیشن بھی ایک شفاف اور خودمختار ادارہ ہوگا تاکہ بلوچستان کے عوام کو ان کا آئینی حق مل سکے سی پی ڈی آئی (CPDI) کی موئس کا نات نے رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان کے چیدہ چیدہ پوائنٹس بتائیں اور کہا کہ کسی بھی ترقی یافتہ قوم کیلئے رائٹ ٹو انفارمیشن پر عمل درآمد کرنا لازم ہے سیمینار میں ایک پینل ڈسکشن جس میں عادل جہانگیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایڈ بلوچستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کا ادارہ پچھلے دس سالوں سے بلوچستان میں رائٹ ٹو انفارمیشن کیلئے جدوجہد کر رہی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کی ترقی کا راز صرف اور صرف شفاف انفارمیشن کمیشن کے قیام سے ہے سیمینار سے، میر بہرام بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سی پی ڈی آئی کی کاوش رائٹ ٹو انفارمیشن کے حوالے سے سارے پاکستان میں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اب یہاں پر بلوچستان میں ایک اچھے وقت پر رائٹ ٹو انفارمیشن کے حوالے سے سیمینار کرنا ایک زبردست بات ہے میں پچھلے چھ سالوں سے ایڈ بلوچستان کے پلیٹ فارم پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم سے بلوچستان میں رائٹ ٹو انفارمیشن کے حوالے سے جدوجہد کر رہا ہوں

بقیہ 67 — مولانا عبدالرحمن
محمد نورزئی، مولانا جمال الدین حقانی، میر حفیظ الملک مینگل ایڈووکیٹ، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطاء محمد شمشوزئی، مولانا نقیب اللہ ماخیل مولانا عبدالمنان، حاجی عبدالمالک کاکڑ، حاجی سعد اللہ، مولانا نذیر احمد مشوانی اور دیگر نے کہا ہے کہ سردی کی آمد کے ساتھ ہی گیس پریشر کا غائب ہوجانا صوبائی حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے، کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہے۔ ہر سال موسم سرما کا آغاز ہوتے ہی گیس مسائل بڑھ جاتے ہیں۔ مستقل بنیادوں پر حل کی بجائے کمپنی کوئٹہ کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لئے مختلف حیلوں بہانوں سے کام لے رہی ہے۔

بقیہ 68 — ہدایت الرحمن
میں صوبائی داؤد خان کاکڑ، عبدالباری بڑیچ دیگر رہنماؤں سے ملاقات کرکے باضابطہ طور پر جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 16 نومبر ہفتہ کو جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بلوچستان کی موجودہ صورتحال، بدامنی، لاقانونیت، بے حسی ودیگر درپیش سلگتے مسائل کے حل کے حوالے سے آل پارٹیز کانفرنس کا دعوت دے دیا جماعت اسلامی کے وفد میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ زاہد اختر بلوچ دیگر صوبائی وضلعی رہنما شامل تھے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، عبدالرحیم زیارت وال، داؤد خان کاکڑ نے کہا کہ سب کو متحد ہوکر بلوچستان کے مظلوم عوام کے حقوق، جان ومال کی حفاظت، سازشوں اور لوٹ مار کا راستہ روکنا ہوگا

بقیہ 69 — گرین ٹورازم
کی سہولت کی فراہمی کیلئے پلیٹ فارم مہیا کرے گا، گرین ٹورازم کے تحت شراکت داری کا فروغ اور "ہیومن ریسورس انسٹی ٹیوٹ" کا قیام زیر غور ہے، گرین ٹورازم کی بین الاقوامی اینٹس کو پاکستان لانے اور ملک کی عالمی سطح پر ساکھ کو بلند کرنے کی کوششیں ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور حکومتی مثبت اقدامات پاکستان کے سیاحتی شعبے کو نئے افق تک پہنچائیں گے۔

بقیہ 70 — رواں سال
سرور الحسن کی زیر صدارت سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے فوڈ سکیورٹی کا اجلاس ہوا، وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی حکام نے کمیٹی اراکین کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال کی نسبت رواں سال گندم کی پیداوار کم ہوگی، گزشتہ سال گندم کے بیج کی دستیابی 5 لاکھ 29 ہزار میٹرک ٹن تھی

بقیہ 71 — نیشنل پارٹی
آگاہ کرنے کا کہا پارٹی نے 8 فروری کے انتخابات سے قبل بھی واضح کیا کہ بلوچستان کے مخدوش گھمبیر مسائل کے حل کیلئے اتحاد کا فارمولا ہے کیونکہ بلوچستان میں لاپتہ افراد کا مسئلہ، بلوچ نسل کشی، وسائل کی لوٹ مار، بے روزگاری، غربت، تعلیم وصحت سمیت کئی مسائل درپیش ہیں قومی واجتماعی مفادات کی خاطر اتحاد انتہائی ضروری ہے نیشنل پارٹی نے ان امور پر اتفاق نہیں کیا 8 فروری کے دھاندلی زدہ الیکشن کے فوری بعد چار جماعتی اتحاد بنانے کے حوالے سے سردار اختر جان مینگل نے تجویز پیش کی کہ اتحاد نشستوں کے حصول کیلئے نہیں بلکہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور مستقبل کے حوالے سے ہو

بقیہ 72 — وزیر اعظم
فروغ ملے گا، وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے اس اقدام کو آگے کے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ گوادر کی تاجر برادری نے وزیر اعظم کی جانب سے اس نامزدگی کو خوش آئند قرار دیا اور اس سے مقامی باشندوں کو بااختیار بنانے کی اہمیت پر زور دیا، تاجر برادری نے وزیر بحری امور، سیکرٹری وزارت میری ٹائم افیئرز اور چیئرمین گوادر پورٹ پسند خان بلیدی کی کوششوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 73 — پی آئی اے
میں پاکستانی ایئرلائنز کی بحالی کا پلان فائنل کرلیا جسے سی اے اے حکام یورپی یونین کے سامنے رکھیں گے، پاکستانی ایئرلائنز پر یورپی ملکوں میں عائد پابندی ہٹنے کے وسیع امکانات ہیں۔

بقیہ 74 — احسن طریقے
میں انقلاب برپا کیا، ہمارے تعلیمی اداروں کو بھی بموں سے اڑایا گیا کبھی حملے کروا کے معصوم بچوں کو قتل کیا گیا تو کبھی آگ لگائی گئی۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری اطلاعات تالمیذ خان یوسفزئی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، مرکزی ایڈیشنل مالیات سیکرٹری سید لیاقت آغا، پشتونخوا ایس او کے زونل آرگنائزر سیف اللہ خان، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری واسع سدوزئی اور دیگر مقررین نے کوئٹہ سائنس کالج میں نئے طلباء کے اعزاز میں ویلکم پارٹی اور ثقافتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کی صدارت نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی تھی مقررین نے طالب علموں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر توجہ دیکر بہترین کردار کے مالک بنیں اور تعلیم کیساتھ ساتھ اپنے وطن کے جغرافیہ، تاریخ وسائل مسائل سے خود کو آشنا کرنے کیلئے غیر نصابی سیاسی مطالعہ کریں سیاست کو عبادت سمجھ کر اپنے مستقبل کو بچانے کیلئے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ طلباء کے حقوق اور بہترین تعلیمی نظام کے حصول تعلیم کو مفت لازمی اور مادری زبانوں میں کرنے کیلئے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم سے اپنی قومی وطنی اور انسانی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں مقررین نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ اقوام نے بھی اسی طرح محنت، جدوجہد اور سیاسی مبارزے کے نتیجے میں ترقی حاصل کی ہارورڈ یونیورسٹی اور دنیا کی بڑی یونیورسٹیاں سائنسدان پیدا کر رہی ہیں کنگ ہارورڈ نے اپنی بیوی کی ڈیلیوری کی وجہ سے موت کے سبب یادگار میں ایک ایسی یونیورسٹی تعمیر کی جس میں طالب علموں، ڈاکٹروں کو ڈیلیوری کے دوران شرح اموات کو زیرو فیصد پر لانے کیلئے ذمہ داریاں سونپی گئیں

بقیہ 75 — نااہل حکمرانوں
شیر جان صالح مولانا شاہ محمد میر مبارک خان محمد حسنی مولانا عبدالسلام بنگلزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کی استحصالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی صوبے میں بارڈر کی بندش، وسائل ومعدنیات سے استفادہ، سی پیک منصوبوں اور نئی صنعتوں کے قیام سے بلوچستان کو محروم رکھا ہے انہوں نے کہا کہ اس ترقی کے دور میں بلوچستان کی اکثر آبادی بنیادی سہولیات پینے کے صاف پانی، تعلیم بجلی ہسپتالوں جیسی سہولت سے محروم ہے بلوچستان کے عوام کو صرف ترقی وخوشحالی کے وعدوں سے ٹرخایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں کی استحصالی اقدامات نے بلوچستان کو مسائلستان بنادیا سوچی سمجھی منصوبے کے تحت بلوچستان کی استحصال کیا جا رہا ہے خود ساختہ بے روزگاری بنایا ہوا ہے

اسلام آباد میں تعمیر ہونیوالی نئی سڑکوں کے نام شہداء سے منسوب کرینگے، محسن نقوی

شہداء کے خاندانوں کیساتھ ہمیشہ کھڑے رہیں گے، دھماکے بہادر پاکستانی قوم کا مقدر نہیں، قوم کی حمایت سے ناسور کا خاتمہ کریں گے، محسن نقوی

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستانی قربانیوں کی نظیر اقوام عالم میں نہیں ملتی، چوہدری شجاعت، دونوں میں ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گلبرگ میں مسلم لیگ قائد اعظم کے سربراہ چوہدری شجاعت سے رہائشگاہ پر ملاقات کی، صوبائی وزیر شافع بھی موجود تھے، شجاعت نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہداء سے یکجہتی کا اظہار کیا، شجاعت نے وفاقی حکومت سے تعمیر ہونے والی تمام نئی سڑکوں کو شہداء کے نام سے منسوب کرنے کا مطالبہ کیا، وزیر داخلہ محسن نقوی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا صوبائی وزراء، ینگ لائرز فورم کے عہدیداران واراکین کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کینال کی بحالی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت کیساتھ تعلقات سدھارنے کی ضرورت، کرکٹ ٹیم کو پاکستان آکر کھیلنا چاہیے، نواز شریف

پاک امریکہ تعلقات اچھے رہنے چاہئیں، لندن میں قاضی فائز عیسیٰ کی گاڑی پر حملہ افسوسناک، ایک پارٹی نے بدتمیزی کے کلچر کی بنیاد رکھی

آپ کی قسمت میں احتجاج لکھا ہے تو اچھے طریقے سے کریں، شہباز شریف اچھے اقدامات کر رہے ہیں، مہنگائی مسلسل نیچے آ رہی ہے

لندن (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے بھارتی ٹیم کو چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کیلئے پاکستان ضرور آنا چاہیے، بھارت کیساتھ ماضی کے تعلقات سدھارنے کی ضرورت ہے، لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ جنیوا سے لندن پہنچے سب خیریت ہے، اچھی بات ہوتی بھارتی ٹیم پاکستان آکر کھیلتی، امید ہے جلد ایسا وقت آئے گا، بھارت کیساتھ ماضی میں تعلقات........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے علاقے کے لوگ اپنے مسائل کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

پلاسٹک بیگز کی خرید وفروخت، ڈیری اور مویشی فارمز پر پابندی عائد

خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے گا، کمشنر کوئٹہ کا اعلامیہ جاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن و ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایک حکمنامہ کے مطابق ضلع کوئٹہ میں پلاسٹک بیگز کی خرید وفروخت، ذخیرہ اور استعمال پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، اور ایم سی کیو کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ماحولیاتی تحفظ ایجنسی کے تعاون سے پلاسٹک بیگز ضبط کریں، دکانوں اور شاپنگ مالز کو سیل کریں اور خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے۔ حکمنامہ میں کمشنر، ایف سی، لیویز.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کریک ڈاؤن کے دوران 5 ملک شاپس سربمہر کردی گئیں

دودھ کی معمولی مقدار میں خشک پاؤڈر اور پانی کی ملاوٹ پر ایکشن لیا گیا، فوڈ اتھارٹی

کوئٹہ (خ ن) دودھ کی نام پر ملاوٹی محلول کی فروخت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے جاری کریک ڈاؤن کے دوران 5 ملک شاپس سربمہر کردی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے عتیق اللہ خان کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر کوئٹہ شہر کے مختلف مضافات، قلعہ سیف اللہ اور ماڑہ میں انسپکشن ٹیموں نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 23 کھانے پینے کے مراکز مالکان پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ پشتون آباد کے علاقے میں سیل کردہ 5 ملک .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان میں سردی کی شدت میں اضافہ، گیس پریشر غائب

رات گیارہ بجے سے صبح نو بجے تک مکمل گیس چلی جاتی ہے، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں سردی کی شدت میں اضافہ ہونے کے ساتھ گیس پریشر نے مکمل کام چھوڑ دیا گیس پریشر کی لوڈشیڈنگ اور رات گیارہ بجے سے صبح نو بجے تک غائب ہونے کے باعث عوام نے بجلی کے ہیٹرز کا استعمال شروع کردیا لیکن وہ بھی عوام کیلئے موثر ثابت نہیں ہوسکتے گیس کمپنی کی جانب سے سالانہ پروگرام منعقد کرانے کیلئے کراچی سے آفیسران پہنچ گئے ہوں اور آج گیس سے متعلق کوئٹہ پریس........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

امان اللہ سردارزادہ کوہیار خان کے حق میں دستبردار

کوئٹہ (این این آئی) پی بی 8 سبی لہڑی کی خالی نشست پر ہونے والے انتخابات میں بی این پی عوامی میر اسد بلوچ گروپ کے امیدوار امان اللہ مری پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردارزادہ کوہیار خان کے حق میں دستبردار ہوتے ہوئے دوسری جانب بی این پی.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

روبینہ خالد کی لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر سے ملاقات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام روبینہ خالد نے چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت امن کی فضا قائم کرنے کیلئے موثر اقدامات کرے، مولانا واسع

امن ہو تو ملک ترقی کرتا ہے، بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے حوصلے کمزور نہیں ہونگے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملک کی بالادستی کی بات کی ہے، ملک میں امن ہو تو ملک ترقی کرتا ہے، اس طرح بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے حوصلے کمزور نہیں ہونگے حکومت غیر معمولی حالات میں غیر معمولی اقدامات کریں تاکہ دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکیں تخریب کار عدم استحکام اور سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ملک میں انارکی پیدا کرنا چاہتے ہیں حکومت........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا درآمدی ایل این جی گھریلو صارفین کو دینے کا فیصلہ

316 ارب درکار، گردشی قرض روکنے کیلئے گیس ٹیرف میں اضافہ کیا جائے گا

روزانہ کی بنیادوں پر درآمدی ایل این جی ڈالنے سے پائپ لائنوں میں پریشر بڑھ رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بجلی کی کھپت میں کمی کے باعث پاور سیکٹر کی جانب سے درآمدی ایل این جی کی خریداری روکنے کے بعد حکومت نے گیس گھریلو صارفین کو فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا وزارت پیٹرولیم کی دستاویزات کے مطابق گھریلو صارفین کو ایل این جی فراہم کرنے کیلئے 163 ارب روپے درکار ہوں گے، گردشی قرض کو روکنے کے لئے گیس ٹیرف میں اضافہ کیا جائے گا اور درآمدی ایل این جی اور مقامی گیس کے ٹیرف .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

طلباء کے درمیان تصادم، 5 ممبران کیخلاف ایف آئی آر درج

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ اسٹوڈنٹ ایکشن کمیٹی کے ممبران اور پشتون طلباء کے مابین بولان میڈیکل کمپلیکس کوئٹہ میں تصادم ایک دوسرے پر ڈنڈوں سے حملہ آور ہوئے جس کے نتیجے میں متعدد طلباء زخمی ہوگئے زخمیوں کو بولان میڈیکل ہسپتال منتقل کردیا طلبا کا کالج کے باہر بروری روڈ پر طلبا کا احتجاج روڈ بند کردیا پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی ایئرپورٹ خودکش حملہ کیس، 2 ملزموں کا جسمانی ریمانڈ منظور، محکمہ داخلہ کو جے آئی ٹی بنانے کا حکم

دہشتگردوں نے ملک دشمن غیر ملکی خفیہ ایجنسی کی مدد سے دھماکہ کیا، ملزموں کا تعلق بلوچستان لبریشن آرمی سے ہے، تفتیشی افسر

ملزم جاوید اور گل نسا 10 روزہ جسمانی ریمانڈ پر سی ٹی ڈی کے حوالے، عدالت نے آئندہ سماعت پر پیشرفت رپورٹ طلب کرلی

کراچی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی کی منتظم عدالت نے ایئرپورٹ خودکش حملے کے مقدمے میں 2 ملزموں کو 10 روزہ جسمانی ریمانڈ پر سی ٹی ڈی کے حوالے کرتے ہوئے محکمہ داخلہ کو جے آئی ٹی تشکیل دینے کا حکم دیدیا۔ منتظم عدالت کے روبرو ایئرپورٹ خودکش حملہ کیس میں سی ٹی ڈی حکام نے گرفتار 2 ملزموں کو عدالت میں پیش کیا۔ تفتیشی افسر نے کہا ملزموں سے تفتیش اور سی آر او کیلئے جسمانی........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جعلی قیادت و پارٹیوں کی حکومت ہے، لشکری رئیسانی

طلباء، سماجی و سیاسی کارکن اور قلم کار اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں، سربراہ بلوچستان پیس فورم

بلوچستان کو آئینی حقوق دیئے جاتے تو آج صوبے میں اتنی بدحالی، پسماندگی نہ ہوتی، سابق سینیٹر

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان پیس فورم کے سربراہ سینیٹر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جعلی قیادت اور پارٹیوں کی حکومت ہے، صوبے میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کی ذمہ دار اس قیادت اور پارٹیوں کو ایجاد کرنے والے ہیں مزید الزام تراشیاں اور بہانے نہیں چلیں گے، صوبے میں خوش آمد پسندی کی صنعت کو پروان چڑھا کر پرانے خوش آمد پسندوں کو استعمال کرکے نئے چہرے........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

رواں سال 2900 نئی آسامیاں تخلیق، 7000 غیر ضروری پوسٹیں ختم کی گئیں، سیکرٹری خزانہ کی پی اے سی کو بریفنگ

اجلاس میں 22-2021 کیلئے Appropriation اکاؤنٹس کا جائزہ 1400 ملین بروقت استعمال نہ ہونا محکمے کی کمزوری ہے، اصغر علی ترین

چیئرمین کمیٹی نے اکاؤنٹس گرانٹ ان ایڈ کوویڈ-19 کے دوران تعلیمی ادارے بند ہونے کے باوجود مختلف مدات میں بجٹ مہیا کرنے پر وضاحت طلب کرلی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ خزانہ بلوچستان نے رواں مالی سال میں 2900 نئی آسامیاں تخلیق جبکہ 7000 غیر ضروری آسامیاں ختم اور ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے یہ بات سیکرٹری خزانہ بلوچستان بابر خان نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں اراکین کو بریفنگ دیتے ہوئے بتائی، منگل کو محکمہ خزانہ کے ساتھ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کا اجلاس بلوچستان .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون سیف اللہ شنگرکی جنگلات کی زمین کو قبضہ مافیاسے واگزار کرا رہی ہیں

چیئرمین پی اے سی کمیٹی اصغر علی ترین سے سیکرٹری خزانہ بابر خان ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کی کاوشیں جاری، محکمہ تعلیم میں 475 خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے احکامات جاری

خالی پوسٹوں پر بھرتی ہونیوالے 258 ہیڈ ماسٹرز 217 ہیڈ مسٹریس شامل، تاریخ میں پہلی مرتبہ اتنی بڑی تعداد میں آسامیاں پر کرنے کیلئے کمیشن کو احکامات صادر

ان آسامیوں کو پر کرنے سے ایجوکیشن سسٹم میں انقلاب برپا ہوگا، اہل بلوچستان نے سرفراز بگٹی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی اور صوبائی سیکرٹری سکول ایجوکیشن صالح محمد ناصر کی سربراہی میں محکمہ سکول میں اصلاحات جاری ہیں محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے 475 انتہائی خالی آسامیاں برائے ہیڈ ماسٹر اور ہیڈ مسٹریس تخلیق کی گئی ہیں اور انکو جلد از جلد بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو صاف اور شفاف انداز میں بھرتی کرنے.......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کاروان کا ہر کارکن میر دست و بازو ہے، نور محمد دمڑ

ان کے مسائل حل کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کاروان کا ہر کارکن میر دست و بازو ہے حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت قربانیاں دینے والے کارکنوں کے قربانیوں کو نظر انداز نہیں کرینگے کارکن کاروان میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے مسائل حل کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہیں دونوں اضلاع .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول کا سموگ سے پریشان شہریوں کو کراچی منتقل ہونے کا مشورہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ملک کے دیگر شہروں میں سموگ سے پریشان شہریوں کو کراچی منتقل ہونے کا مشورہ دے دیا، بلاول بھٹو زرداری نے ایکس پر جاری بیان میں پنجاب و خیبر پختونخوا کے شہروں میں آلودگی کی تفصیل بھی شیئر کی

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیف الیکشن کمشنر پاکستان شیخ احمد صدیقی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پی آئی اے پرواز جدہ ایئرپورٹ پر مسافروں کا سامان چھوڑ کر کراچی پہنچ گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) باکمال ایئر لائن کا لاجواب کارنامہ، قومی ایئر لائن پی آئی اے کا دوسرے ایئرپورٹ پر مسافروں کا سامان چھوڑ کر آنا معمول بن گیا، پرواز پی کے 732 مسافروں کا سامان جدہ ایئرپورٹ پر چھوڑ آئی، 60 سے زائد مسافر کراچی......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ہڑتال اور دھرنے پر 20 افسران کو ملازمتوں سے فارغ کرنے کا فیصلہ

حکومت انتقامی کارروائی پر اتر آئی ہے، سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کا موقف

کوئٹہ (اے این این) صوبائی حکومت کی ہدایت پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہڑتال اور دھرنے پر 20 کے قریب افسران کو اپنے ملازمتوں سے فارغ کرنے کا فیصلہ کرلیا، انتہائی اہم ذرائع نے اے این این کو بتایا کہ گزشتہ ایک مہینے قبل بلوچستان سول سیکرٹریٹ افسرز ایسوسی ایشن نے اپنے مطالبات .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی سینٹ نے گندم درآمد سکینڈل کی انکوائری کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ کی قائمہ کمیٹی فوڈ سیکورٹی نے گندم درآمد سکینڈل کی انکوائری کا فیصلہ کرلیا، قائمہ کمیٹی نے تحقیقات کیلئے ایمل ولی خان کی سربراہی میں ذیلی کمیٹی تشکیل دے دی، تحقیقات کیلئے بنائی گئی کمیٹی کے ٹی او آرز بھی طے کیے جائیں گے .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

توہین الیکشن کمیشن کیس، فواد چوہدری نے ایک بار پھر معافی مانگ لی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے توہین الیکشن کمیشن کے تیسرے کیس میں بھی معافی مانگ لی، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس پر سماعت کی، فواد چوہدری الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے دوران سماعت فواد چوہدری نے توہین الیکشن کمیشن کے تیسرے کیس میں بھی معافی مانگ لی، الیکشن کمیشن .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

شہید ڈاکٹر یاسین نے فکر و نظریہ کی بنیاد پر سیاست کی، نیشنل پارٹی

شہید کی سیاسی، علمی و ادبی اور قومی خدمات کو اولین حیثیت حاصل ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نیشنل پارٹی کے بانی رہنما و سابق سیکرٹری جنرل شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی کے موقع پر جاری بیان میں شہید کو قومی سیاسی جدوجہد و خدمات کو تاریخی و زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ جہد مسلسل کی عملی علامت اور تربیت کا فکری ادارہ تھے۔ ان کو تنظیمی معاملات میں مکمل عبور حاصل تھا انہوں نے نیشنل پارٹی کی مضبوط و منظم تنظیم میں بنیادی .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر میں فحاشی اور عریانی کے اڈے ہونا شرمناک، قاری مہر اللہ

آج نسل نو کی بے راہ روی کی بڑی وجہ فحاشی اور منشیات ہے، رہنما جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، شیخ الحدیث مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا آغا ابراہیم شاہ، مولانا خدائے نظر، شیخ الحدیث مولانا سراج الدین .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

حب شہر کی تقدیر بدلنے میں کردار ادا کر رہے ہیں، میر علی حسن زہری

بابو فیقی سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ پیپلز پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم

حب (آن لائن) حب میونسپل کارپوریشن چیئرمین بابو فیقی محمد شیخ اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ صوبائی مشیر صنعت و حرفت میر علی حسن زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حب میونسپل کارپوریشن چیئرمین بابو فیقی محمد شیخ نے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ بھوتانی گروپ باپ پارٹی کو خیرباد کہہ کر صوبائی مشیر صنعت و حرفت .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی بلاامتیاز خدمت ہمارا مشن ہے، لیاقت علی لہڑی

حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کام شروع کردیا، مشیر ایس اینڈ جی اے ڈی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشیر ایس اینڈ جی اے ڈی وزیراعلیٰ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ ہم نے اپنے حلقہ انتخاب میں بلاتفریق تمام علاقوں میں ترقیاتی کام شروع کردیا ہے اور ان شاء اللہ عوام کی بلاامتیاز خدمت ہمارا مشن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی کانگریس میں سربراہ انڈیا کاکس ٹرمپ کے مشیر سلامتی نامزد

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فلوریڈا کے نمائندے اور انڈیا کاکس کے سربراہ مائیکل والٹز کو اپنے قومی سلامتی کا مشیر کے منتخب کرلیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹ میں کاکس غیر ملکی گروپ ہوتا ہے جو مشترکہ مفادات یا مقاصد پر بات چیت اور قانون سازی کے لیے مل کر کام کرتا ہے

میزئی اڈہ: اے این پی کے زیر اہتمام ضلعی کونسل اجلاس سے صوبائی صدر اصغر اچکزئی، پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک اچکزئی، ضلعی صدر ملک حنیف اچکزئی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

بی ایم سی میں پشتون اور بلوچ طلبا کے درمیان جھگڑوں پر تشویش

مقصد دونوں قوموں کے درمیان دوریاں پیدا کرنا ہے، این ڈی ایم

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ نے اپنے ایک اخباری بیان میں بولان میڈیکل کالج میں پشتون اور بلوچ طلبا کے درمیان ہونے والے حالیہ جھگڑوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ واقعہ نہ صرف ایک تعلیمی ادارے میں امن وسکون کی حالت کو متاثر کرتا ہے بلکہ اس سے دونوں قوموں کے درمیان موجودہ تناؤ میں بھی مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ نے الزام عائد کیا کہ کالج کی انتظامیہ اور سیکورٹی اہلکاروں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، سی پی ڈی آئی

وفاق میں رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون پر پریکٹس جاری جس سے ہمیں عوام میں پذیرائی مل رہی ہے، شعیب احمد صادق

امید ہے رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان کمیشن بھی ایک شفاف اور خودمختار ادارہ ہوگا، محبوب قادر شاہ، قادر نائل و دیگر مقررین کا سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سی پی ڈی آئی (CPDI) کے تعاون سے رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان ایکٹ کے عمل درآمد کے حوالے سے ایک سیمینار منعقد کیا گیا سیمینار میں فیڈرل سمیت باقی صوبوں کے انفارمیشن کمشنرز نے شرکت کی سیمینار سے شعیب احمد صادق فیڈرل انفارمیشن کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاق میں رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون پر پریکٹس جاری ہے جس سے ہمیں عوام میں پذیرائی مل رہی ہے انہوں نے سیمینار کو خوش آئند قرار دیا، سیمینار سے پنجاب کے انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے خطاب .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بحریہ یونیورسٹی طلباء کو معیاری تعلیم فراہم کر رہی ہے، نوید اشرف

بین الاقوامی طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے، چیف آف دی نیول

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف NI(M), T.Bt نے بطور پرو چانسلر/ چیئرمین بورڈ آف گورنرز بحریہ یونیورسٹی ہیڈ آفس اسلام آباد میں 52 ویں (BOG) اجلاس کی صدارت کی۔ بورڈ آف گورنرز (BOG) کا اجلاس یونیورسٹی کی اہم سرگرمیوں اور ترقیاتی پروگراموں کے بارے میں ایک جامع بریفنگ کے ساتھ شروع ہوا۔ ملاقات کے دوران چیف آف نیول اسٹاف نے اسلام آباد میں بحریہ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

وطن سے زئی وخیلی کی بنیاد پر نفرتوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، اے این پی

پشتونخوا وطن انتہائی نازک صورتحال سے دوچار، وسائل پر دسترس نہ ہونے کے باعث یہاں پر روزگار ناپید ہے، اصغر خان اچکزئی

اغیار کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے پشتون اولس بحیثیت مجموعی فکر باچاخان سے اپنا ناطہ جوڑ لے، باچاخان مرکز پر علیزئی میں ضلعی کونسل اجلاس سے خطاب

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ وطن سے زئی وخیلی کی بنیاد پر نفرتوں کا خاتمہ پشتون ولی کے فروغ ترقی اور خوشحالی امن کا قیام اولین ترجیحات ہیں گو کہ یہاں پر بہت ساری قوتوں نے عداوتوں و نفرتوں کو دوام دیا لیکن باچاخان کی امن جماعت کے مقابلے میں پروردہ کی شہ پر بہت ساری ابن الوقت ٹولیاں تو تشکیل دی گئیں لیکن وہ پشتون قومی تحریک کے تسلسل عوامی نیشنل پارٹی کا نعم البدل ثابت نہ ہوسکیں یکم نومبر کو عوامی نیشنل پارٹی شہداء کی یاد میں جماعت نے 22 نومبر کو شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی کی .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت ریاستی معاملات میں با اختیار نہیں، مولانا حافظ حمد اللہ

عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے حکمرانوں کو اقتدار کی فکر ہے، سابق سینیٹر

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ حکومت ریاستی معاملات میں با اختیار نہیں اختیارات کی ڈور دوسری قوت کے ہاتھ میں ہیں عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے حکمرانوں کو اقتدار کی بچاؤ کی فکر پڑی ہے موجودہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے ان سے خیر کی توقع عبث ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلع خانیوال میں منعقدہ عظیم الشان .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران محکمے کے افسران اور سیکشن انچارجز کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

گیس لوڈشیڈنگ عوام کیلئے وبال جان بن چکی، مولانا عبدالرحمن

سردی کی آمد کے ساتھ گیس پریشر کا غائب ہوجانا صوبائی حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے

گیس پریشر میں کمی صرف موسم سرما میں نہیں بلکہ سال بھر کا سنگین مسئلہ بن چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ الحاج مولانا عبدالبصیر شیخ مولانا عبداللہ محمد حسنی مولانا محمد ایوب حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سالار مولانا سید سعد اللہ آغا، مولانا حافظ سردار......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے گوادر چیمبر آف کامرس کے صدر کی نامزدگی کی منظوری دے دی

مقصد مقامی لوگوں کو گوادر پورٹ کی ترقی اور انتظام میں شامل کرنا ہے، قیصر احمد شیخ

گوادر (آن لائن) وزیراعظم پاکستان نے گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) بورڈ کے لیے گوادر چیمبر آف کامرس کے صدر کی نامزدگی کی منظوری دے دی، یہ فیصلہ گوادر پورٹ کے چیئرمین پسند خان بلیدی کی کوششوں سے، وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ اور سیکرٹری میری ٹائم افیئرز ظفر علی شاہ کی تعاون سے ممکن ہوا، اس اقدام کا مقصد مقامی لوگوں کو گوادر پورٹ کی ترقی اور انتظام میں شامل کرنا ہے، جس سے علاقے میں اقتصادی ترقی اور خوشحالی کو .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

رواں برس گندم کی پیداوار کم ہوگی، وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت غذائی تحفظ نے کہا ہے کہ گزشتہ برس کی نسبت رواں سال گندم کی پیداوار کم ہوگی، مارچ میں فیصلہ ہوگا گندم برآمد کی جائے یا نہیں......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت داخلہ نے تھری اور 16 ایم پی او قوانین پر ترمیمی بل کی مخالفت کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس میں وزارت داخلہ نے تھری اور 16 ایم پی او قوانین سے متعلق ترمیمی بل کی مخالفت کردی، صاحبزادہ صبغت نے کہا ایسے بل کی قائد اعظم نے بھی انگریزوں کے دور میں مخالفت کی، پی پی رکن اسمبلی عبدالقادر پٹیل نے کہا ایسے قوانین چاروں صوبوں سے ختم کیے جائیں

آل پارٹیز کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے سلگتے مسائل کو اجاگر اور حل کرنے کیلئے مخلصانہ جدوجہد کرنا ہوگی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں جماعت اسلامی کے نمائندہ وفد نے پشتونخوا میپ کے دفتر جاکر پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی جنرل سیکرٹری عبدالکبیر افغان، کل ملکی، حفیظ اللہ ترین، ملک عمر خان کاکڑ بصورت خان کاکڑ و دیگر رہنماؤں، پشتونخوا میپ کے دفتر میں قادر آغا، خوشحال خان کاکڑ و دیگر رہنماؤں اور پی ٹی آئی کے دفتر .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی بلوچستان کے ایشوز پر ساتھ چلنے کو تیار نہیں، بی این پی

صوبے کو لاپتہ افراد، بلوچ نسل کشی، بیروزگاری، غربت، تعلیم، صحت سمیت کئی مسائل کا سامنا، قومی و اجتماعی مفادات کی خاطر اتحاد ضروری ہے

نیشنل پارٹی نے موجودہ حکمران جو فارم 47 کے ذریعے آئے انہیں قبول کیا اب کہا جا رہا ہے کہ ہم ایک دوسرے کیلئے اتحاد کریں جو کسی صورت درست نہیں

بی این پی کے سامنے زبان کی اہمیت وحیثیت ہے پی بی 44 کے ضمنی انتخابات پر نیشنل پارٹی سے اتحاد نہ کرنا ہی بہتر ہے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ مرکزی قائمقام صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ سے گزشتہ روز نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر مالک بلوچ کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی ملاقات میں نیشنل پارٹی کی قیادت نے پی بی 44 کے ضمنی انتخابات میں اتحاد سے متعلق گفت وشنید کی جس پر پارٹی کے قائمقام صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے پارٹی قیادت سے مشورہ کے بعد........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سندھ نے سٹیل مل بحال کرانے کیلئے روس سے مدد طلب کرلی

روس کیساتھ صحت، تعلیم اور ثقافت پر تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں، مراد علی شاہ

اگلے ہفتے روس، پاکستان کے ماہرین آن لائن سٹیل مل کی بحالی پر تبادلہ خیال کرینگے، سفیر

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے سٹیل مل کو بطور منافع بخش ادارہ بحال کرنے کیلئے روس سے مدد طلب کرلی، وزیراعلیٰ سے روس کے سفیر البرٹ خوریف نے کراچی میں ملاقات کی، ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ سندھ نے کہا روسی قونصل جنرل کے اچھی کوآرڈینیشن ہے، روس سے تعلقات بہتر سے بہتر اور مستحکم ہو رہے ہیں، روس کیساتھ صحت، تعلیم اور ثقافت پر تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں، شہید ذوالفقار بھٹو کے دور میں روس نے کراچی میں سٹیل مل لگائی تھی

سموگ، پنجاب حکومت نے نومبر تا جنوری شادیوں پر پابندی کی تجویز دیدی

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے سموگ تدارک کیلئے تیار کردہ پالیسی لاہور ہائی کورٹ کے سامنے پیش کردی، ایڈووکیٹ جنرل نے کہا اگلے سال لوگوں کو کہیں گے شادیاں اکتوبر میں کرلیں، نومبر، دسمبر، جنوری میں نہ کریں، سموگ تدارک کیلئے پالیسی تیار کرلی، پہلی بار بجٹ بھی مختص کیا، عدالت نے ریمارکس دیئے حکومت نے سابق حکومتوں سے زیادہ اچھے کام کیے ہیں

گرین ٹورازم پاکستان میں سیاحت کے فروغ دینے کیلئے کوشاں

گرین ٹورازم آن لائن بکنگ، گائیڈز اور رہائش کی سہولت کی فراہمی کیلئے پلیٹ فارم مہیا کرے گا

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور حکومتی مثبت اقدامات سیاحتی شعبے کو نئے افق تک پہنچانے لگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تحت گرین ٹورازم پاکستان میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے، مقصد پاکستانی سیاحت کو عالمی سطح پر پرکشش بنانا ہے۔ گرین پاکستان کا مقصد کھیلوں و ایونٹس کے ذریعے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو اجاگر کرنا ہے، پاکستان کی سیاحت کی نمائندگی مذہبی سیاحت، کوہ پیمائی اور ورثے کی جگہوں میں ہے، گرین ٹورازم سیاحوں کو فون پر بکنگ، گائیڈز اور رہائش........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر، گرین ٹورازم کا 30 سے زائد حکومتی اداروں کیساتھ تعاون جاری ہے،

کوئٹہ: امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ وفد کے ہمراہ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر احمد محمد شہی، صوبائی صدر اسلم بلوچ کو جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 16 نومبر کی اے پی سی کی دعوت دے رہے ہیں

پی آئی اے سمیت پاکستانی ایئر لائنز کی یورپی ممالک میں بحالی کا امکان

یورپی ایئر سیفٹی کمیٹی کا اہم ترین اجلاس آئندہ ہفتے 19 نومبر کو برسلز میں شروع ہوگا، ذرائع

کراچی (بیورو رپورٹ) یورپی ممالک میں پی آئی اے سمیت تمام پاکستانی ایئر لائنز کی بحالی کیلئے نادر موقع سول ایوی ایشن کے ہاتھ آگیا، ذرائع کے مطابق یورپی ایئر سیفٹی کمیٹی کا اہم ترین اجلاس آئندہ ہفتے 19 نومبر کو برسلز میں شروع ہوگا، اجلاس میں یورپی یونین ایوی ایشن ایجنسی (ایاسا) سمیت یورپی ملکوں کے تمام ایوی ایشن ممبران کے علاوہ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کا وفد بھی شریک ہوگا، پاکستان سول ایوی ایشن حکام نے یورپی ملکوں .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ سے علاقے کے معتبرین ملاقات کر رہے ہیں

وفاق نے بلوچستان کے استحصال و پسماندگی میں کوئی کسر نہ چھوڑی، جمعیت نظریاتی

بارڈر کی بندش، وسائل و معدنیات سے استفادہ، سی پیک منصوبوں اور نئی صنعتوں کے قیام سے بلوچستان محروم ہے، مولانا عبدالقادر لونی

بلوچستان کے عوام کو صرف ترقی وخوشحالی کے وعدوں سے ٹرخایا جارہا ہے نااہل حکمرانوں کے منفی اقدامات نے صوبے کو مسائلستان بنادیا، مولانا عبدالاحد کبدانی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی عبدالرحمن رحمت اللہ حقانی ڈپٹی سیکرٹری......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے رہنما رکن قومی اسمبلی حاجی ملک شاہ گورگیج کی الیکشن ٹربیونل سے کامیابی کے بعد پارٹی کے جیالے کیک کاٹ رہے ہیں

وسائل سے مالا مال پشتون وطن کے نوجوان دیار غیر میں محنت مزدوری پر مجبور ہیں، پشتونخوا میپ

ہمارے تعلیمی اداروں کو کبھی بموں سے اڑایا گیا تو کبھی حملے کروا کے معصوم بچوں کو قتل کیا گیا، نواب ایاز جوگیزئی

طلباء تعلیم پر توجہ دیکر بہترین کردار کے مالک بنیں اور اپنے وطن کے جغرافیہ وسائل ومسائل سے خود کو آشنا کریں، سائنس کالج میں ویلکم پارٹی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا وطن کے تعلیمی نظام کو ایک سازش کے تحت تباہی و بربادی کی جانب دھکیلا گیا، وسائل سے بھرپور وطن کے ہوتے ہوئے نوجوان دیار غیر میں محنت مزدوری کیلئے مجبور ہیں، بدترین تعلیمی پسماندگی اور محرومی کی حالت میں تعلیم یافتہ نوجوانوں پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں سیاست سنجیدگی سے کرنی ہوگی، دنیا نے اپنے بچوں کیلئے اعلیٰ تعلیم وتربیت اور خوراک کا بندوبست کرکے ٹیکنالوجی کے میدان .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر